TEACHING GUIDE

Cassandra Fernandez

Complimentary Copy—Not For Sale

Nursery

# We Learn English




OXFORD
UNIVERSITY PRESS

Title verso

# Contents


Page

Introduction .......... iv

Unit 1 Aa, Bb .......... 2

Unit 2 Cc, Dd .......... 10

Unit 3 Ee, Ff .......... 16

Unit 4 Gg, Hh .......... 26

Unit 5 Ii, Jj .......... 34

Unit 6 Kk, Ll .......... 44

Unit 7 Mm, Nn .......... 50

Unit 8 Oo, Pp .......... 58

Unit 9 Qq, Rr .......... 66

Unit 10 Ss, Tt .......... 74

Unit 11 Uu, Vv .......... 80

Unit 12 Ww, Xx .......... 86

Unit 13 Yy, Zz .......... 92

Unit 14 A or an .......... 100

Appendix .......... 104

# Introduction

Teaching Guides have been designed to support teachers using *We Learn English* Workbooks Pre-Nursery, Nursery and Kindergarten, and Textbooks 1–8. The primary objective of these guides is to assist teachers in planning their lessons in a way which allows them to achieve their learning objectives in a fun and interactive classroom environment. Each guide contains individual teaching sessions, offering a wide variety of approaches to learning and teaching.

**The Teaching Guide offers:**

- Objectives and Learning Outcomes

  These help both teachers and students focus at imparting and acquiring the concepts and skills being taught.

- Teaching methodology

  Lesson plans are explained in an easy manner. They aim at providing students with ample opportunities to interact with the language meaningfully in order to achieve the learning outcomes. Teacher demonstrations along with shared reading and learning are a prominent feature. A wide variety of whole class, group, pair, and individual tasks are also set which involve reading, writing, speaking, and listening actively.

- Extended activities

  Picture flashcards, vocabulary cards, stories, songs, role plays, puzzles, and question and answer sessions cater to a wide variety of learning styles. Children practice skills and concepts in ways which make learning fun and interactive.

A wide range of abilities, interests, and motivation exist in the average classroom. It is not realistic or practical, therefore, to stick rigidly to any lesson plan or activity outlined within. All the suggestions in this guide, therefore, allow flexibility and may be adapted depending on the individual classroom situation.

# تعارف

یہ رہنمائے اساتذہ وی لرن انگلش (We Learn English) کی عملی کتب برائے پری نرسری تا کنڈر گارٹن اور پہلی تا آٹھویں جماعت کی درسی کتابوں کو پڑھانے میں اساتذہ کو معاونت فراہم کرنے کے لیے تیار کی گئی ہے۔ اس رہنمائے اساتذہ کا بنیادی مقصد اساتذہ کی تدریس کے لیے ایسا لائحہ عمل اپنانے میں مدد کرنا ہے جس کے ذریعے وہ کلاس روم کے ماحول کو بوجھل بنائے بغیر بچّوں سے ہلکی پھلکی بات چیت کر کے سبق کے اہداف حاصل کر سکیں۔ اس رہنمائے اساتذہ میں تدریس کے انفرادی طریقے بھی بتائے گئے ہیں اس کے علاوہ اساتذہ کے لیے درس و تدریس کے مختلف طریق کار بھی پیش کیے گئے ہیں۔

## رہنمائے اساتذہ میں شامل ہیں:

- مقاصد اور نتائج

یہ رہنمائے اساتذہ ان تصورات اور مہارتوں پر توجہ مرکوز رکھنے میں اساتذہ اور طلبا دونوں کی مدد کرے گی جو سکھائے اور سیکھے جا رہے ہیں۔

- سبق پڑھانے کا مجوزہ طریقۂ کار

اساتذہ کو اسباق پڑھانے کے طریقوں کی آسان انداز میں وضاحت کی گئی ہے۔ ان کا مقصد طلبا کو ایسے مواقع فراہم کرنا ہے کہ وہ زبان کو بامعنی طریقے سے استعمال کر سکیں تاکہ تدریس کے بھر پور نتائج حاصل ہو سکیں۔ اسباق پڑھانے کے مجوزہ طریقوں کی نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ اساتذہ نہ صرف بچّوں کے سامنے عملی مظاہرہ کریں گے بلکہ وہ بچّوں کی ایک ساتھ مل کر بلند آواز میں پڑھنے یا بلند خوانی کرنے اور مل کر سیکھنے کی حوصلہ افزائی کریں گے۔ اس کے علاوہ طلبا کو جماعت، گروہ یا ٹولی، جوڑی یا انفرادی سطح پر پڑھنے، لکھنے، بولنے، اور سننے جیسی سرگرمیوں میں حصّہ لینا ہوگا۔

- توسیعی سرگرمیاں

تصویری فلیش کارڈز، ذخیرۂ الفاظ کے کارڈز، کہانیاں، گیت، اداکاری، معمّے اور سوال جواب کی نشست، سیکھنے کے عمل میں وسیع تنوع پیدا کرتے ہیں۔ بچّے سکھائی جانے والی انگریزی کی استعداد اور مختلف چیزوں کے بارے میں پیش کیے جانے والے تصورات اور ان پر ہونے والی بات چیت کے دوران مزے مزے میں بہت سی باتیں سیکھتے ہیں۔

ایک عام کلاس روم میں مختلف صلاحیتوں، دلچسپیوں اور ترغیبات کے حامل طلبا موجود ہوتے ہیں۔ اس لیے کسی سبق کو پڑھانے کے لیے اس میں دی گئی کسی سرگرمی پر سختی سے کاربند رہنا حقیقت پسندانہ یا عملی سوچ نہیں ہے چنانچہ اس رہنمائے اساتذہ میں جو تجاویز دی گئی ہیں، ان پر سختی سے عمل کرنے کے بجائے ان میں کمرۂ جماعت کی صورتحال کے مطابق ردّوبدل کی گنجائش موجود ہے۔

# Unit 1 Aa, Bb

## LESSON 1

### OBJECTIVES

- Recognize, read, and write the letter Aa
- Use vocabulary related to this letter
- Recite poem with actions

### LEARNING OUTCOMES

By the end of this lesson, students should be able to:

- recognize, read, and write small and capital letter Aa.
- recite poem with actions.

### RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Welcome song (Appendix 1a)
- Aa – Zz Chart (Appendix 1b)
- The Alphabet Song to be written on flip chart (Appendix 1c)
- Alphabet chart (Appendix A)
- Brown paper bags labeled with the letter A, and filled with items such as pictures of apples, alligators, ants, etc. and name labels e.g. Aisha and Ahmed
- Flash card letters Aa-Zz(Appendix B)
- Sand trays

### METHOD

### PREPARATION

- Prior to the class, display the alphabet chart on the soft board (Appendix A).
- Prepare name-cards 3x3 inches, and write the name of each student on each card.

### LISTENING AND SPEAKING - INTRODUCTION

- Begin the class by welcoming children by singing the 'Welcome Song' (Appendix 1a). Greet each child by calling out their name and handing them their name-card. You can help the children to place their name-card under the respective letter with which their name begins. For example, Ayesha begins with A so her name-card should be placed under the letter A, Bushra under the letter B, and so on. Repeat until all the students have placed their name-cards under the correct letter.
- Next, display the 'Alphabet Song' (Appendix 1c) on the soft board. Give each student a letter of the alphabet (Aa-Zz) (Appendix B).
- While the alphabet song is being sung, ask each of the students with the respective letter to come up in front and line up, as the letters are introduced. Ask them to hold up each letter, so that the students can recognize which letter is being called out. This will help as a reminder. Repeat the song if you like.

# باب 1 Aa, Bb

## سبق 1

### مقاصد

- حرف Aa کی پہچان کرنا، پڑھنا اور لکھنا
- اس حرف سے متعلق ذخیرۂ الفاظ کا استعمال کرنا
- اشاروں کے ساتھ نظم پڑھنا

### آموزش کے نتائج

اس سبق کے اختتام تک طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہیے کہ:

- بڑے A اور چھوٹے a کی پہچان کر سکیں، لکھ اور پڑھ سکیں۔
- اشاروں کے ساتھ نظم پڑھ سکیں۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- استقبالیہ گیت (ضمیمہ 1a)
- Aa – Zz چارٹ (ضمیمہ 1b)
- حروف تہجی کا گیت، جو فلپ چارٹ پر لکھا جائے گا (ضمیمہ 1c)
- حروف تہجی کا چارٹ (ضمیمہ A)
- خاکی رنگ کے کاغذی لفافے یا تھیلے، جن پر حرف A درج ہو اور جن کے اندر اس حرف سے شروع ہونے والی اشیا مثلاً ants ، alligators ، apples وغیرہ کی تصاویر اور اسی حرف سے شروع ہونے والے ناموں مثلاً Aisha اور Ahmed وغیرہ پر مشتمل کاغذ یا کارڈ وغیرہ ہوں۔
- حروف تہجی Aa تا Zz کے حامل فلیش کارڈ (ضمیمہ B)
- ریت سے بھری ہوئی ٹرے

### طریقۂ کار

#### تیاری

- کلاس کے آغاز سے پہلے حروف تہجی کا چارٹ سوفٹ بورڈ پر نمایاں کر کے لگا دیجیے۔ (ضمیمہ A)
- 3 x 3 انچ کے کارڈ بنائیے اور ہر کارڈ پر ایک ایک طالب علم کا نام لکھ دیجیے۔

#### سُننا اور بولنا ۔ تعارف

- کلاس کا آغاز Welcome Song (استقبالیہ گیت) گا کر طلبا کو خوش آمدید کہتے ہوئے کیجیے۔ (ضمیمہ 1a) ہر طالب علم کو اس کا نام پُکار کر اور اس کے نام والا کارڈ دے کر خوش آمدید کہیے۔ طلبا کے نام والے کارڈ متعلقہ حرف تہجی جس سے ان کا نام شروع ہوتا ہے، کے نیچے رکھنے میں آپ ان کی مدد کر سکتی ہیں۔ مثال کے طور پر Ayesha، A سے شروع ہوتا ہے تو اس کے نام والا کارڈ حرف A کے نیچے رکھا جائے گا، Bushra کا کارڈ حرف B کے نیچے رکھا جائے گا وغیرہ وغیرہ۔ یہ عمل اس وقت تک دہراتی رہیے جب تک تمام طالب علم اپنے کارڈ درست حرف تہجی کے نیچے نہ رکھ لیں۔
- اس کے بعد سوفٹ بورڈ پر Alphabet Song (ضمیمہ 1c) نمایاں کر کے لگا دیجیے۔ ہر طالب علم کو حروفِ تہجی (Aa-Zz) میں سے ایک ایک حرف دے دیجیے۔
- جب حروف تہجی کا گیت گایا جا رہا ہو تو زیرِ تذکرہ حرف والے ہر طالب علم سے کہیے کہ سامنے آتے جائیں اور قطار بناتے جائیں۔ انھیں ہدایت کیجیے کہ ہر حرف کو سَر سے بلند رکھیں تا کہ طلبا پہچان سکیں کہ کون سا حرف پُکارا جا رہا ہے۔ اس سے انھیں حروف کو ذہن نشین کرنے میں مدد ملے گی۔ آپ کو مناسب لگے تو گیت دوبارہ گایا جا سکتا ہے۔

### Letter bags - Introducing the capital and small letter Aa (Page 1)

Note: You do not want to rush with all the letters at this stage, as you need to just familiarize them and have them move from one letter to another with plenty of practice. Therefore, here you will introduce only the name and sound of letter Aa.

- Using the flash card of the letter A, ask students to name a few things they know that begin with the letter a. Write students' responses on the board or flip chart.
- Invite students whose name begins with the letter A to come to the front of the class. Next, tell them that all given names begin with a capital letter and the other items begin with small letter.
- After introducing the letter A, divide students into groups of 4 or 5. Give each student a brown paper bag with the letter A printed on it. Prior to the class, you need to place inside each of the bags pictures of items that begin with letter A. For example, the letter bag can include pictures of apple, alligator, ant, airplane, anchor, acorn, arrow, axe, etc. and labels of names such as Aisha (girl) and Ahmed (boy).
- You can either prepare a worksheet or ask them to use their exercise books where you can draw two columns entitled A and a, as shown below.

| A | a |
|---|---|
| | |

- Ask each group to place each of the items from the paper bag under the letter A or a. While students are working in groups, move around the classroom to facilitate students who need help.
- To conclude the activity, ask each group to share their work.

### Writing (Page 2)

- Write the letter A on the board by drawing each stroke step by step as shown on page 2.
- Ask students to follow you by tracing in the air with their fingers. Repeat three or four times. You can provide them some sand in a tray and ask them to trace the letter.

  Note: First you should only introduce the Capital A and then gradually move on to the small letter a.
- At the end of the lesson, sing the alphabet song again with the students.

**Suggestions -** As the students are writing for the first time, provide them ample opportunity to practise tracing in the air and sand tray, before asking them to write in their books.

## LESSON 2

### OBJECTIVES

- Write the letter Aa
- Use vocabulary related to letter 'a', airport, and transport

### LEARNING OUTCOMES

By the end of this lesson, students should be able to:

- write small and capital letter Aa and use related vocabulary.

## حروف کے لفافے Letter Bags ۔ چھوٹے اور بڑے حرف Aa کا تعارف (صفحہ 1)

نوٹ: اس مرحلے پر تمام حروف عجلت میں پڑھانے کی کوشش نہ کیجیے۔ اس مرحلے پر بچّوں کو حروف کی پہچان کروانے اور ایک سے دوسرے حرف پر جانے سے پہلے ہر حرف کی اچھی مشق کروانے کی ضرورت ہے۔ لہٰذا آپ صرف حرف Aa کے نام اور آواز سے بچّوں کو متعارف کروائیے۔

- حرف A کے فلیش کارڈ کا استعمال کرتے ہوئے طلبا سے کہیے کہ وہ اس حرف a سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتائیں۔ ان کے جوابات بورڈ یا فلپ چارٹ پر درج کر دیجیے۔
- طلبا کو کلاس کے سامنے بلایئے جن کے نام حرف A سے شروع ہوتے ہیں۔ اب انھیں بتایئے کہ انسانوں کے نام بڑے حرف A سے اور دیگر اشیا کے نام چھوٹے حرف a سے شروع ہوتے ہیں۔
- حرف A متعارف کروانے کے بعد طلبا کو چار یا پانچ کے گروپوں میں بانٹ دیجیے۔ ہر طالب علم کو ایک خاکی کاغذی تھیلا دے دیجیے جس کے اوپر A چھپا ہوا ہو۔ کلاس کے آغاز سے پہلے آپ کو ہر تھیلے میں ان اشیا کی تصاویر رکھنی ہوں گی جن کے نام a اور A سے شروع ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر حروف تہجی کے اس تھیلے یا لفافے میں apple، alligator، ant، airplane، anchor، acorn، arrow، axe وغیرہ کی تصاویر اور Aisha اور Ahmed جیسے ناموں پر مشتمل کارڈ ہو سکتے ہیں۔
- آپ ورک شیٹ تیار کرسکتی ہیں یا پھر طلبا کو ہدایت کرسکتی ہیں کہ وہ اپنی مشقی کتابوں میں a اور A کے عنوان سے دو کالم بنائیں جیسا کہ ذیل میں دکھایا گیا ہے۔

| A | a |
|---|---|
| | |

- ہر گروپ سے کہیے کہ کاغذی تھیلے میں سے اشیا نکال کر حرف A یا a کے نیچے رکھے۔ طلبا گروپوں کی صورت میں اس کام میں مصروف ہوجائیں تو آپ کلاس میں چکر لگاتی رہیے اور جن طلبا کو ضرورت ہو ان کی مدد کیجیے۔
- سرگرمی کے اختتام پر ہر گروپ کو اپنا کام دکھانے کی ہدایت کیجیے۔

## لکھائی (صفحہ 2)

- بورڈ پر حرف A اس طرح لکھیے کہ یہ حرف تشکیل دینے والا ہر خط یا اسٹروک مرحلہ وار بنایا جائے جیسا کہ صفحہ 2 پر واضح کیا گیا ہے۔
- طلبا سے کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں A بنائیں۔ یہ عمل تین یا چار بار دہرایئے۔ آپ انھیں ریت سے بھری ہوئی ٹرے دے کر یہ حرف بنانے کے لیے کہہ سکتی ہیں۔ نوٹ: پہلے آپ کو صرف بڑا A متعارف کروانا چاہیے اور پھر بتدریج چھوٹے a پر آنا چاہیے۔
- سبق کے اختتام پر حروف تہجی کا گیت طلبا کے ساتھ مل کر ایک بار پھر گائیں۔

تجاویز۔ طلبا، چوں کہ پہلی بار لکھ رہے ہیں، لہٰذا انھیں کتابوں میں لکھنے کی ہدایت کرنے سے پہلے ہوا، اور ریت بھری ٹرے میں یہ حرف بنانے کی اچھی مشق کروایئے۔

## سبق 2

### مقاصد

- حرف Aa لکھنا
- حرف a، ایئرپورٹ اور ٹرانسپورٹ سے متعلق ذخیرۂ الفاظ کا استعمال کرنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- بڑا A اور چھوٹا a لکھ سکیں اور متعلقہ ذخیرۂ الفاظ استعمال کرسکیں۔

## RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Appendices 1a and 1c
- Old magazines, newspapers, and recycled paper

## METHOD

### Listening, speaking, and writing (Page 2)

- Begin lesson by singing the Welcome song (Appendix 1a) followed by the Alphabet song (Appendix 1c).
- Get students to practice writing the letter Aa in the air. A few students can be asked to come and trace the letter on the board.
- Next, ask students to complete page 2, following the directions given in the book.
- Later, hand out loose sheets of paper and ask students to write the letter Aa with colour pencils of their choice.

### Listening and speaking - At the airport (Page 3)

- Begin by asking students if they have been on a holiday. How did they travel? By air, road, or train.
- Show them a picture of the airport and ask them: How many of you have been to an airport? What did you see at the airport?, etc. List their responses, writing all the things beginning with a on one side of the board and the rest on the other side.
- Now, discuss the things beginning with the letter a.
- You can hand out sheets of recycled paper / newspaper/ old magazines, and ask them to make airplanes. You can take them outside in the playground and students can glide their planes in the air saying, ‘a, a, a, a’.

## LESSON 3

## OBJECTIVES

- Recognize, read, and write the letter Bb
- Use vocabulary related to this letter
- Recite poem with actions

## LEARNING OUTCOMES

By the end of this lesson, students should be able to:

- recognize, read, and write small and capital letter Bb.
- recite poem with actions.

## RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Picture of a beach with a ball, bucket, boat, bench, bird, boy, and bridge, if available

## درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- ضمیمہ 1a اور 1c
- پرانا رسالہ، اخبارات، اور ازسرنو کارآمد بنایا گیا کاغذ (ری سائیکلڈ پیپر)

## طریقۂ کار

### سننا، بولنا اور لکھنا (صفحہ 2)

- سبق کا آغاز استقبالیہ نغمہ (Welcome song) (ضمیمہ 1a) گا کر کیجیے اور پھر حروف تہجی کا گیت (Appendix 1c) گائیے۔
- طلبا سے ہوا میں حرف Aa لکھنے کی مشق کروائیے۔ چند طلبا کو یہ حرف بورڈ پر لکھنے کرنے کے لیے بلایا جاسکتا ہے۔
- اب طلبا سے کہیے کتاب میں دی گئی ہدایات پرعمل کرتے ہوئے صفحہ 2 مکمل کریں۔
- بعدازاں طلبا میں کاغذی شیٹیں تقسیم کردیجیے اور ان سے کہیے کہ اپنی پسند کی رنگین پنسلوں کی مدد سے حرف A اور a لکھیں۔

### سننا اور بولنا ۔ ہوائی اڈّے پر (صفحہ 3)

- طلبا سے یہ پوچھتے ہوئے شروع کیجیے کہ کیا کبھی انھیں چھٹیوں میں سیروتفریح کے لیے جانے کا اتفاق ہوا ہے۔ انھوں نے یہ سفر کیسے طے کیا تھا؟ طیارے میں، براستہ سڑک یا پھر ریل گاڑی میں؟
- انھیں ایئرپورٹ یا ہوائی اڈّے کی ایک تصویر دکھایئے اور پوچھیے: آپ میں سے کون کون ایئرپورٹ پر جاچکا ہے؟ آپ نے وہاں کیا دیکھا؟ وغیرہ وغیرہ۔ ان کے جوابات بورڈ پر تحریر کردیجیے اس طرح کہ a سے شروع ہونے والی اشیا کے نام بورڈ کے ایک جانب اور باقی اشیا کے نام دوسری جانب درج ہوں۔
- اب ان اشیا کو زیرِبحث لایئے جن کے نام حرف a سے شروع ہوتے ہیں۔
- آپ ری سائیکلڈ پیپر/ اخبار/ پرانے رسائل کے اوراق طلبا کو دے کر ان سے ہوائی جہاز بنانے کے لیے کہہ سکتی ہیں۔ آپ انھیں باہر کھیل کے میدان میں لے جاسکتی ہیں جہاں بچّے اپنے کاغذی ہوائی جہاز اڑائیں اور ساتھ ساتھ a، a کی گردان بھی کرتے رہیں۔

## سبق 3

### مقاصد

- حرف Bb کی شناخت کرنا، پڑھنا اور لکھنا
- اس حرف سے متعلق ذخیرۂ الفاظ کا استعمال کرنا
- اشاروں کے ساتھ نظم پڑھنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- چھوٹے b اور بڑے B کی شناخت کرسکیں، پڑھ اور لکھ سکیں۔
- اشاروں کے ساتھ نظم پڑھ سکیں۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- ساحل سمندر کی تصویر (اگر دستیاب ہوجائے) جس میں ایک گیند (ball)، بالٹی (bucket)، کشتی (boat)، بنچ (bench)، پرندہ (bird)، لڑکا (boy) اور پُل (bridge) نظر آرہا ہو۔

- Pictures of a ball, bucket, boat, bench, bird, boy, bridge, backpack (Appendix 1d)
- Brown paper bags labelled with the letter B filled with items beginning with letter b
- Flash card letter Bb (Appendix B)
- Appendix 1e

## METHOD

### Listening, speaking, and reading - Introducing the capital and small letter Bb (Page 4)

- Begin with the Welcome song.
- Ask the students to sit in a large circle. Display the picture of the beach on the soft board. You can ask them the following questions:
  a. Have you been to the beach?
  b. When did you go (time of the day)?
  c. What did you see there?
  d. What did you do there?
  e. Did you enjoy going to the beach?
- Next, you can ask them to name the things they can see in this picture. List the responses on the board, separating the items beginning with the letter b on one side of the board.
- Inform them that today they are going to learn about the letter Bb. Refer them to the alphabet chart on the soft board. Ask students whose name begins with the letter B to stand up and say their name one at a time. For example, B for Bushra, B for Beena, B for Baber, B for Bilal.

### Letter bags (Pages 5 and 6)

- Using a flash card of the letter B, ask students to name a few other things that begin with the letter Bb. Responses can be written on the board or flip chart.
- In group time, ask students to sit in a circle. Pass around a bag filled with pictures beginning with the letter b (Appendix 1d). As the bag passes around the circle, each student takes out one object, names it, says the letter beginning letter b, and talks about it.
- Later in small groups, provide student with small cards with pictures and words of things beginning with the letter b (Appendix 1e). Students will be asked to match the cards with the word. This can be done first with the whole class and then as group work
- Ask students to complete page 6.
- Recite the poem on page 6 with actions. Encourage students to repeat after you.

### Writing (Pages 7 and 8)

- Invite students to practise writing the letters Aa and Bb in the air repeatedly for few minutes with their classmates. A few students can be asked to come and trace the letters on the board.
- Later, students complete the work on pages 7 and 8.

- گیند (ball)، بالٹی (bucket)، کشتی (boat)، بنچ (bench)، پرندہ (bird)، لڑکا (boy)، پُل (bridge) اور سفری تھیلے (backpack) کی تصاویر (ضمیمہ 1d)
- خاکی کاغذی لفافے جن پر حرف B درج ہو، اور ان میں وہ اشیا بھری ہوں جن کے نام اسی حرف سے شروع ہوتے ہیں۔
- حرف Bb کے فلیش کارڈ (ضمیمہ B)
- ضمیمہ 1e

## طریقۂ کار

### سننا، بولنا، اور پڑھنا ۔ بڑا B اور چھوٹا b متعارف کروانا (صفحہ 4)

- استقبالیہ گیت سے آغاز کیجیے۔
- طلبا سے کہیے کہ ایک بڑے دائرے کی صورت میں بیٹھ جائیں۔ اب بورڈ پر ساحل سمندر کی تصویر نمایاں کیجیے/ لٹکا دیجیے۔ آپ طلبا سے مندرجہ ذیل سوالات پوچھ سکتی ہیں:

  الف۔ کیا آپ کبھی ساحل سمندر پر گئے ہیں؟

  ب۔ آپ کب (دن میں کس وقت) گئے تھے؟

  ج۔ آپ نے وہاں کیا دیکھا تھا؟

  د۔ آپ نے وہاں کیا کیا تھا؟

  ہ۔ کیا ساحل پر جا کر آپ کو لطف آیا؟
- اس کے بعد آپ طلبا سے تصویر میں دکھائی دینے والی اشیا کے نام بتانے کے لیے کہہ سکتی ہیں۔ ان کے جوابات بورڈ پر درج کرتی جائیے، اس طرح کہ حرف b سے شروع ہونے والی اشیا کے نام بورڈ پر ایک جانب ہوں۔
- انھیں بتائیے کہ آج وہ حرف Bb کے بارے میں پڑھیں گے۔ ان کی توجہ سوفٹ بورڈ پر موجود حروف تہجی کے چارٹ کی جانب مبذول کروائیے۔ طلبا سے کہیے جن کے نام B سے شروع ہوتے ہیں وہ کھڑے ہوجائیں۔ اب ان کے نام ایک بار پُکاریے۔ مثال کے طور پر B سے بشریٰ، B سے بینا، B سے بابر، B سے بلال۔

### حروف کے تھیلے Letter bags (صفحہ 5 اور 6)

- حرف B کے فلیش کارڈ کا استعمال کرتے ہوئے طلبا سے کہیے کہ B اور b سے شروع ہونے والی چند دوسری چیزوں کے نام بتائیں۔ جوابات بورڈ یا فلپ چارٹ پر لکھے جا سکتے ہیں۔
- گروپ ٹائم کے دوران طلبا سے کہیے کہ دائرے کی شکل میں بیٹھ جائیں۔ اب انھیں ان اشیا کی تصاویر سے بھرا ہوا تھیلا یا لفافہ دیجیے جن کے نام حرف b سے شروع ہوتے ہیں (ضمیمہ 1d)۔ ہر طالب علم لفافے میں سے ایک چیز نکال کر اس کا نام پُکارے، پھر وہ حرف بتائے جس سے نام شروع ہوتا ہے یعنی حرف b، اس کے بارے میں چند جملے کہے اور پھر لفافہ اگلے طالب علم کو تھما دے۔
- بعدازاں طلبا کے مختصر گروپ بنا کر انھیں چھوٹے چھوٹے کارڈ دے دیجیے جن پر حرف b سے شروع ہونے والی اشیا کے نام اور تصاویر ہوں (ضمیمہ 1e)۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ کارڈز کو الفاظ کے ساتھ ملائیں۔ یہ سرگرمی پہلے پوری کلاس کے ساتھ اور پھر گروپ ورک کی صورت میں انجام دی جاسکتی ہے۔
- طلبا کو صفحہ 6 مکمل کرنے کی ہدایت کیجیے۔
- صفحہ 6 پر دی گئی نظم اشاروں کے ساتھ پڑھیے۔ طلبا کی حوصلہ افزائی کیجیے کہ وہ بھی آپ کی نقل کرتے ہوئے اسی انداز سے نظم پڑھیں۔

### لکھائی (صفحہ 7 اور 8)

- طلبا سے کہیے کہ وہ اپنے ہم جماعتوں کے ساتھ مل کر ہوا میں حروف Aa اور Bb لکھنے کی مشق کریں۔ یہ مشق مسلسل چند منٹ تک دہرائی جائے۔ چند طلبا کو بُلا کر ان سے یہ حروف بورڈ پر لکھنے کے لیے کہا جاسکتا ہے۔
- اس کے بعد طلبا صفحہ 7 اور 8 پر دیا گیا کام مکمل کریں گے۔

# Unit 2 Cc, Dd

## LESSON 1

### OBJECTIVES

- Recognize, read, and write the letter Cc
- Use vocabulary related to this letter

### LEARNING OUTCOMES

By the end of this lesson, students should be able to:

- recognize, read, and write small and capital letter Cc, and use related vocabulary.

### RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Flash card letter Cc (Appendix B)
- The Alphabet Song to be written on flip chart (Appendix 1c)
- Clock and a calendar (Appendix 2b)

### METHOD

**Listening, speaking, and reading - Introduction to the letter Cc (Page 9)**

- Begin by singing the Alphabet Song (Appendix 1c), along with the students. At the same time, write each letter on the board for students to repeat after you.
- Using a flash card of the letter Cc, say, 'ceee' or 'cuuh', and ask students to repeat after you.
- Ask students to name things that begin with this letter. Responses should be written on the board or flip chart. Circle the letter c in each word.
- Show things or pictures of cake, cup, cap, carrot, etc. and ask them to name these by emphasizing on the sound of the letter c. Help students to read the words on page 9.

### Writing (Page 10)

- Write the letter Cc on the board using the correct movement.
- Ask students to follow by tracing in the air with their fingers. Repeat three to four times. You can ask them to trace the letter using a colour pencil.
- Give blank sheets of paper and ask students to trace the letter C, with a red marker crayon, or a colour pencil.
- Later, students complete the task on page 10.

### Classroom activity

- Show a clock and a calendar, and emphasize that these words begin with the letter c. Discuss briefly that the clock tells us the time and the calendar tells us the day, date, and month. Ask the students to say what time the children get ready for school, and the month, date, and day, on the calendar.

# Cc, Dd

# باب 2

## سبق 1

### مقاصد

- حرف Cc کی شناخت کرنا، لکھنا اور پڑھنا
- اس حرف سے متعلق ذخیرۂ الفاظ استعمال کرنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- بڑے C اور چھوٹے c کی پہچان کرسکیں، یہ حرف پڑھ اور لکھ سکیں اور متعلقہ ذخیرۂ الفاظ استعمال کرسکیں۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- حرف Cc کے فلیش کارڈ (ضمیمہ B)
- حروفِ تہجی کا گیت جو فلپ چارٹ پر لکھا جائے گا (ضمیمہ 1c)
- دیوار گیر گھڑی اور کیلنڈر

### طریقۂ کار

### سننا، بولنا اور پڑھنا - حرف Cc کا تعارف (صفحہ 9)

- طلبا کے ساتھ مل کر حروفِ تہجی کا گیت (ضمیمہ 1c) گاتے ہوئے آغاز کیجیے۔ اس دوران ہر حرف بورڈ پر درج کرتے جائیے اور طلبا سے کہیے کہ وہ آپ کے ساتھ ساتھ دہرائیں۔
- حرف Cc کا استعمال کرتے ہوئے 'سی' اور 'کہ' کی آواز نکالیے اور طلبا سے کہیے کہ وہ یہ آوازیں دہرائیں۔
- طلبا سے ان اشیا کے نام پوچھیں جو اس حرف سے شروع ہوتے ہیں۔ ان کے جوابات بورڈ یا فلپ چارٹ پر لکھ دیے جائیں۔ ہر لفظ میں موجود حرف c کے گرد دائرہ بنا دیجیے۔
- طلبا کو کیک (cake)، کپ (cup)، ٹوپی (cap)، گاجر (carrot) وغیرہ کی تصاویر دکھائیے اور حرف c پر زور دیتے ہوئے ان سے کہیے کہ ان اشیا کے نام بتائیں۔ صفحہ 9 پر درج نام پڑھنے میں طلبا کی مدد کیجیے۔

### لکھائی (صفحہ 10)

- حرف Cc لکھنے کا درست طریقہ استعمال کرتے ہوئے بورڈ پر یہ حرف درج کردیجیے۔
- طلبا سے کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں یہ حرف بنائیں۔ تین یا چار بار یہ عمل دہرائیے۔ آپ انھیں رنگین پنسل سے یہ حرف بنانے کی ہدایت کرسکتی ہیں۔
- طلبا کو سادہ کاغذی شیٹیں دے دیجیے اور ان سے کہیے کہ سرخ مارکر یا سرخ موی پنسل یا پھر سرخ رنگین پنسل سے حرف C لکھیں۔
- اس کے بعد طلبا صفحہ 10 پر دیا گیا کام مکمل کریں گے۔

### کلاس کی سرگرمی

- طلبا کو دیوار گیر گھڑی (clock) اور کیلنڈر (calendar) دکھائیے اور اس بات پر زور دیجیے کہ ان الفاظ کا آغاز حرف c سے ہوتا ہے۔ مختصراً زیرِ بحث لائیے کہ کلاک یا گھڑی ہمیں وقت بتاتی ہے جبکہ کیلنڈر سے دن، تاریخ اور مہینے کا پتا چلتا ہے۔ طلبا سے پوچھیے کہ کس وقت بچّے اسکول جانے کے لیے تیار ہوتے ہیں، نیز ان سے کہیے کہ کیلنڈر پر مہینے، تاریخ اور دن کی نشاندہی کریں۔

## LESSON 2

### OBJECTIVES

- Recognize and name colours
- Recite poem with actions

### LEARNING OUTCOMES

By the end of this lesson, students should be able to:

- recognize and name the primary colours.
- recite poems with actions.

### RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Colour cards of the primary colours - red, yellow, and blue

### METHOD

#### Classroom Activity - Colours (Page 11)

- Plan a Colour Day at school. Ask students to wear coloured clothes and bring an object of their favourite colour on that day.
- Start the lesson by introducing the three primary colours, red, yellow, and blue with the help of the colour cards and other objects.
- Place white sheets of paper and a tray of the three primary colour paints: red, yellow, and blue on each table. Ask students to dip their hands in any one colour of their choice and then create a handprint on the white sheet of paper. Display the work and discuss the colours they have chosen.
- Later, students can complete activity on page 11 of the textbook.
- Recite the poem, 'I am clean' given on page 11 with the actions. Ask the students to repeat after you. Emphasize the words that begin with c.

## LESSONS 3 AND 4

### OBJECTIVES

- Recognize, read, and write the letter Dd
- Use vocabulary related to this letter
- Recite poem with actions

### OBJECTIVES

- Use vocabulary related to this letter

### LEARNING OUTCOMES

By the end of this lesson, students should be able to:

- recognize, read, and write small and capital letter Dd, and use related vocabulary.

## سبق 2

### مقاصد

- رنگوں کو پہچاننا اور ان کے نام بتانا
- اشاروں کے ساتھ نظم پڑھنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- بنیادی رنگوں کو پہچان سکیں اور ان کے نام بیان کرسکیں۔
- اشاروں کے ساتھ نظم پڑھ سکیں۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- بنیادی رنگوں یعنی سرخ، زرد اور نیلا کے رنگین کارڈز

### طریقۂ کار

### کلاس کی سرگرمی – رنگ (صفحہ 11)

- اسکول میں رنگوں کا دن (کلر ڈے) منانے کا اہتمام کیجیے۔ طلبا سے کہیے کہ اس روز وہ رنگین لباس میں اور اپنے پسندیدہ رنگ والی کوئی چیز ساتھ لے کر آئیں۔
- رنگین کارڈز اور دیگر اشیا کی مدد سے تین بنیادی رنگوں؛ سرخ، زرد اور نیلا، کو متعارف کرواتے ہوئے سبق کا آغاز کیجیے۔
- ہر میز پر سفید کاغذی شیٹیں اور تین بنیادی رنگوں: سرخ، زرد اور نیلے رنگ کے پینٹ کی ٹرے رکھ دیجیے۔ طلبا سے کہیے کہ وہ اپنی پسند سے کسی بھی رنگ میں ہاتھ ڈبوئیں اور پھر سفید کاغذی شیٹ پر چھاپ دیں۔ بعد میں تمام شیٹیں کلاس میں دکھائیں اور بچّوں کے منتخب کردہ رنگوں پر بات چیت کریں۔
- بعدازاں، طالب علم نصابی کتاب کے صفحہ 11 پر مذکور سرگرمی مکمل کرسکتے ہیں۔
- صفحہ 11 پر دی گئی نظم I am clean اشاروں کے ساتھ پڑھیے۔ طلبا سے کہیے کہ آپ کی نقل کرتے ہوئے اسی انداز سے نظم دہراتے جائیں۔
- c سے شروع ہونے والے الفاظ پر زور دیجیے۔

## سبق 3 اور 4

### مقاصد

- حرف Dd کی پہچان کرنا، پڑھنا اور لکھنا
- اس حرف سے متعلق ذخیرۂ الفاظ کا استعمال کرنا
- اشاروں کے ساتھ نظم پڑھنا

### مقاصد

- اس حرف سے متعلق ذخیرۂ الفاظ کا استعمال کرنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام پر طلبا کو:

- D اور d کی پہچان کرنے، ان کو پڑھنے، لکھنے اور متعلقہ ذخیرۂ الفاظ استعمال کرنے کے قابل ہوجانا چاہیے۔

## RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- The Alphabet Song to be written on flip chart (Appendix 1c)
- Flash card letter Dd (Appendix B)
- Matching cards (Appendix 2a)

## METHOD

### Listening, speaking, and reading - Introduction to the letter Dd (Page 12)

- Begin the lesson by singing the Alphabet song. Hold each letter card in your hand while singing the song. Later, ask the following questions: What is the first letter of the alphabet? Which letter comes after c?
- Introduce the letter Dd using the flash card Dd and say, 'dee' or 'duuh'. Ask students whose name begins with the letter D to come up in front of the class. Write their names on the board and circle the letter D.
- Ask students to go on a word hunt and pick up one thing that begins with the letter d. Later, ask student to name the objects. Write all responses on the board, and help them to read the words.

### Writing (Page 13)

- Write the letter Dd on the board by drawing each stroke step by step as shown on page 13.
- Ask students to follow you by tracing in the air with their fingers. Repeat three or four times. You can provide them with some sand in a tray and ask them to trace the letter. Note: First you should only introduce the capital letter D and then gradually move on to the small letter d.
- At the end of the lesson, sing the Alphabet song again with the students.

### Small Group Activity

- In small groups of 5, provide play dough and a blank piece of paper on each table. Students can learn to form the letter Dd using the play dough.
- Later, students complete the work on page 13. Children can pretend to play the drum, moving their arms up and down saying, d, d, d, d.

### Listening and Speaking - Poem, Duckie Duddle (Page 14)

- Recite the poem Duckie Duddle, given on page 14. Ask the students to repeat after you.

### Reading (Page 14)

- Divide students into groups of 4 or 5. Provide each student with an envelope with the letter Dd printed on it. Prior to the class, place inside each of the envelopes small cards with pictures and the words of things beginning with the letter d. (Appendix 2a)
- Ask students to match the cards with the words. You can first do the activity with the whole class, and then ask students to complete the task in small groups.

### Writing (Pages 15 and 16)

- Invite students to practise writing the letters Cc and Dd in the air repeatedly for few minutes with their classmates. A few students can be asked to come and trace the letters on the board.
- Later, students complete the work on pages 15 and 16.

## درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- حروفِ تہجی کا گیت فلپ چارٹ پر لکھا جائے گا (ضمیمہ 1c)
- حرف Dd کے فلیش کارڈ (ضمیمہ B)
- میچنگ کارڈز (ضمیمہ 2a)

## طریقۂ کار

### سننا، بولنا اور پڑھنا۔حرف Dd کا تعارف (صفحہ 12)

- حروفِ تہجی کے گیت سے آغاز کیجیے۔ گیت گاتے ہوئے ہر حرفی کارڈ (letter card) ہاتھوں میں پکڑ لیجیے۔ اس کے بعد طلبا سے درج ذیل سوالات پوچھیے: حروفِ تہجی کا پہلا حرف کیا ہے؟ c کے بعد کون سا حرف آتا ہے؟
- Dd کا فلیش کارڈ استعمال کرتے ہوئے حرف Dd متعارف کروائیے اور کہیے، 'ڈی' یا 'ڈہ'۔ جن طلبا کے نام D سے شروع ہوتے ہیں، انھیں کلاس کے سامنے بُلا لیجیے۔ ان کے نام بورڈ پر تحریر کردیجیے اور حرف D کے گرد دائرہ بنادیجیے۔
- طلبا سے کہیے کہ مختلف الفاظ پر غور کریں۔ اس دوران ہر طالب علم ایک چیز ایسی منتخب کرے جس کا نام d سے شروع ہوتا ہو۔ پھر ان سے کہیے کہ منتخب کردہ اشیا کے نام بتائیں۔ ہر طالب علم کا جواب بورڈ پر درج کردیجیے اور پھر ان الفاظ کو پڑھنے میں ان کی مدد کیجیے۔

### لکھائی (صفحہ 13)

- بورڈ پر حرف Dd اس طرح لکھیے کہ یہ حرف تشکیل دینے والا ہر خط یا لکیر مرحلہ وار بنائی جائے جیسا کہ صفحہ 13 پر واضح کیا گیا ہے۔
- طلبا سے کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں یہ لفظ بنائیں۔ یہ عمل تین سے چار بار دہرائیے۔ آپ انھیں ریت سے بھری ٹرے دے کر اس میں یہ حرف بنانے کے لیے کہہ سکتی ہیں۔نوٹ: پہلے آپ صرف بڑا D متعارف کروائیے اور پھر بتدریج چھوٹے d پر آجائیے۔
- سبق کے اختتام پر طلبا کے ساتھ مل کر ایک بار پھر حروفِ تہجی کا گیت گائیے۔

### چھوٹے گروپ کی سرگرمی

- پانچ پانچ طلبا کے چھوٹے گروپوں کے لیے ہر میز پر play dough اور سادہ کاغذی ٹکڑا رکھ دیجیے۔طلبا play dough کی مدد سے حرف D اور d بنانا سیکھ سکتے ہیں۔
- بعدازاں، طلبا صفحہ 13 پر دیا گیا کام مکمل کریں۔ بچّے بازوؤں کو اوپر نیچے حرکت دے کر ڈرم بجانے کی اداکاری کرتے ہوئے منہ سے d، d، d،d کی آواز نکال سکتے ہیں۔

### سُننا اور بولنا نظم، Duckie Duddle (صفحہ 14)

- صفحہ 14 پر دی گئی نظم Duckie Duddle پڑھیں۔ طلبا سے کہیے کہ آپ کے ساتھ ساتھ دہراتے جائیں۔

### پڑھائی (صفحہ 14)

- طلبا کو چار اور پانچ کے گروپوں میں بانٹ دیجیے۔ ہر طالب علم کو ایک لفافہ دیجیے جس کے اوپر حرف Dd چھپا ہو۔ کلاس کے آغاز سے پہلے ہر لفافے کے اندر تصاویر اور d سے شروع ہونے والے اشیا کے ناموں پر مشتمل چھوٹے کارڈز رکھ دیجیے۔(ضمیمہ 2a)
- طلبا سے کہیے کہ کارڈز کو الفاظ کے ساتھ ملائیں۔ پہلے آپ یہ سرگرمی پوری کلاس کے ساتھ اجتماعی طور پر انجام دے سکتی ہیں۔ اس کے بعد طلبا سے کہا جاسکتا ہے کہ چھوٹے چھوٹے گروپ بنا کر یہ کام مکمل کریں۔

### لکھائی (صفحہ 15اور16)

- طلبا کو ہدایت کیجیے کہ وہ اپنے ہم جماعتوں کے ساتھ مل کر انگلیوں سے ہوا میں حروف Cc اور Dd لکھیں۔ چند طلبا کو بُلا کر ان سے یہ حروف بورڈ پر بھی لکھوائے جاسکتے ہیں۔
- اس کے بعد طلبا صفحہ 15اور 16 پر دیا گیا کام مکمل کریں گے۔

# Unit 3 Ee, Ff

## LESSON 1

### OBJECTIVES

- Recognize, read, and write the letter Ee
- Use vocabulary related to this letter
- Recite poems with actions

### LEARNING OUTCOMES

By the end of this lesson, students should be able to:

- recognize, read, and write small and capital letter Ee, and use related vocabulary.

### RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Welcome song (Appendix 1a)
- Aa-Zz chart (Appendix 1b)
- Objects such as plastic egg, toy elephant, toy engine, envelope, and eraser.
- Flash card letter Ee (Appendix B)
- Colour paint

### METHOD

#### Listening and speaking - Introduction

- Welcome the children by singing the 'Welcome Song' (see Appendix 1a). Greet each child by calling out their name and handing them their name-card. You can help the children to place their name-card under the respective letter with which their name begins. For example, Ayesha begins with A so her name-card will be placed under the letter A, Bushra under the letter B, and so on. Repeat until all the students have placed their name-cards under the correct letter on Aa-Zz chart. (Appendix 1b)

#### Listening and speaking - Introducing the capital and small letter Ee (Page 17)

- Begin the class, by informing students that they are going to play a game called treasure hunt. Prior to the class, hide objects (one for each child) beginning with the letter e, around the class. The objects can include: plastic egg, plastic toy elephant, toy engine, envelope, eraser, etc.
- Ask the children to find at least one object. Once they have found any one object they should return to their seats.
- Ask each student to name the object and describe it or say something about it. Write their responses on the board.
- Next, ask them what letter all these things begin with. Circle the letter e.
- Using the flash card of the letter E, say, 'eeee for Erum' or 'ehhh for egg'. Get them to repeat after you.
- Invite one or two students to come and point to the letter Ee on the alphabet chart. You can also invite students whose name begins with the letter E to stand up and say their name.

# Ee, Ff

# باب 3

## سبق 1

### مقاصد

- حرف Ee کی پہچان کرنا، پڑھنا اور لکھنا
- اس حرف سے متعلق ذخیرۂ الفاظ کا استعمال کرنا
- اشاروں کے ساتھ نظمیں پڑھنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہیے کہ:

- E اور e کی پہچان کرنے، اس حرف کو پڑھنے اور لکھنے کے ساتھ متعلقہ ذخیرۂ الفاظ استعمال کر سکیں۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- استقبالیہ گیت (ضمیمہ 1a)
- Aa-Zz چارٹ (ضمیمہ 1b)
- امدادی اشیا جیسا کہ پلاسٹک سے بنا انڈا، کھلونا ہاتھی، کھلونا انجن، لفافہ اور ربڑ
- حرف Ee کا فلیش کارڈ (ضمیمہ B)
- رنگین پینٹ

### طریقۂ کار

#### سُننا اور بولنا — تعارف

استقبالیہ گیت (Welcome Song) گا کر طلبا کو خوش آمدید کہیے (دیکھیے ضمیمہ 1a)۔ ہر طالب علم کا خیرمقدم اس کا نام پُکار کر اور اس کے نام والا کارڈ ہاتھ میں تھما کر کیجیے۔ اپنے نام والا کارڈ متعلقہ حرف کے نیچے رکھنے میں آپ طلبا کی مدد کر سکتی ہیں جس سے ان کا نام شروع ہوتا ہو۔ مثال کے طور پر Ayesha حرف A سے آتا ہے، چناں چہ اس کے نام والا کارڈ A کے نیچے رکھا جائے گا۔ اسی طرح Bushra کا نام حرف B کے نیچے رکھا جائے گا وغیرہ وغیرہ۔ اس وقت تک یہ عمل دہراتی رہیے جب تک کہ aa-Zz چارٹ پر متعلقہ حروف کے نیچے تمام طالب علم اپنے اپنے نام والا کارڈ نہ رکھ لیں۔ (ضمیمہ 1b)

#### سُننا اور بولنا - بڑا E اور چھوٹا e متعارف کروانا (صفحہ 17)

- کلاس کا آغاز طلبا کو یہ بتاتے ہوئے کیجیے کہ وہ خزانے کی تلاش نامی کھیل کھیلیں گے۔ کلاس شروع ہونے سے پہلے کمرے میں وہ اشیا (ہر بچّے کے لیے ایک) اِدھر اُدھر چھپا دیجیے جن کے نام حرف e سے شروع ہوتے ہوں۔ ان اشیا میں پلاسٹک کے انڈے (plastic egg)، پلاسٹک کا کھلونا ہاتھی (plastic toy elephant)، کھلونا انجن (toy engine)، لفافے (envelope)، اور ربڑ (eraser) وغیرہ شامل ہو سکتے ہیں۔
- بچّوں سے کہیے کہ ہر بچّہ کم از کم ایک چیز ڈھونڈے۔ جس بچّے کو ایک چیز مل جائے تو وہ اپنی نشست پر لوٹ آئے۔
- ہر طالب علم سے کہیے کہ وہ اس چیز کا نام بتائے اور اسے بیان کرے یا اس کے بارے میں کچھ کہیے۔ ان کے جوابات بورڈ پر درج کر دیجیے۔
- پھر ان سے استفسار کیجیے کہ تمام اشیا کے نام کون سے حرف سے شروع ہوتے ہیں۔ حرف e کے گرد دائرہ بنا دیجیے۔
- حرف E کے فلیش کارڈ کا استعمال کرتے ہوئے کہیے، ''ای فار ارم'' اور ''اَیہہ فار ایگ''۔ طلبا کو ہدایت کیجیے کہ آپ کے ساتھ ساتھ دہرائیں۔
- ایک یا دو طلبا کو بُلا کر کہیے کہ حروفِ تہجی کے چارٹ پر حرف E کی نشاندہی کریں۔ جن طلبا کے نام E سے شروع ہوتے ہیں آپ انھیں کھڑا کر کے اپنا نام پُکارنے کی ہدایت کر سکتی ہیں۔

## Writing (Page 18)

- Inform students that they will now practise writing the letter Ee.
- First write the letter Ee on the board by drawing each stroke step by step (repeat).
- Ask students to follow you by tracing in the air.

## Small group activity - Tracing

- Make groups of five students, place one tray of paints and water on each table. Recall the colours learnt in Unit 2.
- Provide a blank sheet of paper to each student. Ask them to dip their fingers into any colour of their choice and trace the letter Ee. While the teacher writes it on the board, students trace it on their sheets. (Note: first introduce them to the Capital E and then gradually move on to the small letter e)
- Later students can complete the tracing on page 18.

## LESSON 2

## OBJECTIVES

- Write letter Ee
- Use vocabulary related to the letter e
- Recite poems with actions
- Name parts of the body

## LEARNING OUTCOMES

By the end, they should be able to:

- write capital E and small letter e.
- name and label the parts of the body that begin with the letter e.

## RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Sand tray

## METHOD

## Listening, speaking, and reading - Parts of the body (Pages 18-19)

- If possible, display an enlarged copy of the poem, Head and Shoulders from page 19 of the book and the Parts of the Body picture from page 18 on the soft board. Begin by reciting the poem with actions.
- Inform students that they will be learning the names of the parts of the body. You can either refer them to page 18 or to the poster. Discuss the parts of the body and mention the importance of each part of the body.
- Later you can play the game in which you ask the students to point to the different parts of the body. For example, point to your eyer and ask, 'What are these?' Students will reply, 'Eyes.' After that, say, 'Show me your eyes.' Student will point out to their eyes. Repeat the same for the other parts of the body.
- Later, ask them what the words, eyes, elbow, and ears begin with. Ask students to open page 18 and circle all the words that begin with the letter e.
- In a large group, conclude the lesson by singing with actions the poem, Head and Shoulder.

## لکھائی (صفحہ 18)

- طلبا کو بتائیے کہ اب وہ حرف E لکھنے کی مشق کریں گے۔
- پہلے بورڈ پر حرف e ، ہر حرکت کو مرحلہ وار مکمل کرتے ہوئے لکھیے (اس عمل کو دہرائیے)۔
- طلبا سے کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں یہ حرف بنائیں۔

## چھوٹے گروپ کی سرگرمی ۔حرف بنانا

- طلبا کو پانچ پانچ کے گروپوں میں بانٹ دیجیے۔ اب ہر میز پر رنگین پینٹ اور پانی کی ٹرے رکھ دیجیے۔ باب 2 میں جن رنگوں کے بارے میں پڑھا گیا تھا، انھیں دہرائیے۔
- ہر طالب علم سادہ کاغذی شیٹ دے دیجیے۔ ان سے کہیے کہ اپنی پسند کے رنگ میں انگلیاں ڈبوئیں اور حرف Ee بنائیں۔ ٹیچر یہ لفظ بورڈ پر لکھیں گے اور طلبا شیٹوں پر یہ حرف بنائیں گے۔ (نوٹ: پہلے انھیں بڑے E سے متعارف کروائیے، پھر بتدریج چھوٹے e پر آجائیے)
- بعدازاں طلبا صفحہ 18 پر دیا گیا کام مکمل کرسکتے ہیں۔

## سبق 2

### مقاصد

- حرف Ee لکھنا
- حرف Ee سے متعلق ذخیرۂ الفاظ کا استعمال کرنا
- اشاروں کے ساتھ نظمیں پڑھنا
- جسم کے حصوں کے نام بیان کرنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہیے کہ:

- بڑا E اور چھوٹا e لکھ سکیں۔
- حرف e سے شروع ہونے والے جسمانی حصوں کے نام بتا سکیں اور انھیں لیبل کرسکیں۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- ریت سے بھری ٹرے

### طریقۂ کار

### سُننا، بولنا اور پڑھنا ۔ جسمانی حصوں کے نام (صفحہ 18 ۔19)

- اگر ممکن ہو سکے تو صفحہ 19 پر موجود نظم Head and Shoulders اور صفحہ 18 پر دی گئی Parts of the Body کی تصویر کی بڑے سائز کی عکسی نقل سوفٹ بورڈ پر لگا دیجیے۔
- آپ طلبا کو صفحہ 18 یا پھر پوسٹر کی جانب متوجہ کرسکتی ہیں۔جسم کے حصوں کو زیر بحث لاتے ہوئے ہر حصے کی اہمیت بیان کیجیے۔
- بعد ازاں ایک کھیل کھیلا جاسکتا ہے جس میں آپ طلبا سے جسم کے مختلف حصوں کی جانب اشارہ کر کے پوچھیے یہ کیا ہے؟ مثال کے طور پر آنکھوں کی طرف اشارہ کر کے کہیں یہ کیا ہے؟ (طالب علم کہیں گے آنکھیں)۔ یہی عمل جسم کے دیگر حصوں کے لیے دہرائیے۔
- بعدازاں ان سے پوچھیے کہ elbow ، eyes اور ears کے الفاظ کس حرف سے شروع ہوتے ہیں۔ اس کے بعد طلبا سے کہیے کہ صفحہ 18 کھولیں اور e سے شروع ہونے والے تمام الفاظ کے گرد دائرہ بنائیں۔
- سبق کا اختتام ایک بڑے گروپ کی شکل میں نظم Head and Shoulder اشاروں کے ساتھ پڑھتے ہوئے کیجیے۔

## LESSON 3

### OBJECTIVES

- Recognize, read, and write the letter Ff
- Use vocabulary related to this letter
- Recite poem with actions

### LEARNING OUTCOMES

By the end of the lesson, students should be able to:

- recognize, read, and write small and capital letter Ff and use related vocabulary.

### RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Alphabet chart (Appendix A)
- Flash card letter Ff (Appendix B)
- Colour paints / crayons
- Plain sheets of paper
- Envelopes containing word building sets (f-o-x, f-a-r-m, f-i-s-h, f-l-a-g, f-e-e-t, f-o-r-k) with corresponding pictures (Appendix 3a)

### METHOD

#### Listening and speaking - Introducing the capital and small letter Ff (Page 20)

- Ask students whose name begins with the letter F to stand and say their name. Write their names on the board. Circle the letter F and introduce them to the letter Ff.
- Using the flash card of the letter F, say, 'eff for Fatima and Fahad' or 'f for fish'.
- Ask students to sit in a large circle, play the game I spy. To play this game, you can say, 'I spy something beginning with the letter f in the room.' Students point to different things and their answers to be written on the board.

#### Writing (Page 21)

- Write the letter F and f on the board by using the correct strokes.
- Ask students to trace in the air or sand tray. Repeat. (Provide them sufficient practise before moving to the small letter f).

#### Small group activity - Tracing

- Students can work in groups of five. Provide a blank sheet of paper to each student instructing them to use a crayon of their choice to trace the letter Ff. While the teacher writes it on the board, students trace it on their sheets. (Note: First you should only introduce them to the capital letter and then gradually move on to the small letter.)
- Later students complete the tracing on page 21.
- Conclude by telling them that capital F is used for names of people and places, such as, Fatima, Farzana, Farhan, France, Finland, Faisalabad, and small f is used for common things such as fan, fish, fruit, farm, etc.

## سبق 3

### مقاصد

- حرف Ff کی پہچان کرنا، پڑھنا اور لکھنا
- اس حرف سے متعلق ذخیرۂ الفاظ کا استعمال کرنا
- اشاروں کے ساتھ نظم پڑھنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہیے کہ:

- بڑے F اور چھوٹے f کی شناخت کرنے، پڑھنے اور لکھنے کے ساتھ اس سے متعلق ذخیرۂ الفاظ استعمال کر سکیں۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- حروفِ تہجی کا چارٹ (ضمیمہ A)
- حرف Ff کا فلیش کارڈ (ضمیمہ B)
- رنگین پینٹ/ موی پنسلیں
- سادہ کاغذی شیٹیں
- لفافے، جن کے اندر الفاظ تشکیل دینے والے حروف کے سیٹ (f-o-x, f-a-r-m, f-i-s-h, f-l-a-g, f-e-e-t, f-o-r-k) اور متعلقہ تصاویر ہوں (ضمیمہ 3a)

### طریقۂ کار

### سُننا اور بولنا۔ بڑا F اور چھوٹا f متعارف کروانا (صفحہ 20)

- طلبا سے کہیے کہ جن کے نام حرف F سے شروع ہوتے ہیں وہ کھڑے ہو جائیں اور اپنا نام پُکاریں۔ ان کے نام بورڈ پر تحریر کر دیجیے۔ F کے گرد دائرہ بنا دیجیے اور پھر طلبا کو Ff سے متعارف کروائیے۔
- حرف F کے فلیش کارڈ کا استعمال کرتے ہوئے کہیے،'F فار فاطمہ اینڈ فہد' اور'' f فار فِش'۔
- طلبا کو ہدایت کیجیے کہ ایک بڑے دائرے کی شکل میں بیٹھ جائیں اور'میں نے دیکھا'(I spy) کا کھیل کھیلیں۔ کھیل شروع کرنے کے لیے آپ کہہ سکتی ہیں کہ'میں نے فلاں (کمرے میں موجود کوئی بھی شے جس کا نام حرف f سے شروع ہوتا ہو) چیز دیکھی'۔ طلبا مختلف چیزوں کی طرف اشارے کریں گے۔ ان کے جوابات بورڈ پر درج کیے جائیں گے۔

### لکھائی (صفحہ 21)

- درست طریقہ یا حرکات استعمال کرتے ہوئے بورڈ پر حرف F اور f تحریر کر دیجیے۔
- طلبا سے کہیے وہ ہوا یا پھر ریت سے بھری ٹرے میں یہ حرف بنائیں۔(چھوٹے f پر آنے سے پہلے انھیں اچھی طرح مشق کروائیے)

### چھوٹے گروپ کی سرگرمی۔ ٹریسنگ

- طلبا پانچ پانچ کے گروپوں کی شکل میں سرگرمی انجام دے سکتے ہیں۔ ہر طالب علم کو ایک کاغذی شیٹ دے کر اپنی پسند کی رنگین موی پنسل سے حرف Ff بنانے کی ہدایت کیجیے۔ ٹیچر یہ لفظ بورڈ پر لکھیں گی اور طالب علم اپنی اپنی شیٹ پر اسے نقل کریں گے۔ (نوٹ: طلبا کو پہلے صرف بڑے حرف سے متعارف کروائیے، پھر بتدریج چھوٹے حرف پر آجائیے۔)
- بعدازاں طلبا صفحہ 21 پر دی گئی ٹریسنگ مکمل کریں گے۔
- طلبا کو یہ آگاہی دیتے ہوئے سبق کا اختتام کیجیے کہ بڑا F افراد اور جگہوں کے نام لکھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے جیسے Fatime، Farzana، Farhan، France، Finland، Faisalabad اور چھوٹا f عام چیزوں اور جگہوں جیسے fan، fish، fruit، farm کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

## Reading and writing - Vocabulary building

- Explain to the students that they are going make simple words that begin with the letter f and that you will be helping them. For example, fox, feet, farm, fork, fish, and flag.
- In a large group, demonstrate the activity by taking out the word building set with the corresponding picture cards from an envelope. Ensure that you have one envelope for each student. (Appendix 3a)
- Explain how to make words from this set with the help of the picture cards. For example, if the set has a picture of a fox, hold up the picture and find the letters f-o-x to make the word fox; place the completed word next to the picture of the fox.
- Continue to make the other words.
- Distribute to each student an envelope containing the word building set with the corresponding picture cards. Invite students to make the words with the help of the picture card.
- Later, ask children to discuss the words.
- Use the Alphabet chart to chant and revise the letters and words.

## LESSON 4

## OBJECTIVES

- Write the letter Ff
- Recite poems with actions
- Talk about own family

## LEARNING OUTCOMES

By the end of the lesson, students should be able to:

- read and write small and capital letter Ff.
- name and talk about family members.
- recite poems with actions.

## RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Flash card letter Ff (Appendix B)
- Colour paints/ crayons
- Leaves and glue

## METHOD

## Listening and speaking (Page 22)

- Display the poem, Five little fingers given on page 22, on the soft board.
- Begin the lesson by reciting the poem, Five little fingers with actions. Repeat.

### پڑھنا اور لکھنا ۔ ذخیرۂ الفاظ بڑھانا

- طلبا پر واضح کیجیے کہ اب وہ حرف f سے شروع ہونے والے سادہ الفاظ بنائیں گے اور اس کام میں آپ ان کی مدد کریں گے۔ مثال کے طور پر fox ، feet ، farm ، fork ، fish اور flag۔
- ایک بڑا گروپ بنا کر یہ سرگرمی انجام دیجیے۔ ایک لفافے میں لفظ تشکیل دینے والے حروف کا سیٹ (word building set) اور اس سے متعلق تصویری کارڈ نکال لیجیے۔ اس بات کو یقینی بنائیے کہ آپ کے پاس ہر طالب علم کے لیے ایک لفافہ موجود ہو۔ (ضمیمہ 3a )
- واضح کیجیے کہ تصویری کارڈ سے مدد لیتے ہوئے اس سیٹ میں سے الفاظ کیسے بنائے جائیں۔ مثال کے طور پر، اگر سیٹ میں لومڑی (fox) کی تصویر ہے تو یہ تصویر ہاتھ میں پکڑ کر بلند کرلیجیے اور لفظ fox بنانے کے لیے حروف f-o-x تلاش کیجیے۔ اب مکمل لفظ لومڑی کی تصویر کے ساتھ رکھ دیجیے۔
- اسی طرح مزید الفاظ بنائیے۔
- ہر طالب علم کو ایک ایک لفافہ دے دیجیے جس کے اندر الفاظ تشکیل دینے والے حروف کا سیٹ اور اس سے متعلق تصویری کارڈ موجود ہوں۔ طلبا سے کہیے کہ تصویری کارڈ کی مدد سے الفاظ بنائیں۔
- بعدازاں بچّوں کو ان الفاظ پر چند جملے کہنے کی ہدایت کیجیے۔
- حروفِ تہجی کے چارٹ کی مدد سے حروف اور الفاظ بہ آواز بلند پڑھے اور دہرائے جائیں گے۔

## سبق 4

### مقاصد

- حرف Ff لکھنا
- اشاروں کے ساتھ نظمیں پڑھنا
- اپنے خاندان کے بارے میں گفتگو کرنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:
- چھوٹا f اور بڑا F پڑھ اور لکھ سکیں۔
- اپنے اہلِ خانہ کے نام بیان کرنے کے ساتھ ان کے بارے میں گفتگو کرسکیں۔
- اشاروں کے ساتھ نظمیں پڑھ سکیں۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- حرف Ff کے فلیش کارڈ (ضمیمہ B)
- رنگین پینٹ/ رنگین موی پینسلیں
- پتّے اور گوند

### طریقۂ کار

### سُننا اور بولنا (صفحہ 22 )

- صفحہ 22 پر دی گئی نظم Five little fingers سوفٹ بورڈ پر نمایاں کر کے لگا دیجیے۔
- سبق کا آغاز اشاروں کے ساتھ نظم Five little fingers پڑھتے ہوئے کیجیے۔ اس عمل کو دہرائیے۔

- After reciting the poem, ask the following questions:
  a. How many fingers and toes each do you have?
  b. How many ears and nose do you have?
  c. What do you do with your mouth?
  d. Ask them what do the words five and fingers begin with?
- Display the flash card of the letter Ff, and review words that begin with the letter.

## Activity - My family tree (Page 22)

- Take the students out into the garden and show them a tree. Explain to them that all the branches and leaves are connected to the bark of the tree. In the same way, family is like a tree that has many branches and leaves such as our great-grandparents, grandparents, parents, brothers, and sisters. These branches and leaves make up one family.
- Return to the classroom and ask the following questions:
  - o How many members are there in your family? Name them.
  - o How many brothers and sisters do you have?
- Inform them that they are going to make a family tree. Provide each group with leaves, tray of colour paints, glue, and sheets of paper (Page 22).
- Show the students how they will be making the family tree.
  - o Begin by sticking the leaves on the branches.
  - o Paste pictures of the family members on the leaves accordingly.
  - o Ask students to label the pictures as mother, father, grandmother, grandfather, brother, sister, etc.
- After students have completed their task, you can ask students to display their work. Discuss with them about the importance of family members.

## Writing (Pages 23 and 24)

- Ask students to write letters Ee and Ff in the air repeatedly for few minutes. A few students can be asked to come up and trace the letters on the board.
- Students can complete the work on pages 23 and 24.

- نظم پڑھنے کے بعد طلبا سے درج ذیل سوالات پوچھیے:

آپ میں سے ہر ایک کے ہاتھ اور پاؤں میں کتنی انگلیاں ہیں؟

آپ کے کتنے کان اور کتنی ناک ہیں؟

آپ اپنے منھ سے کیا کرتے ہیں؟

ان سے پوچھیے کہ Five اور fingers کے الفاظ کس سے شروع ہوتے ہیں؟

- حرف Ff کا فلیش کارڈ دکھائیے اور اس حرف سے شروع ہونے والے الفاظ دوبارہ دہرائیے۔

## سرگرمی- میرا شجرۂ نسب (صفحہ 22)

- طلبا کو باغیچے میں لے جا کر ایک درخت دکھائیے۔ انھیں بتائیے کہ تمام شاخیں اور پتّے درخت کی چھال سے جُڑے ہوئے ہیں۔ بالکل اسی طرح خاندان بھی ایک درخت کے مانند ہے جس کی متعدد شاخیں اور پتّے ہوتے ہیں، جیسے ہمارے پردادا / پردادی، دادا / دادی، والدین، بھائی، اور بہنیں۔ یہ شاخیں اور پتّے مل کر ایک خاندان بناتے ہیں۔
- کلاس میں واپس آجائیے اور طلبا سے یہ سوالات کیجیے:

آپ کے خاندان یا گھرانے میں کُل کتنے افراد ہیں؟ ان کے نام بتائیں۔

آپ کے کتنے بھائی اور کتنی بہنیں ہیں؟

- انھیں بتائیے کہ اب وہ اپنا شجرۂ نسب بنائیں گے۔ ہر گروپ کو پتّے، رنگین پینٹ کی ٹرے، گوند، اور کاغذی شیٹیں مہیا کر دیجیے۔(صفحہ 22)
- طلبا کو دکھائیے کہ وہ شجرۂ نسب کیسے بنائیں۔

پتّے، شاخوں پر چسپاں کرتے ہوئے شروع کیجیے۔

اب پتّوں پر موزوں ترتیب کے ساتھ گھر کے افراد کی تصاویر چسپاں کیجیے۔

طلبا سے کہیے کہ ان تصاویر کو نام دیں جیسے والدہ، والد، دادی، دادا، بھائی، بہن وغیرہ۔

- طلبا کام مکمل کرلیں تو انھیں اپنا کام کلاس کو دکھانے کی ہدایت کی جاسکتی ہے۔ اس کے بعد ان کے ساتھ اہل خانہ کی اہمیت کے بارے میں گفتگو کیجیے۔

## لکھائی (صفحہ 23 اور 24)

- طلبا سے کہیے کہ چند منٹ تک ہوا میں حروف Ee اور Ff لکھتے ہیں۔ کچھ طلبا سے حروف بورڈ پر آ کر لکھنے کے لیے بھی کہا جاسکتا ہے۔
- اس کے بعد طلبا صفحہ 23 اور 24 پر دیا گیا کام مکمل کریں گے۔

# Unit 4 Gg, Hh

## LESSONS 1 AND 2

### OBJECTIVES

- Recognize, read, and write the letter Gg.
- Use vocabulary related to this letter.
- Understand the concept of growing up and the names of young ones.

### LEARNING OUTCOMES

By the end of this lesson, students should be able to:

- recognize, read, and write small and capital letter Gg, and use related vocabulary.
- discuss growing up and name young ones of animals.

### RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Alphabet chart (Appendix A)
- Flash card letter Gg (Appendix B)
- Young one, Matching activity cards (Appendix 4a)

### METHOD

#### Listening and speaking - Introducing the capital and small letter Gg (Page 25)

- Ask students whose name begins with the letter G to come to the front of the class. Write their names on the board and circle the letter G.
- Using the flash card of the letter Gg, tell them that the letter g has two sounds; hard sound ‘guhhh’ and soft sound ‘gee’. Ask them to repeat after you. Tell them ‘guhh’ for gate and ‘gee’ for giraffe to help them see the difference. Ask them to brainstorm other words that have the ‘guhh’ and ‘gee’ sound.
- Review the words beginning with g on page 25.

#### Writing (Page 26)

- Inform students that they are going to learn to write the letter Gg.
- First write the letter G on the board by drawing each stroke step by step (repeat).
- Provide each student a blank sheet of paper. Ask students to use a crayon of their choice and write the letter Gg. While the teacher writes it on the board, students trace it on their sheets. Note: First you should only introduce them to the capital G and then gradually move to the small letter g, as this letter is a bit challenging.
- Later, students complete the work on page 26.

# Gg, Hh

# باب 4

## سبق 1 اور 2

### مقاصد

- حرف Gg کی شناخت کرنا، پڑھنا اور لکھنا
- اس حرف سے متعلق ذخیرۂ الفاظ کا استعمال کرنا
- بڑھنے یا نمو پانے کا تصور سمجھنا اور چھوٹوں کے نام بیان کرنا

### آموزش کے نتائج

اس سبق کے اختتام تک طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- بڑے G اور چھوٹے g کی شناخت کرسکیں، یہ حرف پڑھ اور لکھ سکیں اور متعلقہ ذخیرۂ الفاظ استعمال کرسکیں۔
- نشوونما کو زیرِ بحث لانے کے علاوہ جانوروں کے بچّوں کے نام بیان کرسکیں۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- حروفِ تہجی کا چارٹ (ضمیمہ A)
- حرف Gg کا فلیش کارڈ (ضمیمہ B)
- جانوروں اور ان کے بچّوں کی شناختی سرگرمی (Young one, Matching) کے کارڈز (ضمیمہ 4a)

### طریقۂ کار

#### سننا اور بولنا ۔ بڑا G اور چھوٹا g متعارف کروانا (صفحہ 25)

- جن طلبا کے نام G سے شروع ہوتے ہیں ان سے کہیے کہ کلاس کے سامنے آجائیں۔ ان کے نام بورڈ پر تحریر کرنے کے بعد حرف G کے گرد دائرہ بنا دیجیے۔
- حرف Gg کے فلیش کارڈ سے کام لیتے ہوئے انھیں بتائیے کہ حرف g کی دو آوازیں ہوتی ہیں: سخت اور کرخت آواز 'گہ' اور نرم آواز 'جی'۔ ان سے کہیے آپ کے ساتھ ساتھ یہ آوازیں دہرائیں۔ دونوں کے درمیان فرق سمجھانے کی غرض سے انھیں بتائیے کہ 'گہ' کی آواز gate اور 'جی' کی giraffe کے لیے نکالی جاتی ہے۔طلبا سے کہیے کہ وہ مل جُل کر سوچ بچار کرتے ہوئے مزید الفاظ تلاش کریں جو 'گہ' اور 'جی' کی آواز سے شروع ہوتے ہوں۔
- صفحہ 25 پر دیے گئے الفاظ کا جائزہ لیجیے۔

#### لکھائی (صفحہ 26)

- طلبا سے کہیے کہ اب وہ حرف Gg لکھنا سیکھیں گے۔
- پہلے بورڈ پر حرف G ، ہر حرکت کو مرحلہ وار مکمل کرتے ہوئے لکھیے (اس عمل کو دہرائیے)۔
- ہر طالب علم کو سادہ کاغذی شیٹ دے دیجیے۔ اب ان سے کہیے کہ ہر طالب علم اپنی پسند کی رنگین موی پنسل سے حرفGg لکھے۔ ٹیچر بورڈ پر، جب کہ طالب علم ان کی نقل کرتے ہوئے اپنی اپنی شیٹ پر یہ حرف لکھیں گے۔ نوٹ: پہلے آپ طلبا کو صرف بڑے G سے متعارف کروائیے اور پھر بتدریج چھوٹے g پر آیئے کیوں کہ یہ حرف قدرے مشکل ہے۔
- اس کے بعد، طلبا صفحہ 26 پر دیا گیا کام مکمل کریں گے۔

## Classroom activity - Identifying green objects in the classroom (Page 26)

- Ask student to recall a colour they learned about in the previous lesson. Tell them that green is another colour. Show them a few green objects.
- Children then identify all green objects in the classroom.

## Classroom activity - Importance of throwing garbage in a trash can (Page 26)

- After recess, arrange to go on a walk in the school to see whether they can find litter on the school grounds. Ask them to observe everything they see.
- Then ask students the following questions: What is litter? Who or what creates litter? Did you see any litter in the school ground? What did the place look like? Why do you think people litter? What can we do to keep our environment clean?
- Talk to students about the importance of throwing garbage in a trash can and their role as students of the school.

## Classroom activity - Growing up (Page 27)

- Prior to the class, ask students to bring a baby picture of themselves.
- Arrange to take students to a garden/playground. In a large group, show students a baby picture of yourself and tell them that it is you as a baby. Looking at the picture, ask them if you look the same or not? Expected answer would be no. Explain that you are now an adult, not a baby. You have become big. Then ask them to see their baby pictures and if they look the same as they were in the picture or have they grown up. Explain that they have now grown up as small children and later will become adults.
- Show them the small plants in the garden and explain that they are babies, just like how they were once a baby and later they will become bigger plants or trees (point to the bigger plants/trees). In the same way, talk about animals growing up.
- Students talk about what they want to be when they grow up?
- Optional activity can be growing plants. Plant some seeds in the school garden, water regularly, and show the students how the plants grow up.

## Matching activity on young ones

- Prepare picture cards of the adult and young ones (Appendix 4a).
- Divide students into groups of 4 or 5. Provide each group with an envelope containing the pictures. One envelope with pictures for each group.
- Ask students to match the picture of the baby with the adult. For example, the picture of a plant will be matched with the picture of a tree. You can first demonstrate the activity and then ask them to complete the task as a group, ensuring that each student gets a chance to do the activity.
- To conclude, randomly ask students to share their work with the whole class.

## Suggestions

- As the letter Gg is difficult to write, provide sufficient time to practise the letter before proceeding to the next letter.
- Use the Alphabet chart to chant and revise the letters and words.

## کلاس کی سرگرمی ۔ کلاس کے اندر سبز اشیا کو شناخت کرنا (صفحہ 26)

- طلبا سے کہیے پچھلے سبق میں انھوں نے جن رنگوں کے بارے میں پڑھا تھا، اس میں سے کسی ایک کا نام بتائیں۔ انھیں بتایئے کہ ایک اور رنگ سبز یا ہرا ہے۔ انھیں سبز رنگ کی کچھ چیزیں دکھایئے۔
- اب طلبا کلاس روم میں موجود تمام سبز اشیا کی شناخت کریں گے۔

## کلاس کی سرگرمی ۔ کچرا دان میں کوڑا کرکٹ پھینکنے کی اہمیت (صفحہ 26)

- وقفے (recess) کے بعد طلبا کے ساتھ اسکول کی حدود میں چہل قدمی کیجیے اور دیکھیے کہ انھیں کوڑا کرکٹ پڑا ہوا دکھائی دیتا ہے یا نہیں۔ ان سے کہیے کہ نظر آنے والی ہر چیز کا بغور مشاہدہ کریں۔
- اب ان سے یہ سوالات پوچھیے: کوڑا کرکٹ کیا ہوتا ہے؟ کچرا کون/کیا پیدا کرتا ہے؟ کیا اسکول کے میدان میں آپ کو کچرا پڑا ہوا نظر آیا تھا؟ یہ جگہ کیسی دکھائی دے رہی تھی؟ آپ کے خیال میں لوگ کچرا کیوں پھیلاتے ہیں؟ اپنے ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے ہم کیا کرسکتے ہیں؟
- طلبا کے ساتھ کوڑا کرکٹ کچرے دان میں ڈالنے کی اہمیت اور اسکول کا طالب علم ہونے کی حیثیت سے اس سلسلے میں ان کے کردار پر بات چیت کیجیے۔

## کلاس کی سرگرمی ۔ بڑھنا یا نمو پانا (صفحہ 27)

- کلاس سے پہلے طلبا کو ہدایت کردیجیے کہ اپنی کم عمری یا شیرخوارگی کے زمانے کی تصویر ساتھ لے کر آئیں۔
- طلبا کو باغ/کھیل کے میدان میں لے جانے کا اہتمام کیجیے۔ انھیں ایک بڑے گروپ کی صورت میں کھڑا کرنے کے بعد اپنے بچپن کی تصویر دکھایئے اور بتایئے کہ یہ اس وقت کی تصویر ہے جب آپ بہت چھوٹی تھیں۔ تصویر کی طرف دیکھتے ہوئے طلبا سے پوچھیے کہ آپ اب بھی ایسی ہی نظر آتی ہیں یا نہیں؟ متوقع جواب نفی میں ہوگا۔ ان پر واضح کیجیے کہ اب آپ جوان ہیں، بچی نہیں۔ آپ بڑی ہوگئی ہیں۔ اب ان سے کہیے کہ اپنی لائی ہوئی تصویر دیکھیں اور بتائیں کہ کیا وہ اب بھی تصویر ہی کے جیسے دکھائی دیتے ہیں یا پھر بڑے ہوگئے ہیں۔ انھیں بتایئے کہ وہ پہلے کے مقابلے میں بڑے ہوگئے ہیں اور بعد میں جوان ہوجائیں گے۔
- انھیں باغ میں اُگے ہوئے ننھے پودوں کی جانب متوجہ کرتے ہوئے بتایئے کہ یہ بچّے ہیں، جیسے کہ ایک وقت میں وہ بچّے تھے، اور بعد میں یہ ننھے پودے بڑے پودے یا درخت (بڑے پودوں/ درختوں کی جانب اشارہ کیجیے) بن جائیں گے۔ اسی انداز میں جانوروں کے بڑھنے پر گفتگو کیجیے۔
- طلبا بیان کریں کہ بڑے ہوکر وہ کیا بننا چاہتے ہیں۔
- پودے اُگانا، اختیاری سرگرمی ہوسکتی ہے۔ اسکول کے باغیچے میں کچھ بیج بو دیجیے، باقاعدگی سے پانی دیجیے اور طلبا کو دکھایئے کہ پودے کیسے بڑھتے ہیں۔

## بچّوں کو ان کے ہم نسل/ بڑوں سے ملانے کی سرگرمی

- بڑوں اور بچّوں کے تصویری کارڈ تیار کرلیجیے۔ (ضمیمہ 4a)
- طلبا کو چار یا پانچ کے گروپوں میں تقسیم کردیجیے۔ ہر گروپ کو تصاویر والا ایک ایک لفافہ دے دیجیے۔
- طلبا سے کہیے کہ بچّے کی تصویر کو بڑے کی تصویر کے ساتھ ملائیں۔ مثال کے طور پر پودے کی تصویر درخت کی تصویر کے ساتھ ملائی جائے گی۔ پہلے آپ خود اس سرگرمی کا عملی مظاہرہ کیجیے اور پھر طلبا سے کہیے کہ وہ گروپ کی صورت میں یہ کام مکمل کریں۔ اس بات کو یقینی بنایئے کہ ہر طالب علم کو یہ سرگرمی انجام دینے کا موقع مل جائے۔
- سبق کے اختتام پر مختلف طلبا سے کہیے کہ وہ کلاس کے سامنے اپنا کام پیش کریں۔

## تجویز

- حرف Gg لکھنا قدرے مشکل ہے، لہٰذا اگلے حرف پر جانے سے پہلے اس کی مشق کے لیے طلبا کو مناسب وقت دیجیے۔
- حروف اور الفاظ بآواز بلند پڑھنے اور ان پر نظرثانی کے لیے حروف تہجی کے چارٹ کا استعمال کیجیے۔

## LESSON 3

## OBJECTIVES

- Write the letter Hh
- Use appropriate greetings
- Name things seen at home and school
- Recite poems with actions

## LEARNING OUTCOMES

By the end of this lesson, students should be able to:

- write small and capital letter Hh, and use related vocabulary.
- use polite greetings.
- name things in the environment.
- recite poems.

## RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Flash card letter Hh (Appendix B)
- Pictures of things in our home (Appendix 4b)

## METHOD

### Listening and speaking - Introducing the capital and small letter Hh (Page 28)

- Begin the class, by singing the ‘Welcome song’ (Unit 1 lesson 1). Ensure that each student responds to the greeting by saying, ‘Good morning. I am well, thank you.’ Encourage students to share greetings in their mother tongue also.
- Invite two or three students to identify the letter Hh on the alphabet chart.
- Show the flash card of the letter Hh and say, ‘huhhh’ or ‘ay-tch’. Repeat and then give other words beginning with h, e.g. Hammad, Huma, Hussain, house, horse, hat, etc.
- Read the words on page 28.

### Writing (Page 29)

- Tell students that they are going to learn to write the letter Hh.
- First write the letter H on the board by drawing each stroke step by step (repeat).
- Invite students to practise writing the letter Hh in the air with their fingers repeatedly for few minutes. A few students can be asked to come and trace the letter on the board.
- Ask students to complete the page 29.
- Next, discuss the greetings given on page 29 and when they are used. Students can take turns to greet each other.

## سبق 3

### مقاصد

- حرف Hh لکھنا
- موزوں تہنیتی کلمات/ آداب استعمال کرنا
- گھر اور اسکول میں دیکھی گئی اشیا کے نام بیان کرنا
- اشاروں کے ساتھ نظمیں پڑھنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- بڑا H اور چھوٹا h لکھ سکیں، اور متعلقہ ذخیرۂ الفاظ استعمال کرسکیں۔
- شائستہ تہنیتی کلمات استعمال کرسکیں۔
- اردگرد موجود اشیا کے نام بیان کرسکیں۔
- نظمیں پڑھ سکیں۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- حرف Hh کا فلیش کارڈ (ضمیمہ B)
- گھر میں موجود چیزوں کی تصاویر (ضمیمہ 4b)

### طریقۂ کار

### سُننا اور بولنا ۔ بڑا H اور چھوٹا h متعارف کروانا (صفحہ 28)

- 'استقبالیہ گیت' (باب 1 سبق 1 ) گا کر کلاس کا آغاز کیجیے۔ اس بات کو یقینی بنائیے کہ ہر طالب علم خیرمقدمی کلمات کے جواب میں یہ کہے،' صبح بخیر۔ میں ٹھیک ہوں، شکریہ۔' طلبا کی حوصلہ افزائی کیجیے کہ وہ اپنی مادری زبان میں بھی خیرمقدمی یا تہنیتی کلمات ادا کریں۔
- دو یا تین طلبا بُلا کر ان سے کہیے کہ حروف تہجی کے چارٹ پر حرف Hh کی شناخت کریں۔
- حرف Hh کا فلیش کارڈ دکھائیے اور کہیے،'ہہہ' یا 'ایچ'۔ یہ آوازیں دہرائیے اور پھر h سے شروع ہونے والے دوسرے الفاظ بتائیے جیسے Huma ، Hammad ، Hussain ، house ، horse ، hat وغیرہ وغیرہ۔
- صفحہ 28 پر دیے گئے الفاظ پڑھیے۔

### لکھائی (صفحہ 29)

- طلبا کو بتائیے کہ اب وہ حرف Hh لکھنا سیکھیں گے۔
- پہلے بورڈ پر حرف H اس طرح لکھیے کہ یہ حرف تشکیل دینے والی ہر لکیر یا خط مرحلہ وار بنایا جائے (یہ عمل دہرائیے)۔
- طلبا سے کہیے کہ وہ چند منٹ تک انگلیوں سے حرف Hh ہوا میں لکھنے کی مشق کریں۔ چند طلبا کو بُلا کر ان سے یہ حرف بورڈ پر لکھوایا جاسکتا ہے۔
- طلبا کو صفحہ 29 مکمل کرنے کی ہدایت کیجیے۔
- بعدازاں صفحہ 29 پر دیے گئے تہنیتی یا استقبالیہ کلمات کو زیر بحث لائیے کہ ان کا استعمال کب کیا جاتا ہے۔ طلبا ان کا استعمال کرتے ہوئے باری باری ایک دوسرے کو خوش آمدید کہہ سکتے ہیں۔

## Listening and speaking - Things in my home (Page 30)

- Students sit in a large group. Ask students to look at page 30. Display flash cards of the things in the house (Appendix 4b) on the soft board. You can ask them the following question:

  a. What is the picture about?

  b. What can you see in the picture?

  c. Describe the house you live in.

  d. Name a few things you have in your home.

## Classroom activity - My house

- Provide each student some shapes such as triangle, square, rectangle, and circle along with paints/ crayons. Students use the different shapes to make a house and colour it. Below the picture, they write h for house.
- Students' work can be displayed in the classroom.

## Reading and writing (Pages 31 and 32)

- Invite students to practise writing the letters Gg and Hh in the air repeatedly for few minutes with their classmates. A few students can be asked to come and trace the letters on the board.
- Later, students complete the work on pages 31 and 32.
- Divide students in two groups; Team A and B. Ask them to name the pictures on page 32 and give the beginning letter. The team the that gives all correct answers will be the winner. Encourage children to clap for both the teams. Later, students complete the activity on page 32.
- You can conclude by singing the poem 'Hot cross buns' on page 30.

## سُننا اور بولنا - میرے گھر میں موجود چیزیں (صفحہ 30)

- طلبا ایک بڑے گروپ کی شکل میں بیٹھ جائیں۔ ان سے کہیے کہ صفحہ 30 دیکھیں۔ پھر سوفٹ بورڈ پر گھر میں موجود اشیا کے فلیش کارڈ (ضمیمہ 4b) نمایاں کردیجیے۔ اب آپ ان سے مندرجہ ذیل سوالات پوچھ سکتی ہیں:
  الف۔ یہ تصویر کس سے متعلق ہے؟
  ب۔ تصویر میں کیا نظر آرہا ہے؟
  ج۔ جس گھر میں آپ رہتے ہیں اس کی تفصیلات بیان کریں۔
  د۔ اپنے گھر میں موجود اشیا میں سے چند کے نام بتائیں۔

## کلاس کی سرگرمی - میرا گھر

- ہر طالب علم کو کچھ اشکال جیسے مثلث، مربع، مستطیل، اور دائرے دے دیجیے۔ انھیں پینٹس/رنگین مومی پنسلیں بھی مہیا کردیجیے۔ طلبا ان اشکال کی مدد سے گھر بنا کر اس میں رنگ بھریں گے۔ تصویر کے نیچے وہ h for house لکھیں گے۔
- طلبا کے کام کی کلاس میں نمائش کی جاسکتی ہے۔

## پڑھائی اور لکھائی (صفحہ 31 اور 32)

- طلبا سے کہیے کہ اپنے ہم جماعتوں کے ساتھ چند منٹ تک ہوا میں حروف Gg اور Hh لکھنے کی مشق کریں۔ چند طلبا کو بُلا کر ان سے بورڈ پر یہ حروف لکھوائے جا سکتے ہیں۔
- اس کے بعد، وہ صفحہ 31 اور 32 پر دیا گیا کام مکمل کریں گے۔
- طلبا کو دو گروپوں میں بانٹ دیجیے؛ ٹیم A اور ٹیم B۔ ان سے کہیے کہ صفحہ 32 پر موجود تصاویر کے نام اور ہر نام کا ابتدائی حرف بتائیں۔ تمام درست جوابات دینے والی ٹیم فاتح ہوگی۔ طلبا کی حوصلہ افزائی کیجیے کہ دونوں ٹیموں کے لیے تالیاں بجائیں۔ بعدازاں طلبا صفحہ 32 پر دی گئی سرگرمی مکمل کریں گے۔
- سبق کا اختتام صفحہ 30 پر دی گئی نظم Hot cross buns پڑھ کر کیا جاسکتا ہے۔

# Unit 5 Ii, Jj

## LESSON 1

### OBJECTIVES

- Recognize, read, and write the letter Ii
- Use vocabulary related to this letter
- Recite poems with actions

### LEARNING OUTCOMES

By the end of this lesson, students should be able to:

- recognize, read, and write small and capital letter Ii, and use related vocabulary.
- recite poems with actions.

### RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Alphabet chart (Appendix A)
- Flash card letter Ii (Appendix B)
- Matching activity (Appendix 5a)

### METHOD

#### Listening and speaking - Introducing the capital and small letter Ii (Page 33)

- Ask students whose name begins with the letter I to come up in front of the class. Write their names on the board and circle the letter I. Introduce them to the letter Ii.
- Using the flash card of the letter I, mention I for Islamabad or Imran or Ishaan, and i for igloo or ink. Repeat. Here you can remind students that all given names and names of places begin with a capital letter and the other items begin with small letter.
- Ask students to open page 33 and help them to read the words.

#### Writing (Page 34)

- Inform students that they will practice writing the letter I.
- First write the letter I on the board and then ask students to follow you by tracing in the air. Repeat three or four times.
- In groups of 5, place colour paints and water on each table. Provide each student with a blank sheet of paper. Ask students to dip their fingers into any colour paint of their choice and trace the letter Ii. While the teacher writes it on the board, students trace it on their sheets.
- Explain that I is a pronoun meaning myself. When I is used as a pronoun it is written in capital. If students find this concept difficult, then you can leave it for the time being and explain it later.
- Next, students complete the work on page 34.

# باب 5

# Ii, Jj

## سبق 1

### مقاصد

- حرف Ii کی شناخت کرنا، پڑھنا اور لکھنا
- اس حرف سے متعلق ذخیرۂ الفاظ استعمال کرنا
- اشاروں کے ساتھ نظمیں پڑھنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- بڑے I اور چھوٹے i کی شناخت کرنے، پڑھنے، لکھنے اور متعلقہ ذخیرۂ الفاظ استعمال کرنے کے قابل ہوجانا چاہیے۔
- اشاروں کے ساتھ نظمیں پڑھنے کے قابل ہوجانا چاہیے۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- حروف تہجی کا چارٹ (ضمیمہ A)
- حرف Ii کا فلیش کارڈ
- الفاظ اور حروف کو ملانے کی سرگرمی (Matching activity) (ضمیمہ 5a)

### طریقۂ کار

#### سُننا اور بولنا ۔ بڑا I اور چھوٹا i متعارف کروانا (صفحہ 33)

- طلبا سے کہیے کہ جن کے نام حرف I سے شروع ہوتے ہیں وہ کلاس کے سامنے آجائیں۔ ان کے نام بورڈ پر لکھ کر حرف I کے گرد دائرہ بنادیجیے۔ اب انھیں حرف Ii سے متعارف کروائیے۔
- I کے فلیش کارڈ کا استعمال کرتے ہوئے اس حرف سے شروع ہونے والے چند الفاظ بتائیے جیسے Islamabad ، Imran ، Ishaan ، Igloo یا Ink۔ اس عمل کو دہرائیے۔ یہاں آپ طلبا کو یاد دہانی کرواسکتی ہیں کہ جگہوں کے ناموں کے علاوہ تمام رکھے گئے نام بڑے حرف سے جب کہ دوسری تمام چیزوں کے نام چھوٹے حرف سے شروع ہوتے ہیں۔
- طلبا سے کہیے کہ صفحہ 33 کھولیں۔ پھر اس صفحے پر دیے گئے الفاظ پڑھنے میں ان کی مدد کیجیے۔

#### لکھائی (صفحہ 34)

- طلبا کو آگاہ کیجیے کہ وہ حرف I لکھنے کی مشق کریں گے۔
- پہلے حرف I بورڈ پر لکھ دیجیے اور پھر طلبا سے کہیے کہ آپ کی نقل کرتے ہوئے ہوا میں یہ لفظ لکھیں۔ تین چار بار یہ عمل دہرائیں۔
- پانچ پانچ طلبا کے گروپوں کے لیے ہر میز پر کلر پینٹس اور پانی رکھ دیجیے۔ ہر طالب علم کو سادہ کاغذی شیٹ دے دیجیے۔ اب ان سے کہیے کہ اپنی انگلیاں کسی بھی کلر پینٹ میں ڈبوئیں اور حرف Ii لکھیں۔ ٹیچر یہ حرف بورڈ پر لکھیں اور طلبا ان کی نقل کرتے ہوئے کاغذی شیٹوں پر لکھیں گے۔
- واضح کیجیے کہ I اسم ضمیر ہے جس کا مطلب 'میں' ہے۔ I کو اسم ضمیر کے طور پر استعمال کرتے ہوئے بڑا لکھا جاتا ہے۔ اگر طلبا کو یہ تصور سمجھنے میں مشکل پیش آرہی ہو تو وقتی طور پر اسے چھوڑ دیجیے۔ بعد میں اس کی وضاحت کی جاسکتی ہے۔
- بعدازاں طلبا صفحہ 34 پر دیا گیا کام مکمل کریں۔

## Reading

- Using the flash card of the letter I, students name things that begin with the letter i. Write students' responses on the board or flip chart and circle the letter i.
- Divide students in small groups. Provide each student an envelope with the letter I printed on it. Prior to the class, place inside each of the envelopes small cards with pictures and the words of things beginning with the letter i (Appendix 5a).
- Ask students to match the words to the pictures. To conclude the activity, randomly ask students to share their work with the whole class.

## Suggestion

You should provide them sufficient time to practise the letter before proceeding to the next letter. Use the Alphabet chart to chant and revise the letters and words.

## LESSON 2

## OBJECTIVES

- Write the letter Ii
- Introduce self and talk about likes and dislikes
- Recite poem with actions

## LEARNING OUTCOMES

By the end of this lesson, students should be able to:

- write small and capital letter Ii, and use related vocabulary.
- recite poems with actions.
- talk about self and discuss likes and dislikes

## RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Picture cards (Appendix 5b)
- Crayons or colour pencils
- Worksheet - Name and circle the correct letter. (Appendix 5c)

## METHOD

## Listening and speaking - Classroom activity (Page 35)

- Explain that when we introduce ourself we give our name and some details about ourselves. Help students to read and complete the first three sentences.
- Next, ask students, 'What do you like and dislike?' Divide board into two columns entitled, Likes and Dislikes. Write students' responses on the board.
- Now, ask students to complete the last sentence. Once all students have completed, ask them to turn to their partners and introduce themselves using the activity or ask students to share their responses with the whole class.
- Discuss the poem 'If you're happy and you know it' given on 35. Recite the poem with actions. Ask students to repeat after you.

## پڑھائی

- حرف I کے فلیش کارڈ کا استعمال کرتے ہوئے طلبا i سے شروع ہونے والی اشیا کے نام بتائیں گے۔ ان کے جوابات بورڈ یا فلپ چارٹ پر درج کرنے کے بعد حرف i کے گرد دائرہ بنا دیجیے۔
- طلبا کے چھوٹے چھوٹے گروپ بنا دیجیے۔ ہر طالب علم کو ایک لفافہ دیجیے جس پر حرف I چھپا ہوا ہو۔ کلاس شروع ہونے سے پہلے لفافوں کے اندر تصاویر اور حرف i سے شروع ہونے والی اشیا کے ناموں پر مشتمل چھوٹے کارڈ ڈال دیجیے۔ (ضمیمہ 5a)
- طلبا سے کہیے کہ الفاظ اور تصاویر کو ملائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر مختلف طلبا سے کہیے کہ اپنا کام ہم جماعتوں کو دکھائیں۔

## تجویز

اگلے حرف پر جانے سے قبل آپ کو اس حرف کی مشق کے لیے طلبا کو مناسب وقت دینا چاہیے۔ حروف اور الفاظ کی بلند خوانی اور ان کا جائزہ لینے کے لیے حروف تہجی کے چارٹ کا استعمال کریں۔

## سبق 2

## مقاصد

- حرف Ii لکھنا
- اپنی ذات کو تعارف کروانا اور پسند ناپسند بیان کرنا
- اشاروں کے ساتھ نظمیں پڑھنا

## آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- بڑا I اور چھوٹا i لکھ سکیں اور متعلقہ ذخیرۂ الفاظ استعمال کرسکیں۔
- اشاروں کے ساتھ نظمیں پڑھ سکیں۔
- اپنی ذات اور پسند ناپسند کے بارے میں بات چیت کرسکیں۔

## درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- تصویری کارڈ (ضمیمہ 5b)
- موی یا عام رنگین پنسلیں
- ورک شیٹ -نام لکھنا اور صحیح حرف کے گرد دائرہ بنانا (ضمیمہ 5c)

## طریقۂ کار

## سُننا اور بولنا - کلاس کی سرگرمی (صفحہ 35)

- بیان کیجیے کہ اپنا تعارف کرواتے ہوئے ہم اپنا نام اور اپنے بارے میں کچھ تفصیل بتاتے ہیں۔ ابتدائی تین جملے پڑھنے اور مکمل کرنے میں طلبا کی مدد کیجیے۔
- پھر طلبا سے پوچھیے، 'آپ کی پسند اور ناپسند کیا ہے؟' بورڈ کو دو کالموں میں تقسیم کر دیجیے اور ان پر بالترتیب Likes اور Dislikes کی سرخی لگایئے۔ طلبا کے جوابات بورڈ پر درج کر دیجیے۔
- اب طلبا کو آخری جملہ مکمل کرنے کی ہدایت کیجیے۔ سب طلبا یہ کام کرچکیں تو پھر ان سے کہیے کہ اپنے اپنے ساتھی کے رُوبرو ہوجائیں اور سرگرمی سے مدد لیتے ہوئے اپنا اپنا تعارف کروائیں۔ یا طلبا سے کہیے کہ اپنے جوابات پوری کلاس کو سُنائیں۔
- صفحہ 35 پر دی گئی نظم If you're happy and you know it کو زیر بحث لایئے۔ اشاروں کے ساتھ نظم پڑھیے۔ طلبا سے کہیے آپ کے انداز سے نظم پڑھیں۔

### Group activity 1 - Name the picture

- Divide students in two groups, Team A and B. Show them picture cards (Appendix 5b) and ask them to name the beginning letter. The team with most correct answers will be the winner.

### Group activity 2 - Circle the beginning letter

- Divide students into groups of five. Provide each group with sheets of Appendix 5c. Ask each group to name each picture and circle the beginning letter. Go around the class and help students if needed.
- Students' work can be displayed in the classroom.

## LESSON 3

### OBJECTIVES

- Recognize, read, and write the letter Jj
- Use vocabulary related to this letter, fruits, and animals in the jungle
- Read three-letter words

### LEARNING OUTCOMES

By the end of this lesson, students should be able to:

- recognize, read, and write small and capital letter Jj and use related vocabulary.
- read three-letter words.
- name some common animals and fruit.

### RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Flash card letter Jj (Appendix B)
- Flash cards of the animals in the jungle (Appendix 5d)
- Small sheets of colour paper stapled to make a small booklet

### METHOD

### Listening, speaking, and reading - Introducing the capital and small letter Jj (Page 36)

- Inform students that they are going to be learning about the letter Jj. Refer them to the flash card of the letter Jj. Ask students whose name begins with J to stand up and say their name one at a time. For example, J for Jamila, J for Junaid, etc.
- Then, ask students to name things that begin with the letter j. Responses should be written on the board or flip chart. Circle the letter j in each word.
- In group time, ask students to sit in a circle. Pass around a bag filled with objects/pictures of things beginning with the letter j (one for each child). As the bag passes around the circle, each student takes out one object from the bag, names it, and says one thing about it. The teacher helps students if needed.
- Later, ask students to draw, colour, and write the names of two things beginning with the letter j in their copies.

## گروپ کی سرگرمی 1 – تصویر کا نام بتانا

- طلبا کے دو گروپ بنائیے، ٹیم A اور ٹیم B۔ انھیں تصویری کارڈ (ضمیمہ 5b) دکھا کر کہیے کہ ابتدائی حرف کا نام بتائیں۔ زیادہ تعداد میں درست جواب دینے والی ٹیم فاتح ہوگی۔

## گروپ کی سرگرمی 2 – ابتدائی حرف کے گرد دائرہ بنانا

- پانچ پانچ طلبا کے گروپ بنا دیجیے۔ ہر گروپ کو ضمیمہ 5c کی شیٹ فراہم کردیجیے۔ اب طلبا سے کہیے کہ ہر تصویر کا نام بتائیں اور نام کے ابتدائی حرف کے گرد دائرہ بنائیں۔ کلاس میں گشت کیجیے اور کسی طالب علم کو ضرورت ہو تو اس کی مدد کیجیے۔
- طلبا کے کام کی کلاس میں نمائش کی جاسکتی ہے۔

## سبق 3

### مقاصد

- حرف Jj کی شناخت کرنا، پڑھنا اور لکھنا
- اس حرف سے متعلق ذخیرۂ الفاظ استعمال کرنا نیز پھلوں اور جنگلی جانوروں کے نام بتانا
- سہ حرفی الفاظ پڑھنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- بڑے J اور چھوٹے j کی پہچان کرسکیں، یہ حرف پڑھ، لکھ سکیں اور اس سے متعلق ذخیرۂ الفاظ استعمال کرسکیں۔
- سہ حرفی الفاظ پڑھ سکیں۔
- کچھ عام جانوروں اور پھلوں کے نام بیان کرسکیں۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- حرف Jj کا فلیش کارڈ (ضمیمہ B)
- جنگل میں رہنے والے جانوروں کے فلیش کارڈ (ضمیمہ 5d)
- رنگین کاغذ کی شیٹیں جنھیں پنوں کے ذریعے جوڑ کر چھوٹے چھوٹے کتابچے بنالیے جائیں۔

### طریقۂ کار

#### سُننا، بولنا اور پڑھنا – بڑا J اور چھوٹا j متعارف کروانا (صفحہ 36)

- طلبا کو آگاہ کیجیے کہ وہ حرف Jj کے بارے میں پڑھیں گے۔ ان کی توجہ حرف Jj کے فلیش کارڈ کی طرف مبذول کروائیے۔ جن طلبا کے نام J سے شروع ہوتے ہیں ان سے کہیے کہ کھڑے ہوجائیں اور باری باری اپنا نام پکاریں۔ مثال کے طور پر J for Junaid ، J for Jamila وغیرہ وغیرہ۔
- اس کے بعد طلبا سے کہیے کہ j سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتائیں۔ ان کے جوابات بورڈ یا فلپ چارٹ پر تحریر کردیے جائیں۔ ہر لفظ میں حرف j کے گرد دائرہ بنا دیجیے۔
- گروپ کی سرگرمی کے وقت میں طلبا کو ایک دائرے کی شکل میں بٹھا دیجیے۔ اب انھیں ان اشیا/ تصاویر سے بھرا ہوا تھیلا دے دیجیے جن کے نام j سے شروع ہوتے ہیں (تھیلے میں ہر بچّے کے لیے ایک چیز ہونی چاہیے)۔ ہر بچّہ تھیلے یا لفافے میں سے ایک چیز نکال کر اس کا نام پکارے، اس کے بارے میں ایک جملہ کہے اور پھر تھیلا اگلے بچّے کو پکڑا دے۔ اس سرگرمی کے دوران ضرورت پڑنے پر ٹیچر طلبا کی مدد کرسکتی ہیں۔
- بعدازاں طلبا کو ہدایت کیجیے کہ اپنی کاپیوں میں j سے شروع ہونے والی دو چیزوں کی اشکال بنا کر رنگ بھریں اور ان کے نام لکھیں۔

## Writing (Page 37)

- Inform students that will be now learn to write the letter Jj.
- Write the letter Jj on the board by drawing each stroke step by step.
- Ask students to follow by tracing in the air. Repeat three or four times. You can provide them with sand tray and ask them to trace the letter. (Note: First you should only introduce them to the capital J and then gradually move to the small letter j.)
- Later, students complete the activity on page 37.

## Listening and speaking - Classroom activity (Page 37)

- Ask the following questions. What do you have for breakfast? Expected response will be, jam, bread, egg, butter, milk, and juice. How many of you like having juice and jam? Do you know what they are made of? Expected answer: fruit.
- Teacher can prepare face mask of different fruits and ask students to choose any one fruit face mask. Students can colour the mask and then wear it. This is an optional activity.

## Listening, speaking, and writing - Classroom activity (Page 38)

- Students sit in a large group. Discuss and show the picture of the jungle on page 38 of the book and show flash cards of animals (Appendix 5d). You can ask them the following questions:
  a. What is the picture about?
  b. Do you know what is a jungle?
  c. What can we see in the jungle?
  d. Name some animals that live in the jungle?
  e. Which is your favourite animal (pet or wild)?
- List the responses on the board.
- Provide each student with the small booklets and write 'My J for Jungle book' on it. Ask students to draw their favourite jungle animals, write the name of the animal, and colour it (one on each page). Students can then discuss their favourite animals with the whole class.

## Writing (Pages 39 and 40)

- Invite students to practise writing the letters Ii and Jj in the air repeatedly for few minutes with their classmates. A few students can be asked to come and trace the letters on the board.
- Later, students complete the work on pages 39 and 40.

## LESSON 4

## OBJECTIVES

- Read simple three-letter words

## LEARNING OUTCOMES

By the end of this lesson, students should be able to:

- read three-letter words.


OXFORD UNIVERSITY PRESS

## لکھائی (صفحہ 37)

- طلبا کو بتائیے کہ اب وہ حرف Jj لکھنا سیکھیں گے۔
- بورڈ پر حرف Jj ہر حرکت کو مرحلہ وار مکمل کرتے ہوئے لکھ دیجیے۔
- طلبا سے کہیے کہ آپ کی نقل کرتے ہوئے ہوا میں یہ لفظ لکھیں۔ تین چار بار یہ عمل دہرائیے۔ آپ انھیں ریت سے بھری ٹرے دے کر اس میں یہ حرف بنانے کے لیے کہہ سکتی ہیں۔ (نوٹ: پہلے آپ انھیں صرف بڑے J سے متعارف کروائیے اور پھر بتدریج چھوٹے j پر آجائیے۔)
- اس کے بعد طلبا صفحہ 37 پر دی گئی سرگرمی مکمل کریں۔

## سُننا اور بولنا ۔ کلاس کی سرگرمی (صفحہ 37)

- یہ سوالات پوچھیے۔ آپ ناشتے میں کیا کھاتے ہیں؟ متوقع جوابات ڈبل روٹی، جام، انڈا، مکھن، دودھ اور جوس ہوں گے۔ آپ میں سے کس کس کو جوس اور جام پسند ہے؟ کیا آپ کو معلوم ہے یہ کس سے بنائے جاتے ہیں؟ متوقع جواب پھل ہوگا۔
- ٹیچر مختلف پھلوں کی شکل کے فیس ماسک بنا کر طلبا سے کہہ سکتی ہیں کہ وہ اپنی اپنی پسند کا ماسک چُن لیں۔ طلبا ماسک میں رنگ بھر کر پہن سکتے ہیں۔ یہ اختیاری سرگرمی ہے۔

## سُننا، بولنا، اور لکھنا ۔ کلاس کی سرگرمی (صفحہ 38)

- طلبا ایک بڑے گروپ کی شکل میں بیٹھ جائیں۔ کتاب کے صفحہ 38 پر دی گئی جنگل کی تصویر انھیں دکھائیے اور اس پر گفتگو کیجیے۔ پھر جانوروں کے فلیش کارڈ دکھائیے (ضمیمہ 5d)۔ طلبا سے مندرجہ ذیل سوالات پوچھے جاسکتے ہیں:

  الف۔ تصویر کس سے متعلق ہے؟

  ب۔ آپ جانتے ہیں جنگل کیا ہوتا ہے؟

  ج۔ جنگل میں ہمیں کیا نظر آرہا ہے؟

  د۔ جنگل میں رہنے والے کچھ جانوروں کے نام بتائیں؟

  ہ۔ آپ کا پسندیدہ جانور (پالتو یا جنگلی) کون سا ہے؟
- جوابات بورڈ پر تحریر کردیجیے۔
- ہر طالب علم کو کتابچہ دے دیجیے اور اس پر My J for Junggle book لکھ دیجیے۔ اب طلبا سے کہیے اپنے پسندیدہ جنگلی جانوروں کے خاکے بنائیں، ان کے نام لکھیں اور ان میں رنگ بھریں (ہر صفحے پر ایک خاکہ بنایا جائے)۔ اس سرگرمی کے بعد طلبا کلاس کے سامنے اپنے پسندیدہ جانوروں سے متعلق بات چیت کرسکتے ہیں۔

## لکھائی (صفحہ 39 اور 40)

- طلبا کو ہدایت کیجیے کہ چند منٹ تک ہوا میں حرف Ii اور Jj لکھنے کی مشق کریں۔ چند طلبا کو بُلا کر ان سے بورڈ پر یہ حرف لکھوائے جاسکتے ہیں۔
- اس کے بعد طلبا صفحہ 39 اور 40 پر دیا گیا کام مکمل کریں۔

## سبق 4

### مقاصد

- سادہ تین حرفی الفاظ پڑھنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام پر طلبا کو:

- سہ حرفی الفاظ پڑھنے کے قابل ہوجانا چاہیے۔

## RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Envelopes containing three-letter word building sets (Appendix 5e)

## METHOD

### Reading and writing - Vocabulary building (Page 41)

- Explain to the students that they will now learn to read and make simple three-letter words.
- In a large group, demonstrate the activity by taking out the three-letter word building set with the corresponding picture or word card from the envelope (Appendix 5e).
- Ensure you have one envelope for each group of students. Show the children how to make words from this set with the help of the picture cards. For example, if the set has a picture of a cab, hold up the picture and find the letters c-a-b to make the word cab; place the complete word next to the picture of the cab.
- Show how to make more words by using the other letters in the envelope.
- Invite children to make the words with the help of the picture cards.

**Suggestion -** Please note all teaching and learning materials can be developed from low-cost and no-cost materials, such as old tissue or tea boxes, etc.

## درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- لفافے، جن کے اندر سہ حرفی الفاظ تشکیل دینے والے حروف کے سیٹ ہوں (ضمیمہ 5e)

## طریقۂ کار

### پڑھائی اور لکھائی - ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ کرنا (صفحہ 41)

- طلبا کو بتائیے کہ اب وہ تین حرفی الفاظ پڑھنا اور بنانا سیکھیں گے۔
- انھیں ایک بڑے گروپ کی شکل میں جمع کر لیجیے، اور پھر لفافے میں سے تین حروف کا سیٹ اور متعلقہ تصویر یا ورڈ کارڈ نکال کر لفظ بنانے کا عملی مظاہرہ کیجیے۔ (ضمیمہ 5e )
- اس بات کو یقینی بنائیے کہ آپ کے پاس طلبا کے ہر گروپ کے لیے ایک لفافہ موجود ہو۔ تصویری کارڈز سے مدد لیتے ہوئے طلبا کو دکھائیے کہ حروف کے سیٹ سے الفاظ کیسے بنائے جائیں۔ مثال کے طور پر، اگر سیٹ میں cab (ٹیکسی) کی تصویر ہے تو تصویر ہاتھ میں پکڑ بلند کر لیجیے اور cab کا لفظ بنانے کے لیے حروف c-a-b تلاش کیجیے؛ بعدازاں مکمل لفظ cab کی تصویر کے ساتھ رکھ دیجیے۔
- طلبا کو دکھائیے کہ لفافے میں موجود دوسرے حروف کی مدد سے مزید الفاظ کیسے بنائے جائیں۔
- طلبا سے کہیے کہ تصویری کارڈز کی مدد سے الفاظ بنائیں۔

تجویز -اس بات کا دھیان رکھیے کہ تدریس اور آموزش کے عمل میں استعمال ہونے والا تمام مواد کم قیمت اور بلاقیمت دستیاب چیزوں جیسے پرانے ٹشو پیپر یا چائے کے خالی ڈبوں وغیرہ سے بنایا جائے۔

# Unit 6 Kk, Ll

## LESSONS 1 AND 2

### OBJECTIVES

- Recognize, read, and write the letter Kk
- Use vocabulary related to this letter
- Listen to, read, understand, and discuss a story

### LEARNING OUTCOMES

By the end of this lesson, students should be able to:

- recognize, read, and write small and capital letter Kk.
- listen to, understand, and discuss a story.

### RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Alphabet chart (Appendix A)
- Flash card letter Kk (Appendix B)

### METHOD

#### Listening and speaking - Introducing the capital and small letter Kk (Page 45)

- Using the flash card of the letter Kk, explain that the letter K or k sounds like 'Cuhhh'. You may also tell them that the letters c and k have the same sound.
- Ask students to give words that begin with the letter Kk. Show them objects or pictures of things that begin with k e.g. key, kite, kangaroo, koala bear, and ask them to name them. Provide help where needed. You can also ask them to describe these things.
- Review the words beginning with k on page 45.

#### Writing (Page 46)

- Inform students that they will now practise writing the letter Kk.
- First write the letter Kk on the board by drawing each stroke step by step.
- Ask students to follow you by tracing in the air with their fingers. Repeat three to four times. You can also ask them to practice tracing in sand trays. Note: First you should only introduce them to the Capital K and then gradually move to the small letter k.
- Using a crayon, students trace out the letters on page 46 of their books.

#### Classroom activity - Kite making

- Provide students with coloured pieces of crepe paper or old newspapers and help them to make a kite. Once the kites are made, students pretend to fly their kites by saying, 'See my k, k, k, k, kite flying high up in the sky'.

# باب 6

# Kk, Ll

## سبق 1 اور 2

### مقاصد

- حرف Kk کی شناخت کرنا، پڑھنا اور لکھنا
- اس حرف سے متعلق ذخیرۂ الفاظ کا استعمال کرنا
- ایک کہانی سننا، پڑھنا، سمجھنا اور اسے زیرِ بحث لانا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- بڑے K اور چھوٹے k کی شناخت کرسکیں، پڑھ اور لکھ سکیں۔
- کہانی سُن اور سمجھ سکیں اور اس پر بات چیت کرسکیں۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- حروفِ تہجی کا چارٹ (ضمیمہ A)
- حرف Kk کا فلیش کارڈ (ضمیمہ B)

### طریقۂ کار

### سننا اور بولنا ۔ بڑا K اور چھوٹا k متعارف کروانا (صفحہ 45)

- Kk کے فلیش کارڈ کا استعمال کرتے ہوئے وضاحت کیجیے کہ حرف K یا k کی آواز 'کے' جیسی ہوتی ہے۔ آپ انھیں یہ بھی بتا سکتی ہیں کہ حرف c اور k کی آواز ایک ہی ہوتی ہے۔
- طلبا سے کہیے کہ Kk سے شروع ہونے والے الفاظ بتائیں۔ انھیں مختلف اشیا یا ان کی تصاویر دکھائیے جن کے نام k سے شروع ہوتے ہیں مثلاً kangroo ، kite ، key ، koala bear۔ طلبا سے کہیے کہ ان کے نام بتائیں۔ جہاں ضرورت پیش آئے ان کی مدد کیجیے۔ آپ طلبا کو ان چیزوں کے بارے میں بیان کرنے کی بھی ہدایت کرسکتی ہیں۔
- صفحہ 45 پر دیے گئے k سے شروع ہونے والے الفاظ کا جائزہ لیجیے۔

### لکھائی (صفحہ 46)

- طلبا کو بتائیے کہ وہ حرف Kk لکھنے کی مشق کریں گے۔
- پہلے بورڈ پر حرف K ہر خط یا اسٹروک مرحلہ وار کھینچتے ہوئے لکھیں۔
- طلبا سے کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے یہ حرف انگلیوں کی مدد سے ہوا میں بنائیں۔ تین سے چار بار یہ عمل دہرائیں۔ آپ انھیں ریت سے بھری ٹرے میں یہ حرف بنانے کی مشق کرنے کی ہدایت کرسکتی ہیں۔ نوٹ: پہلے آپ صرف بڑا K متعارف کروائیے اور پھر بتدریج چھوٹے k پر آجائیے۔
- رنگین موی پنسل کے ذریعے طلبا اپنی کتابوں کے صفحہ 46 پر دیے گئے حروف مکمل کریں گے۔

### کلاس کی سرگرمی ۔ پتنگ سازی

- طلبا کو پرانے کریپ پیپر یا اخبارات کے ٹکڑے دیجیے اور پتنگ بنانے میں ان کی مدد کیجیے۔ پتنگیں تیار ہوجائیں تو طلبا کہیں گے 'See my k, k, k, kite flying high up in the sky'. کہتے ہوئے ہاتھوں کو ایسے حرکت دیں جیسے پتنگ اڑا رہے ہوں۔

### Listening, speaking, and reading - Storytime: The sad king (Page 47)

- Welcome students by singing the ‘Welcome Song’ (Unit 1 lesson 1 for details).
- Ask students to sit in a circle. Tell them that today they are going to hear a story about ‘The Sad King’ from page 47 of the book.
- Show them the picture of the story and ask the following questions: Can you tell me what the story is about? What do you see in the picture? Have you seen a palace or castle?
- Read the story with expression. While reading you can stop and ask them to predict what will happen next? At the end of the story you can ask the children: Was the king happy or sad? Who made the king happy? What did he do to make him happy? Who is a king? Did you enjoy the story? Why?
- When the students become familiar with the story, student can role-play the story in groups.
- As an additional activity, you can help the students to make crowns out of paper and wear it on their heads and act like kings. They can say, ‘I am a king!’
- Use the Alphabet chart to chant and revise the letters and words.

## LESSON 3

### OBJECTIVES

- Recognize, read, and write the letter Ll
- Use vocabulary related to this letter
- Read and recite poems.

### LEARNING OUTCOMES

By the end of this lesson, students should be able to:

- recognize, read, and write small and capital letter Ll, and use related vocabulary.
- recite poems.

### RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Flash card letter Ll (Appendix B)

### METHOD

### Listening and speaking - Introducing the capital and small letter Ll (Page 48)

- Ask students to guess which letter they are going to learn about. Show the flash card of the letter Ll. Ask students whose name begins with the letter L to stand up and say their name. Write the names on the board and circle the letter L for example L for Leena, L for Laila. You can also write L for Lahore and say that names of cities also start with capital letters.
- Show pictures of things beginning with l, e.g. ladder, leaf, lock, lion, laces, etc. and let them name these things. Write the words on the board and circle the letter l. Say, ‘elll’ for ladder. Emphasize on the sound ‘elll’ sound.

## سننا، بولنا، اور پڑھنا ۔ قصہ گوئی The sad king (صفحہ 47)

- استقبالیہ گیت گا کر طلبا کو خوش آمدید کہیے (تفصیلات کے لیے دیکھیے باب 1 کا سبق 1)
- طلبا سے کہیے دائرے کی شکل میں بیٹھ جائیں۔ انھیں بتائیے کہ آج وہ کہانی The Sad King سُنیں گے جو کتاب کے صفحہ 47 پر دی گئی ہے۔
- انھیں کہانی کی تصویر دکھائیے اور یہ سوالات پوچھیے۔ کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ کہانی میں کس کا ذکر ہے؟ تصویر میں آپ کو کیا نظر آرہا ہے؟ کیا آپ نے محل یا قلعہ دیکھا ہے؟
- اشاروں اور حرکات وسکنات کے ساتھ کہانی پڑھیے۔ پڑھتے پڑھتے رُک کر آپ طلبا سے استفسار کرسکتی ہیں کہ آگے کیا ہوگا؟ کہانی کے اختتام پر آپ طلبا سے پوچھ سکتی ہیں: بادشاہ مسرور تھا یا غمگین؟ بادشاہ کو کس نے خوشی دی؟ اس نے بادشاہ کو خوش کرنے کے لیے کیا کیا؟ بادشاہ کون ہوتا ہے؟ کیا آپ کہانی سے لطف اندوز ہوئے؟ اور کیوں؟
- طلبا کو کہانی یاد ہوجائے تو وہ اسے گروپ بنا کر ڈرامے کی شکل میں پیش کرسکتے ہیں۔
- اضافی سرگرمی کے طور پر، آپ کاغذی تاج بنانے میں طلبا کی مدد کرسکتی ہیں۔ انھیں پہن کر وہ بادشاہوں جیسا انداز اختیار کرلیں گے ۔ وہ کہہ سکتے ہیں، 'میں بادشاہ ہوں!'
- حروف تہجی کے چارٹ کی مدد سے حروف اور الفاظ کو باآواز بلند پڑھیے اور دہرائیے۔

# سبق 3

## مقاصد

- حرف Ll کی شناخت کرنا، پڑھنا اور لکھنا
- اس حرف سے متعلق ذخیرۂ الفاظ کا استعمال کرنا
- اشاروں کے ساتھ نظمیں پڑھنا

## آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو:

- بڑے L اور چھوٹے l کی پہچان کرنے، پڑھنے اور لکھنے اور متعلقہ ذخیرۂ الفاظ استعمال کرنے کے قابل ہوجانا چاہیے۔
- نظم پڑھنے کے قابل ہوجانا چاہیے۔

## درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- حرف Ll کا فلیش کارڈ (ضمیمہ B)

## طریقۂ کار

### سُننا اور بولنا ۔ بڑا L اور چھوٹا l متعارف کروانا (صفحہ 48)

- طلبا سے بوجھیے کہ آج وہ کس حرف کے بارے میں پڑھیں گے۔ حرف Ll کا فلیش کارڈ دکھائیے۔ طلبا سے کہیے کہ جن کا نام حرف L سے شروع ہوتا ہے وہ کھڑے ہوجائیں اور اپنا نام پکاریں۔ ان کے نام بورڈ پر لکھ کر حرف L کے گرد دائرہ بنادیجیے، مثال کے طور پر L for Leena ، L for Laila ۔ آپ L for Lahore لکھ کر طلبا کو بتاسکتی ہیں کہ شہروں کے نام بڑے حروف سے شروع ہوتے ہیں۔
- l سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر دکھائیے اور طلبا سے کہیے کہ ان کے نام بتائیں، مثلاً ladder ، leaf ، lock ، lion ، laces وغیرہ۔ یہ الفاظ بورڈ پر درج کرتے ہوئے حرف l کے گرد دائرہ بنادیجیے۔ اب کہیے 'elll' for ladder ۔ elll کی آواز پر زور دیجیے۔

## Writing (Page 49)

- Inform students that they will practise writing the letter Ll.
- First write the letter Ll on the board by drawing each stroke step by step (repeat).
- Invite students to practise writing the letter Ll in the air with their fingers. A few students can be asked to come and trace the letter on the board.
- Next, students complete page 49 by following the directions given in the book.

## Classroom activity - Counting how many legs (Page 50)

- Have all of them seated on the floor. Ask the students how many legs they have. Pointing to the legs you can count one and two.
- Show them pictures of animals and ask them how many legs the animals have. Inform them that caterpillars, cockroaches, bumble bees, have many legs.
- Later count the number of legs of the octopus and spider given on page 50. Ask students to colour these pictures.
- You can conclude the lesson by singing the poem 'Little Miss Muffet'.

## LESSON 4

## OBJECTIVES

- Understand concept of large and small

## LEARNING OUTCOMES

By the end of this lesson, students should be able to:

- talk about large and small things.

## Classroom Activity - Large and Small (Page 51)

- Explain that large means big and small means tiny.
- Show them big things and say, 'Large' and small things saying, 'tiny'. For example, a large blackboard and a small rubber; a big door and a small window, a large book and a small book, a small plant and a large tree, etc.
- Ask them to point out the large and small things in the classroom.
- Provide sheets of paper to each student. Provide them with cut-outs of a few things, e.g. a large and small leaf, large and small circle, large and small flower, etc. Ask students to trace around these objects on their sheets and ask them to colour the big ones with crayons and the small ones with colour pencils.

## Writing (Pages 52 and 53)

- Invite students to practise writing the letters Kk and Ll in the air with their fingers repeatedly for few minutes. A few students can be asked to come and trace the letters on the board.
- Writing task can be done in one or two lessons.

## لکھائی (صفحہ 49)

- طلبا کو بتائیے کہ وہ حرف L لکھنے کی مشق کریں گے۔
- پہلے بورڈ پر حرف L ہر خط یا اسٹروک کو مرحلہ وار کھینچتے ہوئے لکھیے (اس عمل کو دہرائیے)۔
- طلبا سے کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے یہ حرف انگلیوں کی مدد سے ہوا میں بنائیں۔ چند طلبا کو بلا کر بورڈ پر یہ حرف لکھوایا جاسکتا ہے۔
- بعدازاں، طلبا کتاب کا صفحہ 49 دی گئی ہدایات کے مطابق عمل کرتے ہوئے مکمل کریں گے۔

## کلاس کی سرگرمی ۔ (صفحہ 50) ٹانگوں کی گنتی

- تما طلبا کو فرش پر بٹھادیجیے۔ اب ان سے پوچھیے کہ ان کی کتنی ٹانگیں ہیں۔ ٹانگوں کی جانب اشارہ کرتے ہوئے آپ ایک اور دو کہہ کر گن سکتی ہیں۔
- طلبا کو جانوروں کی تصاویر دکھائیے اور پوچھیے کہ ان کی کتنی ٹانگیں ہوتی ہیں۔ انھیں بتائیے کہ سُنڈیوں، لال بیگوں اور شہد کی مکھیوں کی متعدد ٹانگیں ہوتی ہیں۔
- بعدازاں ہشت پا اور مکڑی کی ٹانگیں شمار کیجیے جن کی تصاویر صفحہ 50 پر دی گئی ہیں۔ طلبا سے کہیے کہ ان تصویروں میں رنگ بھریں۔
- سبق کا اختتام آپ نظم Little Miss Muffet گا کر کرسکتی ہیں۔

## سبق 4

### مقاصد

- بڑے اور چھوٹے کا تصور سمجھنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو:

- بڑی اور چھوٹی چیزوں کے بارے میں بات چیت کرنے کے قابل ہوجانا چاہیے۔

## کلاس کی سرگرمی بڑا اور چھوٹا (صفحہ 51)

- انھیں بڑی چیزیں دکھائیے اور کہیے 'بڑا' پھر چھوٹی چیزیں دکھائیے اور کہیے 'چھوٹا'۔ مثال کے طور پر بڑا بلیک بورڈ اور چھوٹی ربڑ؛ بڑا دروازہ اور چھوٹی کھڑکی، بڑی کتاب اور چھوٹی کتاب، ننھا پودا اور بڑا درخت وغیرہ۔
- طلبا سے کہیے کہ کلاس کی چھوٹی اور بڑی چیزوں کی نشان دہی کریں۔
- ہر طالب علم کو کاغذی شیٹ دے دیجیے۔ انھیں کچھ چیزوں کے تراشے (cut outs) فراہم کردیجیے، مثلاً ایک بڑا اور ایک چھوٹا پتّا، بڑا اور چھوٹا دائرہ، بڑا اور چھوٹا پھول وغیرہ۔ اب طلبا سے کہیے کہ تراشے کاغذی شیٹ پر رکھ کر ان کے گرد پنسل پھیرتے چلے جائیں، اس طرح شیٹ پر ان کے خاکے بن جائیں گے۔ اب ان سے کہیے کہ بڑے خاکوں میں موی پنسل اور چھوٹے خاکوں میں رنگین پنسل سے رنگ بھریں۔

## لکھائی (صفحہ 52 اور 53)

- طلبا کو ہدایت کیجیے کہ چند منٹ تک ہوا میں اپنی انگلیوں سے حرف Kk اور Ll لکھنے کی مشق کریں۔ چند طلبا کو بُلا کر ان سے بورڈ پر یہ حرف لکھوائے جاسکتے ہیں۔
- لکھنے کا کام ایک یا دو اسباق میں مکمل کیا جاسکتا ہے۔

# Unit 7 Mm, Nn

## LESSONS 1 AND 2

### OBJECTIVES

- Recognize, read, and write the letter Mm
- Use vocabulary related to this letter
- Use polite words please, thank you, sorry, and excuse me.
- Recite poem with actions

### LEARNING OUTCOMES

By the end of the lesson, students should be able to:

- recognize, read, and write small and capital letter Mm, and use related vocabulary.
- use polite words please, thank you, sorry, and excuse me.
- recite poem with actions.

### RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Flash cards Aa to Zz (Appendix B)

### METHOD

#### Listening and speaking - Introducing the capital and small letter Mm (Page 54)

- Place flash cards Aa-Ll in a basket. Ask a few students to pick out one letter each. While singing the Alphabet song, ask each student to come up in turns and place the letters in order from A to L, on the board. Once you reach the letter k ask them to guess which letter comes next. Once they tell you, place the flash card M on the board.
- Show them pictures or things that begin with the letter m, e.g. mug, mango, monkey, marker, mouse, etc. Spell each word out and ask them to follow, emphasizing on the m sound. Brainstorm with the students for other words that begin with the letter m.

#### Writing (Page 55)

- Inform students that they are going to write the letter Mm.
- First write the letter Mm on the board by drawing each stroke step by step and then m (repeat).
- Ask students to follow you by tracing in the air with their fingers. Repeat three to four times.
- Give each student a blank chart paper pieces and markers. Ask them to trace the letter M and then m on this. (Note: First you should only introduce them to the Capital M and then gradually move to the small letter m)
- Later, students trace the letter Mm on page 55 and draw two things that begin with the letter m.

# باب 7 Mm, Nn

سبق 1 اور 2

## مقاصد

- حرف Mm کی شناخت کرنا، پڑھنا اور لکھنا
- اس حرف سے متعلق ذخیرۂ الفاظ کا استعمال کرنا
- شائستہ الفاظ جیسے please ، thank you ، sorry اور excuse me کا استعمال کرنا
- اشاروں کے ساتھ نظمیں پڑھنا

## آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- بڑےM اور چھوٹے m کی پہچان کرسکیں۔ یہ حرف پڑھ اور لکھ سکیں اور متعلقہ ذخیرۂ الفاظ استعمال کرسکیں۔
- شائستہ الفاظ جیسے please ، thank you ، sorry اور excuse me کا استعمال کرسکیں۔
- اشاروں کے ساتھ نظم پڑھ سکیں۔

## درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- Aa تا Zz کے فلیش کارڈ (ضمیمہ B)

## طریقۂ کار

### سننا اور بولنا بڑا M اور چھوٹا m متعارف کروانا (صفحہ 54)

- Aa سے لے کر Ll تک حروف کے فلیش کارڈ ٹوکری میں رکھ دیجیے۔ چند طلبا کو بُلایئے اور کہیے کہ ہر طالب علم ایک ایک حرف نکالے۔ حروف تہجی کا گیت گاتے ہوئے ہر طالب علم سے کہیے کہ باری باری آئیں اور بورڈ پر A سے لے کر L تک تمام حروف ترتیب سے لگا دیں۔ جب حرف k پر پہنچیں تو طلبا سے پوچھیے کہ اگلا حرف کون سا ہے۔ درست جواب ملنے کے بعد M کا فلیش کارڈ بورڈ پر لگا دیجیے۔
- انھیں حرف m سے شروع ہونے والی اشیا یا ان کی تصاویر دکھایئے، مثلاً mug ، mango ، monkey ، marker ، mouse وغیرہ۔ m کی آواز پر زور دیتے ہوئے ہر لفظ بلند آواز سے پڑھیے اور طلبا کو ہدایت کیجیے کہ وہ آپ کے ساتھ ساتھ یہ الفاظ دہرائیں۔ طلبا کے ساتھ مل کر m سے شروع ہونے والے دوسرے الفاظ پر غور کیجیے۔

### لکھائی (55)

- طلبا کو بتایئے کہ اب وہ حرف Mm لکھیں گے۔
- پہلے بورڈ پر حرف Mاور پھر m ہر خط یا اسٹروک کو مرحلہ وار کھینچتے ہوئے لکھیے (اس عمل کو دہرایئے)۔
- طلبا سے کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے یہ حرف انگلیوں کی مدد سے ہوا میں بنائیں۔ تین سے چار بار یہ عمل دہرایئے۔
- ہر طالب علم کو سادہ چارٹ پیپر کے ٹکڑے اور مارکر دے دیجیے۔ ان سے کہیے کہ پہلے حرف M اور پھر m لکھیں۔(نوٹ: پہلے آپ انھیں صرف بڑے M سے متعارف کروایئے اور پھر بتدریج چھوٹے m پر آجایئے۔)
- بعدازاں طلبا صفحہ 55 پر حرف Mm بنائیں گے اور پھر m سے شروع ہونے والی دو چیزوں کی اشکال بنائیں گے۔

### Classroom activity- Things I do at home and school (Page 56)

- Begin by reading the passage 'Good morning!' given on page 56.
- Ask students about the things they do in the morning, afternoon, evening, and night. Write their responses on the board.
- Later, ask students to draw and show some activities that they do in school on page 56.
- Students share their work with their class.

### Classroom activity- Magic words (Page 57)

- Put up the magic words given on page 57, on the board and read them.
- Divide students in 4 groups and provide the following scenarios to each group. Students discuss the scenario and ask them to discuss the situation, think of the ending, and role-play it.

  Group 1– During recess, two children are fighting over a ball in the school compound and one gets hurt and begins to cry. What should the other child do?

  Group 2 – The teacher is explaining a topic in the class. One of the students has a question to ask. What should that child do?

  Group 3 – It's your birthday and someone presents you with a gift. What would you say?

  Group 4 – Children are sitting at a table working on an activity. One child needs a pair of scissors that is close to another child. What should the child say to the other child?
- After each group role-plays the scenario, explain to the students the importance of using magic words such as please, thank you, sorry, and excuse me.
- You can conclude the lesson by singing the poem 'Do you know the muffin man?' given on page 57.

## LESSON 3

### OBJECTIVES

- Recognize, read, and write the letter Nn
- Use vocabulary related to this letter
- Recite poems with actions
- Read and recognize numbers

### LEARNING OUTCOMES

By the end of the lesson, students should be able to:

- recognize, read, and write small and capital letter Nn, and use related vocabulary.
- recite poem with actions.
- recognize numbers 1-10.

### RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Alphabet chart (Appendix A)
- Flash card letter Nn (Appendix B)
- Number cards in words and digits (1-10)

## کلاس کی سرگرمی ۔ جو کام میں اسکول میں کرتا/کرتی ہوں (صفحہ 56)

- صفحہ 56 پر دیا گیا اقتباس Good morning! (صبح بخیر!) پڑھ کر آغاز کیجیے۔
- طلبا سے پوچھیے وہ صبح، دوپہر، شام اور رات میں کون سے کام کرتے ہیں۔ ان کے جوابات بورڈ پر تحریر کردیجیے۔
- اس کے بعد ان سے کہیے کہ صفحہ 56 پر کچھ سرگرمیوں کا خاکہ بنا کر دکھائیں جو وہ اسکول میں انجام دیتے ہیں۔
- طلبا اپنا کام دوسرے طالب علموں کو دکھائیں۔

## کلاس کی سرگرمی ۔ Magic words (صفحہ 57)

- صفحہ 57 پر دیے گئے کرشماتی الفاظ بورڈ پر لکھ دیجیے اور پڑھیے۔
- طلبا کے چار گروپ بنا دیجیے اور ہر گروپ کو درج ذیل منظرنامہ تفویض کردیجیے۔ طلبا سے کہیے کہ وہ آپس میں اس منظرنامے کو زیرِ بحث لاتے ہوئے اس کے اختتام پر غور کریں، اور پھر اسے رول پلے کے طور پر پیش کریں۔

گروپ 1 –وقفے (recess) کے دوران، دو بچّے اسکول کے احاطے میں گیند پر ایک دوسرے سے لڑ جھگڑ رہے ہیں۔ ایک کو چوٹ لگ جاتی ہے اور وہ رونے لگتا ہے۔ دوسرے بچّے کو کیا کرنا چاہیے؟

گروپ 2 –ٹیچر کلاس میں کسی موضوع کی وضاحت کررہی ہیں۔ ایک طالب علم کو سوال پوچھنا ہے۔ اس بچّے کو کیا کرنا چاہیے؟

گروپ 3 –آپ کی سال گرہ ہے اور کوئی آپ کو تحفہ پیش کرتا ہے۔ آپ کیا کہیں گے؟

گروپ 4 –بچّے میز کے گرد بیٹھ کر ایک سرگرمی پر کام کررہے ہیں۔ ایک بچّے کو دوسرے بچّے کے قریب رکھی ہوئی قینچی درکار ہے۔ اسے دوسرے بچّے سے کیا کہنا چاہیے؟

- جب ہر گروپ اپنا اپنا سین یا پلاٹ ڈرامائی انداز میں پیش کرچکے تو پھر طلبا کو کرشماتی الفاظ جیسے please، thanks you، sorry اور excuse me کے استعمال کی اہمیت سے آگاہ کیجیے۔
- سبق کا اختتام آپ صفحہ 57 پر دی گئی نظم ?Do you know the muffin man گا کر کرسکتی ہیں۔

# سبق 3

## مقاصد

- حرف Nn کی پہچان کرنا، پڑھنا اور لکھنا
- اس حرف سے متعلق ذخیرۂ الفاظ کا استعمال کرنا
- اشاروں کے ساتھ نظمیں پڑھنا
- اعداد کو پہچاننا اور پڑھنا

## آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- بڑے N اور چھوٹے n کی پہچان کرسکیں، یہ حرف پڑھ اور لکھ سکیں اور متعلقہ ذخیرۂ الفاظ استعمال کرسکیں۔
- اشاروں کے ساتھ نظم پڑھ سکیں۔
- 1 سے 10 تک اعداد کی شناخت کرسکیں۔

## درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- حروفِ تہجی کا چارٹ (ضمیمہ A)
- حرف Nn کے فلیش کارڈ
- نمبر کارڈ جن پر 1 سے 10 تک گنتی ہندسوں اور الفاظ میں درج ہو

## METHOD

### Listening, speaking, and reading - Introducing the capital and small letter Nn (Page 58)

- Display a flash card of the letter Nn and say, ‘ennn’ or ‘nuuh’. Ask students to repeat after you to emphasize the sound. Repeat.
- Then ask two or three students to point out to the letter N on the alphabet chart. Show some objects such as net, necklace, numbers, toy nurse, etc. Ask them to name it by emphasizing on the beginning n sound.
- Brainstorm with students for other words that begin with the letter n.
- Talk to them about these things. You can tell students that the nose is a part of our body, we use it to breathe and smell.
- Arrange for students to gather twigs and leaves (either from home or school garden) to make their own nest. They may also colour some stones and place them in the nest to look like eggs.

### Writing (Page 59)

- Inform students that they will now be tracing the letter Nn.
- First write the letter Nn on the board by drawing each stroke step by step.
- Ask students to follow you by tracing in the air with their fingers. Repeat three to four times. You can provide them sand trays to trace the letter. (Note: First you should only introduce them to the Capital N and then gradually move to the small letter n).
- Using a crayon, students trace over the letter Nn on page 59.

### Classroom activity - Counting numbers (Page 59)

- Display number flash cards of digit and word (1-10) as shown on page 59, on the board.
- Students read and spell out each number for example 1 o-n-e and show one object,

  2 t-w-o, and point to the eyes, and so on.
- Play the ‘Number game’. In this game, the teacher asks for certain number of things and the student counts the correct number of objects and presents it to the teacher.
- Later, students colour the numbers on page 59 of the book.
- You can conclude the lesson by singing the Alphabet song and by using the Alphabet chart to chant and revise the letters and words.

## LESSON 4

## OBJECTIVES

- Recite poems
- Read simple words and sentences with the help of pictures

## LEARNING OUTCOMES

By the end of the lesson, students should be able to:

- recite poems.
- read simple words and sentences.

## طریقۂ کار

### سُننا، بولنا اور پڑھنا ۔ بڑا N اور چھوٹا n متعارف کروانا (صفحہ 58)

- حرف Nn کا فلیش کارڈ دکھائیے اور کہیے 'این' یا 'نہہ'۔ ان آوازوں پر زور دینے کے لیے طلبا سے کہیے کہ آپ کی نقل کرتے ہوئے یہ آوازیں کئی بار دہرائیں۔
- پھر دو یا تین طلبا سے کہیے کہ حروف تہجی کے چارٹ پر حرف N کی نشان دہی کریں۔ انھیں کچھ چیزیں دکھائیے جیسے necklace، net ، numbers، nurse toy وغیرہ۔ ان سے کہیے کہ ابتدائی n کی آواز پر زور دیتے ہوئے ان چیزوں کے نام بتائیں۔
- طلبا کے ساتھ مل کر حرف n سے شروع ہونے والے مزید الفاظ پر غور کیجیے۔
- ان اشیا کے بارے میں طلبا سے بات چیت کیجیے۔ آپ انھیں بتا سکتی ہیں کہ nose ہمارے جسم کا ایک حصہ ہے۔ ہم اس سے سانس لیتے اور سونگھتے ہیں۔
- طلبا کے لیے انتظام کیجیے کہ وہ اپنا گھونسلا بنانے کی غرض سے (گھر یا پھر اسکول کے باغیچے سے) ٹہنیاں اور پتے جمع کر کے لائیں۔ وہ کچھ پتھروں پر رنگ کر کے انھیں انڈوں کے طور پر گھونسلے کے اندر رکھ سکتے ہیں۔

### لکھائی (صفحہ 59)

- طلبا کو بتائیے اب وہ حرف Nn لکھنا سیکھیں گے۔
- پہلے بورڈ پر حرف N ہر اسٹروک یا خط کو مرحلہ وار کھینچتے ہوئے لکھیے۔
- طلبا سے کہیے وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے یہ حرف انگلیوں کی مدد سے ہوا میں بنائیں۔ تین سے چار بار یہ عمل دہرائیں۔ آپ انھیں ریت سے بھری ٹرے فراہم کرسکتی ہیں جس میں وہ یہ حرف بنائیں۔ (نوٹ: پہلے آپ انھیں صرف بڑےN سے متعارف کروائیے اور پھر بتدریج چھوٹے n پر آجائیے۔)
- موٹی پنسل کی مدد سے طلبا صفحہ 59 پر دیے گئے حرف Nn مکمل کریں گے۔

### کلاس کی سرگرمی ۔ ہندسوں کی گنتی (صفحہ 59)

- بورڈ پر نمبر فلیش کارڈ نمایاں کردیجیے جن پر 1 سے 10 تک گنتی ہندسوں اور الفاظ دونوں میں درج ہو جیسا کہ صفحہ 59 پر دکھایا گیا ہے۔
- طلبا ہر عدد پڑھیں اور اس کے ہجے کریں مثال کے طور پر 1، o-n-e۔ ساتھ ہی ایک چیز دکھائیں۔ پھر 2، t-w-o پڑھیں اور دونوں آنکھوں کی جانب اشارہ کریں۔ اس طرح یہ عمل جاری رہے گا۔
- اعداد کا کھیل کھیلا جائے۔ اس کھیل میں ٹیچر مخصوص اشیا کی تعداد پوچھیں گی اور طالب علم گن کر درست عدد ٹیچر کو بتائیں گے۔
- بعدازاں طلبا کتاب کے صفحہ 59 پر دیے گئے اعداد میں رنگ بھریں گے۔
- سبق کے اختتام پر آپ حروف تہجی کا گیت گا سکتی ہیں اور حروف تہجی کے چارٹ کا استعمال کرتے ہوئے حروف اور الفاظ کا جائزہ لے سکتی ہیں اور بلند خوانی کرسکتی ہیں۔

## سبق 4

### مقاصد

- نظمیں پڑھنا
- تصویروں کی مدد سے سادہ الفاظ اور جملے پڑھنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- نظمیں پڑھ سکیں۔
- سادہ الفاظ اور جملے پڑھ سکیں۔

## RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Flash cards A to Z (Appendix B)
- Word cards (Appendix 7a)

## METHOD

### Listening and speaking - Greetings: Good morning and Good night (Page 60)

- Discuss the poem 'Twinkle, Twinkle little star', given in the book.
- Ask these questions: When can you see the stars? What else can you see in the night, besides the moon? What do you do at night before you go to sleep?
- Explain that 'good morning' and 'goodnight' are forms of greetings that are used in the morning or at night.

### Writing (Pages 61 and 62)

- Invite students to practise writing the letters Mm and Nn in the air repeatedly for few minutes with their classmates. A few students can be asked to come and trace the letters on the board.
- Later, students complete the work on pages 61 and 62.

### Reading - Let us read (Page 63)

- Help students to read the word (bat, cat, man, hat) given on page 63. Next, read the sentences and ask students to repeat after you.
- Small group activity - Divide students into groups of 4. Provide each group with an envelope containing the word cards. Each envelope will contain word cards that will help to make the sentences given on page 63 (Appendix 7a).
- Students read the sentence and look for the words in the envelope to make the sentence in the correct order. They can set the words in order, on their tables. Demonstrate one example for the class.
- Once the group puts together all the complete sentences in the correct order, they shout out BINGO! Students read out their sentences.

## درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- فلیش کارڈ A تا Z (ضمیمہ B)
- ورڈ کارڈز (ضمیمہ 7a)

## طریقۂ کار

### سُننا اور بولنا تہنیتی کلمات؛ Good morning (صبح بخیر) اور Good night (شب بخیر) (صفحہ 60)

- کتاب میں دی گئی نظم Twinkle, Twinkle little star پر گفتگو کیجیے۔
- یہ سوالات پوچھیے: ستارے آپ کو کب نظر آتے ہیں؟ چاند کے علاوہ آسمان پر آپ کو اور کیا دکھائی دیتا ہے؟ رات میں سونے سے پہلے آپ کیا کرتے ہیں؟
- واضح کیجیے کہ good morning اور good night آداب وسلام کی اصطلاحیں ہیں جو صبح اور رات میں استعمال کی جاتی ہیں۔

### لکھائی (صفحہ 61 اور 62)

- طلبا سے کہیے کہ چند منٹ تک اپنے ہم جماعتوں کے ساتھ ہوا میں حروف Mm اور Nn لکھنے کی مشق کریں۔ چند طلبا کو بُلا کر ان سے بورڈ پر یہ حروف لکھوائے جاسکتے ہیں۔
- اس کے بعد طلبا صفحہ 61 اور 62 پر دیا گیا کام مکمل کریں۔

### پڑھائی - آؤ پڑھیں (صفحہ 63)

- صفحہ 63 پر دیے گئے الفاظ (hat، man، cat، bat) پڑھنے میں طلبا کی مدد کیجیے۔ پھر جملے پڑھیے اور طلبا سے کہیے کہ وہ آپ کے ساتھ ساتھ جملے دہرائیں۔
- مختصر گروپ کی سرگرمی - چار چار طلبا کے گروپ بنادیجیے۔ ہر گروپ کو ایک لفافہ دے دیجیے جس کے اندر ورڈ کارڈز ہوں۔ ہر لفافے میں وہ ورڈ کارڈز ہوں گے جن سے صفحہ 63 پر دیے گئے جملے بنانے میں مدد ملے گی۔ (ضمیمہ 7a)
- طلبا جملہ پڑھیں اور پھر لفافے میں سے الفاظ نکال کر درست ترتیب کے ساتھ جملہ بنائیں۔ وہ اپنی اپنی میز پر الفاظ درست ترتیب میں رکھ سکتے ہیں۔ بطور مثال کلاس کو ایک جملہ بنا کر دکھایئے۔
- طلبا کے گروپ تمام مکمل جملے درست ترتیب میں ایک ساتھ رکھنے کے بعد BINGO! کا نعرہ لگائیں۔ پھر طلبا اپنے اپنے جملے بآواز بلند پڑھیں۔

# Unit 8 Oo, Pp

## LESSON 1

### OBJECTIVES

- Recognize, read, and write the letter Oo
- Use vocabulary related to this letter

### LEARNING OUTCOMES

By the end of the lesson, students should be able to:

- recognize, read, and write small and capital letter Oo, and use related vocabulary

### RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Flash card letter Oo (Appendix B)

### METHOD

### Listening and speaking - Introducing the capital and small letter Oo (Page 64)

- Ask students whose name begins with the letter O to come to the front of the class. Write their names on the board and circle the letter o.
- Using the flash card of the letter Oo, say, 'O for Oman' or 'o for octopus or onion'. Repeat. Here you can remind students that all given names and names of places begin with a capital letter and the other names begin with a small letter.
- Read the words that begin with the letter o on page 64 and ask students to repeat after you.
- Brainstorm for other words that begin with the letter o.

### Writing (Page 65)

- Inform students that they will now write the letter Oo.
- First write the letter O on the board by showing the correct anti-clockwise movement.
- Ask students to follow you by tracing in the air. Repeat three to four times.
- Provide each student with a blank sheet of paper and paints. Ask students to dip their fingers in any colour paint of their choice and trace the letter Oo.
- Later, students complete the tracing on page 65.
- You can conclude the lesson by asking students to complete the colouring task on the same page.

# باب 8 Oo, Pp

## سبق 1

### مقاصد

- حرف Oo کی پہچان کرنا، پڑھنا اور لکھنا
- اس حرف سے متعلق ذخیرۂ الفاظ کا استعمال کرنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو:

- بڑے O اور چھوٹے o کی پہچان کرنے، پڑھنے اور لکھنے اور متعلقہ ذخیرۂ الفاظ استعمال کرنے کے قابل ہوجانا چاہیے۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- حرف Oo کے فلیش کارڈ (ضمیمہ B)

### طریقۂ کار

#### سُننا اور بولنا - بڑا O اور چھوٹا o متعارف کروانا (صفحہ 64)

- طلبا سے کہیے کہ جن بچّوں کے نام حرف O سے شروع ہوتے ہیں وہ کلاس کے سامنے آجائیں۔ ان کے نام بورڈ پر درج کرتے ہوئے حرف o کے گرد دائرہ بنادیجیے۔
- حرف Oo کے فلیش کارڈ کا استعمال کرتے ہوئے کہیے O for Oman یا o for octopus یا پھر o for onion۔ یہ عمل دہرایئے۔ یہاں طلبا کو یاددہانی کروائی جاسکتی ہے کہ رکھے گئے سارے نام اور جگہوں کے نام بڑے حرف سے اور دوسرے نام چھوٹے حرف سے شروع ہوتے ہیں۔
- صفحہ 64 پر دیے گئے حرف o سے شروع ہونے والے الفاظ پڑھیے اور طلبا سے کہیے کہ آپ کے ساتھ ساتھ دہرائیں۔
- طلبا کے ساتھ مل کر حرف o سے شروع ہونے والے دوسرے الفاظ پر غور کیجیے۔

#### لکھائی (صفحہ 65)

- طلبا کو بتایئے کہ اب وہ حرف Oo لکھیں گے۔
- پہلے حرف O بورڈ پر اس طرح لکھیے کہ انھیں اس حرف کے بنانے کی مخالف گھڑی وار حرکت دکھائی دیتی رہے۔
- طلبا سے کہیے کہ آپ کی نقل کرتے ہوئے اسی انداز سے یہ حرف ہوا میں بنائیں۔ تین سے چار بار یہ عمل دہرائیں۔
- ہر طالب علم کو سادہ کاغذی شیٹ اور پینٹ دے دیجیے۔ اب ان سے کہیے کہ اپنی انگلیاں اپنی پسند کے رنگ کے پینٹ میں ڈبوئیں اور حرف Oo لکھیں۔
- بعدازاں، طلبا صفحہ 65 پر دی گئی tracing مکمل کریں گے۔
- طلبا کو اسی صفحے پر رنگ بھرنے کا کام مکمل کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے سبق کا اختتام کیا جاسکتا ہے۔

## LESSON 2

## OBJECTIVES

- Write the letter Oo
- Understand simple instructions
- Recite poem with actions

## LEARNING OUTCOMES

By the end of the lesson, students should be able to:

- recognize, read, and write small and capital letter Oo, and use related vocabulary.
- recite poem with actions.
- give and follow instructions.

## METHOD

### Listening and speaking (Page 66)

- Discuss the poem 'Open shut them', given on page 66.
- Begin by reciting the poem with actions and ask students to repeat after you.

### Classroom activity - Giving instructions (Page 66)

- Tell the students that today we will play a game called 'Simon says'. Explain that the purpose of the game is to listen carefully to the instructions and only do what is asked if the sentence starts with 'Simon says'. If the instructions do not start with 'Simon says', then the students are not to do as asked. If the students perform that action then they would be out of the game. The first round can be a practice round to make sure that all understand the game.
- Ask students to form a circle. Give some instructions, e.g. 'Simon says touch your knees.' Look around to see if students are touching their knees. Appreciate them. Next, say, 'Clap your hands.' Look around to see is any student is clapping. Appreciate the students that remained still, and if anybody did clap, then that student is out of the game. The last student in the game is declared the winner. Encourage students to ask questions about the rules of the game. Explain the importance of following instructions.
- Read and discuss the instructions on page 66. Ask students to share with you some instructions that they need to follow at home and at school. For example, their mother asks them to pick up their toys after they have finished playing, or she calls them to come and have their dinner.
- Conclude by reciting the poem 'Open shut them' again.

## LESSONS 3 AND 4

## OBJECTIVES

- Recognize, read, and write the letter Pp
- Use vocabulary related to this letter,
- Recite poem with actions
- Introduce different people and their profession

## سبق 2

### مقاصد

- حرف Oo لکھنا
- سادہ ہدایات کو سمجھنا
- اشاروں کے ساتھ نظم پڑھنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- بڑے O اور چھوٹے o کی پہچان کرسکیں، یہ حرف پڑھ اور لکھ سکیں اور متعلقہ ذخیرۂ الفاظ استعمال کرسکیں۔
- اشاروں کے ساتھ نظم پڑھ سکیں۔
- ہدایات دے سکیں اور ان پر عمل کرسکیں۔

### طریقۂ کار

#### سُننا اور بولنا (صفحہ 66)

- صفحہ 66 پر دی گئی نظم Open shut them پر گفتگو کیجیے۔
- نظم پڑھتے ہوئے شروع کیجیے اور طلبا سے کہیے کہ آپ کے ساتھ ساتھ دہرائیں۔

#### کلاس کی سرگرمی - ہدایات دینا (صفحہ 66)

- طلبا کو بتائیے کہ آج ہم ایک کھیل کھیلیں گے جو Simon says کہلاتا ہے۔ ان پر واضح کیجیے کہ اس کھیل کا مقصد ہدایات کو غور سے سننا اور جو کچھ کرنے کے لیے کہا جائے اس پر صرف اس وقت عمل کرنا ہے جب جملے کی ابتدا Simon says سے ہوتی ہو۔ اگر ہدایات کا آغاز Simon says سے نہ ہو تو پھر طلبا کو ان پر عمل کرنے کی ضرورت نہیں۔ اس کے باوجود اگر طلبا کسی ہدایات پر عمل کریں گے تو وہ کھیل سے باہر ہو جائیں گے۔ طلبا کو کھیل سمجھانے کے لیے پہلا راؤنڈ، پریکٹس راؤنڈ کے طور پر کھیلا جا سکتا ہے۔
- طلبا سے کہیے کہ دائرہ بنالیں۔ اب انھیں کچھ ہدایات دیجیے، مثلاً ' سائمن کہتا ہے اپنے گھٹنوں کو چھوئیں، طلبا کا جائزہ لیں کہ وہ گھٹنے چھُو رہے ہیں یا نہیں۔ ہدایت پر عمل کرنے کی صورت میں انھیں شاباش دیجیے۔ پھر کہیے، '' تالیاں بجائیں۔'' جائزہ لیجیے کہ کیا کوئی طالب علم تالی بجا رہا ہے۔ جو طلبا ساکن رہے انھیں شاباش دیجیے، اور جس طالب علم نے تالی بجائی وہ کھیل سے باہر ہوجائے گا۔ سب سے آخر میں جو طالب علم بچے گا وہ فاتح ہوگا۔ طلبا کی حوصلہ افزائی کیجیے کہ وہ کھیل کے اصول وضوابط کے بارے میں سوال پوچھیں۔ ہدایات پر عمل درآمد کرنے کی اہمیت بیان کیجیے۔
- صفحہ 66 پر دی گئی ہدایات پڑھیے اور ان پر بحث کیجیے۔ طلبا سے کہیے وہ آپ کو چند ہدایات بتائیں جن پر انھیں گھر اور اسکول میں عمل کرنا چاہیے۔ مثال کے طور پر، جب وہ کھیل سے فارغ ہو چکے ہوں تو والدہ ان سے کہتی ہیں کہ اپنے کھلونے اٹھا کر رکھیں، یا پھر وہ انھیں کھانا کھانے کے لیے بُلاتی ہیں۔
- سبق کا اختتام نظم Open shut them دوبارہ پڑھ کر کیجیے۔

## سبق 3 اور 4

### مقاصد

- حرف Pp کی شناخت کرنا، پڑھنا اور لکھنا
- اس حرف سے متعلق ذخیرۂ الفاظ کا استعمال کرنا
- اشاروں کے ساتھ نظم پڑھنا
- مختلف لوگ اور ان کے پیشے متعارف کروانا

## LEARNING OUTCOMES

By the end of the lesson, students should be able to:

- recognize, read, and write small and capital letter Pp, and use related vocabulary.
- recite poem with actions.
- talk about different occupations.

## RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Alphabet chart (Appendix A)
- Flash card letter Pp (Appendix B)
- Bag full of objects or pictures of things beginning with letter p

## METHOD

### Listening, speaking, and reading - Introducing the capital and small letter Pp (Page 67)

- Using a flash card of the letter Pp, ask students to name things that begin with the letter Pp. Responses should be written on the board or flip chart. Circle the letter p in each word.
- Ask students whose names begin with P to stand up and say their name one at a time.
- Read the words beginning with p on page 67 of the book. Ask them to point out to things beginning with p in the classroom.

### Letter bags activity

- Ask students to be seated in a circle. Pass around a bag filled with objects/pictures of things beginning with the letter p. As the bag passes around the circle, each student takes out one object from the bag, names it, says the beginning letter p, and one thing about it. The teacher helps students if needed.
- Later, ask students to draw, colour, and write the names of two things beginning with the letter p in their note books.

### Writing (Page 68)

- Write the letter Pp on the board by drawing each stroke step by step.
- Ask students to follow by tracing in the air with their fingers. Repeat three to four times. You can ask them to trace the letter using a coloured chalk. Note: First you should only introduce them to the capital letter P and then gradually move to the small letter p.
- Later, students complete the activity on page 68.

### Reading - Vocabulary building

- Display some words along with their pictures beginning with letters k and p, and ask students to name them.
- Play the 'I Spy' game. Say, 'I spy something beginning with the letter N.' Students look around in the class and name the correct object.

## آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- بڑے P اور چھوٹے p کی پہچان کرسکیں، پڑھ اور لکھ سکیں اور متعلقہ ذخیرۂ الفاظ استعمال کرسکیں۔
- اشاروں کے ساتھ نظم پڑھ سکیں۔
- مختلف پیشوں کے بارے میں بات چیت کرسکیں۔

## درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- حروفِ تہجی کا چارٹ (ضمیمہ A)
- حرف Pp کا فلیش کارڈ
- p سے شروع ہونے والی اشیا یا تصاویر سے بھرا ہوا تھیلا

## طریقۂ کار

### سُننا، بولنا، اور پڑھنا - بڑا P اور چھوٹا p متعارف کروانا (صفحہ 67)

- Pp کے فلیش کارڈ کا استعمال کرتے ہوئے طلبا سے کہیے کہ Pp سے شروع ہونے والی اشیا کے نام بتائیں۔ ان کے جوابات بورڈ یا فلپ چارٹ پر درج کردیے جائیں۔ ہر لفظ میں حرف p کے گرد دائرہ بنادیجیے۔
- جن طلبا کے نام P سے شروع ہوتے ہیں انھیں ہدایت کیجیے کہ کھڑے ہوجائیں اور باری باری اپنا نام پکاریں۔
- کتاب کے صفحہ 67 پر دیے گئے p سے شروع ہونے والے الفاظ پڑھیں۔ طلبا سے کہیے کلاس روم میں موجود ان چیزوں کی نشان دہی کریں جن کے نام p سے شروع ہوتے ہیں۔

### حرفی تھیلے کی سرگرمی

- طلبا کو دائرے کی شکل میں بٹھادیجیے۔ انھیں ان چیزوں/ تصاویر سے بھرا ہوا تھیلا دیجیے جن کے نام حرف p سے شروع ہوتے ہوں۔ تھیلا جیسے جیسے ایک سے دوسرے طالب علم کے پاس جائے، ہر طالب علم اس میں سے ایک چیز نکالے، اس کا نام بتائے، پھر ابتدائی حرف یعنی p پکارے، اور اس کے بارے میں ایک بات کہے۔ ضرورت پڑنے پر ٹیچر طلبا کی مدد کریں۔
- اس کے بعد طلبا سے کہیے کہ اپنی نوٹ بکس میں حرف p سے شروع ہونے والی دو چیزوں کی اشکال بنائیں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔

### لکھائی (صفحہ 68)

- پہلے بورڈ پر حرف Pp ہر خط یا اسٹروک کو مرحلہ وار کھینچتے ہوئے لکھیے۔
- طلبا سے کہیے کہ وہ انگلیوں سے ہوا میں یہ حرف بنائیں۔ تین سے چار بار یہ عمل دہرایا جائے۔ آپ انھیں رنگین چاک کی مدد سے یہ حرف لکھنے کی ہدایت کرسکتی ہیں۔ نوٹ: پہلے آپ انھیں صرف بڑے P سے متعارف کروائیں پھر بتدریج چھوٹے p پر آجائیں۔
- بعدازاں، طلبا صفحہ 68 پر دی گئی سرگرمی مکمل کریں۔

### پڑھائی - ذخیرۂ الفاظ بڑھانا

- حروف k اور p سے شروع ہونے والے کچھ الفاظ اور متعلقہ تصاویر دکھایئے اور طلبا سے کہیے ان کے نام بتائیں۔
- I Spy کھیل کھیلیے۔ کہیے، 'میں نے حرف N سے شروع ہونے والی کوئی چیز دیکھی۔' طلبا کلاس روم میں وہ چیز تلاش کریں گے اور اس کا نام بتائیں گے۔

## Listening and speaking - People we meet (Page 69)

- Ask students to look at page 69 and discuss the different people shown here and what they do, and the importance of their work.
- Ask the students to dress up and role-pay any occupation of their choice. For example, doctor, nurse, pilot, teacher, gardener, fireman, police, baker, cobbler, tailor, etc.
- Invite each student to say a few lines about the occupation they have chosen.

## Writing (Pages 70 and 71)

- Invite students to practise writing the letters Oo and Pp in the air repeatedly for few minutes with their classmates. A few students can be asked to come and trace the letters on the board.
- Later, students complete the work on pages 70 and 71.
- Use the Alphabet chart to chant and revise the letters and words.

## سُننا اور بولنا ۔ لوگ جن سے ہم ملتے ہیں (صفحہ 69)

- طلبا سے کہیے کہ صفحہ 69 پر توجہ دیں۔ یہاں دکھائے گئے مختلف افراد، اور جو کچھ وہ کررہے ہیں اس پر بحث کیجیے، نیز ان کے کام کی اہمیت بھی بیان کیجیے۔
- طلبا سے کہیے کہ وہ اپنی پسند کے مطابق کسی پیشے سے متعلق فرد جیسا حلیہ بنائیں اور پھر اس پیشے کی اداکاری کر کے دکھائیں۔ مثال کے طور پر ڈاکٹر، نرس، ہوا باز، استاد، مالی، فائرمین، پولیس، نان بائی، درزی وغیرہ۔
- باری باری ہر طالب علم سے کہیے کہ اپنے منتخب کردہ پیشے کے بارے میں چند جملے کہے۔

## لکھائی (صفحہ 70 اور 71)

- طلبا سے کہیے کہ اپنے ہم جماعتوں کے ساتھ مل کر چند منٹ تک ہوا میں حروف Oo اور Pp لکھنے کی مشق کریں۔ چند طلبا کو بُلا کر ان سے یہ حروف بورڈ پر لکھوائے جا سکتے ہیں۔
- بعدازاں، طلبا صفحہ 70 اور 71 پر دیا گیا کام مکمل کریں۔
- حروفِ تہجی کے چارٹ کی مدد سے حروف اور الفاظ کا جائزہ لیں اور بآواز بلند پڑھیں۔

# Unit 9 Qq, Rr

## LESSONS 1 AND 2

### OBJECTIVES

- Recognize, read, and write the letter Qq
- Use vocabulary related to this letter
- Ask and answer questions

### LEARNING OUTCOMES

By the end of the lesson, students should be able to:

- recognize, read, and write small and capital letter Qq, and use related vocabulary.
- understand use of question words and answer simple questions.

### RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Flash card letter Qq (Appendix B)
- Coloured paper (various colours)
- Yellow paper
- Match box
- Glue stick

### METHOD

#### Listening and speaking - Introducing the capital and small letter Qq (Page 72)

- Using a flash card of the letter Qq, ask students to name things that begin with this letter. Responses should be written on the board or flip chart. Circle the letter q in each word.
- Next, say, ‘Q for Quetta, and q for queen or quilt.’ Repeat. Here you can remind students that all given names and names of places begin with a capital letter and the other words begin with small letter.

#### Writing (Page73)

- Inform students that they will learn to write the letter Qq.
- First write the letter Qq on the board by drawing each stroke step by step.
- Ask students to follow you by tracing in the air with their fingers. Repeat three to four times.

#### Small group activity- Tracing

- In small groups of five, give bits and pieces of glaze paper and glue stick on each table.
- Provide each student with a blank sheet of paper. Ask students to first trace the letter q on their paper. While the teacher writes it on the board, students trace it on their sheets. Later, ask them to stick the bits of glazed paper with glue on top of the traced letter.
- Later, students complete the task on page 73.

# Qq, Rr

## باب 9

سبق 1 اور 2

### مقاصد

- حرف Qq کی شناخت کرنا، پڑھنا اور لکھنا
- اس حرف سے متعلق ذخیرۂ الفاظ استعمال کرنا
- سوال پوچھنا اور جواب دینا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو:

- بڑے Q اور چھوٹے q کی پہچان کرنے، پڑھنے اور لکھنے اور متعلقہ ذخیرۂ الفاظ استعمال کرنے کے قابل ہوجانا چاہیے۔
- سوالیہ یا استفہامیہ الفاظ کا استعمال سمجھنے اور سادہ سوالوں کے جواب دینے کے قابل ہوجانا چاہیے۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- حرف Qq کا فلیش کارڈ (ضمیمہ B)
- رنگین کاغذ (مختلف رنگ)
- زرد کاغذ
- ماچس کی ڈبیا
- گلو اسٹک

### طریقۂ کار

#### سُننا اور بولنا - بڑا Q اور چھوٹا q متعارف کروانا (صفحہ 72)

- حرف Qq کا استعمال کرتے ہوئے طلبا سے کہیے اس حرف سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتائیں۔ ان کے جوابات بورڈ یا فلپ چارٹ پر درج کردیے جائیں۔ ہر لفظ میں حرف q کے گرد دائرہ بنا دیں۔
- اب کہیے، ’Q for Quetta، اور q for queen یا q for quilt‘ یہ عمل دہرائیے۔ یہاں آپ طلبا کو یاددہانی کرواسکتی ہیں کہ تمام رکھے گئے نام اور جگہوں یا مقامات کے نام بڑے حرف سے اور دوسرے تمام الفاظ چھوٹے حرف سے شروع ہوتے ہیں۔

#### لکھائی (صفحہ 73)

- طلبا کو آگاہ کیجیے کہ وہ حرف q لکھنا سیکھیں گے۔
- پہلے بورڈ پر حرف q ہر خط یا اسٹروک کو مرحلہ وار کھینچتے ہوئے لکھیے۔
- طلبا سے کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں یہ حرف بنائیں۔ تین سے چار بار یہ عمل دہرایا جائے۔

#### چھوٹے گروپ کی سرگرمی - ٹریسنگ

- پانچ پانچ طلبا کے گروپوں کے لیے ہر میز پر گلیز پیپر کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے اور گلو اسٹک رکھ دیجیے۔
- ہر طالب علم کو سادہ کاغذی شیٹ دیجیے۔ طلبا سے کہیے کہ پہلے وہ اپنے اپنے کاغذ پر حرف q لکھیں گے۔ ٹیچر یہ حرف بورڈ پر لکھیں گی اور طالب علم ان کے ساتھ ساتھ اپنی اپنی شیٹ پر یہ حرف بنائیں گے۔ اس کے بعد طلبا کو ہدایت کیجیے کہ وہ گلیز پیپر کے ٹکڑے گوند کے ذریعے اس حرف پر چپکائیں۔
- بعدازاں، طلبا صفحہ 73 پر دیا گیا کام مکمل کریں۔

### Classroom activity - Questions (Page 74)

- Ask students to stand in a circle. Inform students that they are about to play a game called, tossing the question ball; a game of question and answers. You can begin by throwing the ball to one of the students and ask him/her a question. The student answers the question and then throws the ball to another student and asks a related follow-up question. The second student follows in the same way, by answering the question and asking a related question to another student, and throwing the ball at him/her. This game continues until all the students have had a chance to ask and answer a question.
- Explain to them that questions are what you will ask, and answers are the responses. Read page 74 and ask students to follow you.
- Ask students to work in pairs. Before the activity starts, ask each student to draw their favourite fruit and not show it to their classmate. During the activity, student 1 will try to guess the favourite fruit of Student 2 by asking five questions. Then it is the turn of Student 2 to guess the favourite fruit of Student 1 by asking five questions.

### Additional activity

Students can make ducks using yellow paper and match boxes. Cut out two pieces of yellow paper in the shape of a big 2. Stick one piece on the front side of the matchbox and the other piece on the back side of the matchbox. Draw eyes with a black colour pencil. Cut two triangles in orange colour and paste it on both sides for the beak. Later, the students can have fun walking around with their ducks saying, ‘quack, quack’.

## LESSONS 3 AND 4

### OBJECTIVES

- Recognize, read, and write the letter Rr
- Introduce concept of ‘Recycle, Reduce, Reuse’
- Listen to, understand, and discuss a story

### LEARNING OUTCOMES

By the end of the lesson, students should be able to:

- recognize, read, and write small and capital letter Rr, and use related vocabulary.
- listen to and understand simple stories.
- understand concept of saving resources.

### RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Flash card letter Rr (Appendix B)
- Cut-out of bunny ears (Appendix 9a)
- Some simple things such as empty tins, newspapers, old magazines, glue, safety scissors, and a small piece of rope for each group

- طلبا سے کہیے کہ دائرے کی شکل میں کھڑے ہوجائیں۔ انھیں بتائیے کہ وہ سوال و جواب پر مشتمل ایک کھیل کھیلیں گے جو tossing the question ball کہلاتا ہے۔ آپ گیند کو ایک طالب علم کی طرف اُچھال کر اور اس سے ایک سوال پوچھ کر کھیل شروع کرسکتی ہیں۔ وہ طالب علم سوال کا جواب دے اور پھر گیند دوسرے طالب علم کی جانب اُچھال دے اور اس سے پہلے سوال سے جُڑتا ہوا کوئی سوال پوچھے۔ دوسرا طالب علم بھی یہی طرزِعمل اپناتے ہوئے سوال کا جواب دے اور پھر اگلے طالب علم کی طرف گیند اُچھال کر اس سے پہلے سوال سے جُڑتا ہوا کوئی سوال کرے۔ یہ کھیل اس وقت تک جاری رہے گا جب تک ہر طالب علم کو سوال و جواب کا موقع نہ مل جائے۔
- انھیں بتائیے کہ جو آپ پوچھتے ہیں وہ سوال ہے، اور اس پر جو ردِعمل آتا ہے وہ جواب ہے۔صفحہ 74 پڑھیے اور طلبا سے کہیے کہ آپ کے ساتھ ساتھ دہرائیں۔
- طلبا سے کہیے کہ جوڑیوں کی صورت میں کام کریں۔ سرگرمی کے آغاز سے پہلے طلبا سے کہیے کہ وہ اپنے پسندیدہ پھل کا خاکہ بنائیں مگر اپنے ہم کلاس کو نہ دکھائیں۔ سرگرمی کے دوران پہلا طالب علم دوسرے طالب علم سے پانچ سوالات پوچھ کر اس کا پسندیدہ پھل بوجھنے کی کوشش کرے گا۔ پھر دوسرا طالب علم اسی طرح پہلے طالب علم سے سوالات پوچھ کر اس کا پسندیدہ پھل بوجھے گا۔

## اضافی سرگرمی

زرد کاغذ اور ماچس کی ڈبیوں کی مدد سے طالب علم بطخیں بناسکتے ہیں۔ ایک بڑے 2 کی شکل میں زرد کاغذ کے دو ٹکڑے کاٹیں۔ ایک ٹکڑا ماچس کی ڈبیا کے سامنے والے حصے پر دوسرا ٹکڑا پچھلے حصے پر چپکا دیں۔ سیاہ رنگ والی پنسل سے آنکھیں بنائیں۔ نارنجی رنگ کی دو مثلثیں کاٹیں اور چونچ بنانے کے لیے دونوں طرف چپکادیں۔ اب طلبا تفریح کے لیے کلاس میں اپنی بطخوں کو لیے لیے پھریں، ساتھ 'قیں قیں' کی آوازیں بھی نکالتے رہیں۔

## سبق 3 اور 4

### مقاصد

- حرف Rr کی شناخت کرنا، پڑھنا اور لکھنا
- Recycle, Reduce, Reuse (دوبارہ استعمال کرنا، تخفیف کرنا، اور ازسرِنو کارآمد بنانا) کا تصور متعارف کروانا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو:

- بڑے Rاور چھوٹے r کی پہچان کرنے، پڑھنے اور لکھنے اور متعلقہ ذخیرۂ الفاظ استعمال کرنے کے قابل ہوجانا چاہیے۔
- سادہ کہانیاں سننے اور سمجھنے کے لیے قابل ہوجانا چاہیے۔
- وسائل کی بچت کا تصور سمجھنے کے قابل ہوجانا چاہیے۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- حرف Rr کا فلیش کارڈ (ضمیمہ B)
- خرگوش کے کانوں کا تراشا یا Cut-out (ضمیمہ 9a)
- کچھ سادہ چیزیں جیسے ٹین کے خالی ڈبے، اخبارات، پرانے رسائل، گوند، حفاظتی قینچی، اور ہر گروپ کے لیے رسّی کا ایک چھوٹا ٹکڑا

## METHOD

### Listening, speaking, and reading - Introducing the capital and small letter Rr (Page 75)

- Using a flash card of the letter Rr, ask students to name things that begin with this letter. Responses should be written on the board or flip chart. Circle the letter r in each word.
- Ask students whose name begins with R to stand up and say their name one at a time. For example, R for Rida, R for Raheel, etc. Write the names on the board and circle the letter R. Remind students that all given names and names of places begin with a capital letter and the other words begin with a small letter.
- Help students to read the words on page 75. Brainstorm with students other words that begin with the letter r.

### Writing (Page 76)

- Write the letter Rr on the board by drawing each stroke step by step.
- Ask students to follow by tracing in the air with their fingers. Repeat three to four times. You can ask them to trace the letter using a colour pencil.
- Give blank sheets of paper and ask students to trace the letter R with a red marker crayon, or colour pencil.
- Later, students complete the task on page 76.

### Listening and speaking - Recycle, Reduce, Reuse (Page 76)

- Ask students to bring one old item from home, such as an empty tissue box, cereal box, plastic bottle, old newspapers, or magazines.
- Explain to students that REDUCE means to make less garbage. For example, instead of buying juice boxes for lunch, buy a large container of juice and use a bottle or any container to bring the juice to school. REUSE means to use an item more than once. For example, when you get a paper bag from the grocery store put it in your car and use it again the next time you go shopping. RECYCLE means to use an old item and make it into another useful item. For example, scrap paper or old newspapers could be used for collage work or to make paper bags.
- In a large group activity, ask students to brainstorm and share ideas as how they might use the idea of 3 R's for the items they have brought from home. First, allow them some time to think and discuss with their classmates. Later students share their ideas.
- Write down their ideas under three columns entitled, Reduce, Reuse, and Recycle.
- Provide each group of students with some items such as empty tins, newspapers, old magazines, glue, safety scissors, and a small piece of rope. Ask students to work in groups and make new things from these. Later they share their work with the class.

### Listening, speaking, and reading - Storytime: The race (Page 77)

- Have the students seated in a circle. Tell them that today they are going to hear a story entitled, 'The race' given on page 77.
- Ask them to look at the pictures and guess what the story is going to be about. Ask the following questions: What do you see in the pictures? What do you think the story is about? etc.

## طریقۂ کار

### سُننا، بولنا، اور پڑھنا ۔ بڑا R اور چھوٹا r متعارف کروانا (صفحہ 75)

- حرف Rr کے فلیش کارڈ کا استعمال کرتے ہوئے طلبا سے کہیے کہ اس حرف سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتائیں۔ جوابات بورڈ یا فلپ چارٹ پر درج کردیے جائیں۔ ہر لفظ میں حرف r کے گرد دائرہ بنادیجیے۔
- طلبا سے کہیے کہ جن کے نام R سے شروع ہوتے ہیں وہ کھڑے ہوجائیں اور باری باری اپنا نام پکاریں۔ مثال کے طور پر R for Rida، R for Raheel وغیرہ۔ نام بورڈ پر لکھ کر حرف R کے گرد دائرہ بنادیجیے۔ طلبا کو یاددہانی کرائیے کہ تمام رکھے گئے نام اور جگہوں یا مقامات کے نام بڑے حرف سے اور دوسرے تمام الفاظ چھوٹے حرف سے شروع ہوتے ہیں۔
- صفحہ 75 پر دیے گئے الفاظ پڑھنے میں طلبا کی مدد کیجیے۔ طلبا کے ساتھ مل جُل کر حرف r سے شروع ہونے والے دوسرے الفاظ پر غور کیجیے۔

### لکھائی (صفحہ 76)

- بورڈ پر حرف Rr ہر اسٹروک یا خط کو مرحلہ وار کھینچتے ہوئے لکھ دیجیے۔
- طلبا سے کہیے کہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں یہ حرف لکھیں۔ تین سے چار بار یہ عمل دہرائیے۔ آپ انھیں رنگین پنسل سے یہ حرف لکھنے کی ہدایت کرسکتی ہیں۔
- سادہ کاغذی شیٹیں دے کر طلبا سے کہیے کہ سرخ مارکر یا سرخ موم پنسل یا پھر سرخ رنگ کی پنسل سے حرف R لکھیں۔
- بعدازاں طلبا صفحہ 76 پر دیا گیا کام مکمل کریں۔

### سُننا اور بولنا ۔ Reuse, Reduce,Recycle (صفحہ 76)

- طلبا سے کہیے کہ گھر سے کوئی پرانی چیز جیسے ٹشو پیپر کا خالی ڈبّا، دلیے کا ڈبّا، پلاسٹک کی بوتل، پرانے اخبارات، یا رسائل لے کر آئیں۔
- ان پر واضح کیجیے کہ REDUCE (تخفیف) کے معنی کم کچرا پیدا کرنا ہے۔ مثال کے طور پر دوپہر کے کھانے کے لیے مشروب کے ڈبّے خریدنے کے بجائے اس کا بڑا ڈبّا خرید لیا جائے اور پھر بوتل یا کسی بھی پیمانے (container) میں مشروب ڈال کر اسکول لے آیا جائے۔ REUSE (دوبارہ استعمال کرنا) سے مراد ایک چیز کو ایک سے زائد بار استعمال کرنا ہے۔ مثال کے طور پر جب آپ کو کریانے کی دکان سے کوئی تھیلا یا شاپنگ بیگ ملے تو اسے گاڑی میں رکھ لیں اور دوبارہ خریداری کے لیے جاتے ہوئے اسے استعمال کریں۔ RECYCLE (دوبارہ کارآمد بنانا) کا مطلب ایک پرانی چیز سے کوئی نئی چیز بنالینا ہے۔ مثال کے طور پر پرانی ردّی یا پرانے اخبارات کولاج کے کام کے لیے یا کاغذی تھیلے بنانے میں استعمال ہوسکتے ہیں۔
- ایک بڑے گروپ کی سرگرمی کے لیے طلبا سے کہیے سب مل جُل کر سوچ بچار کرنے کے بعد اپنے خیالات پیش کریں کہ گھر سے جو چیزیں لے کر آئے ہیں ان کے سلسلے میں وہ 3 R's کے تصور سے کیسے کام لے سکتے ہیں۔ پہلے انھیں سوچ بچار کرنے اور پھر اپنے ساتھیوں سے تبادلۂ خیال کرنے کے لیے کچھ وقت دے دیجیے۔ بعدازاں وہ اپنے اپنے خیالات پیش کریں۔
- Reuse، Reduce اور Recycle کے عنوانات سے تین کالم بنائیے اور طلبا کے خیالات ان میں درج کردیجیے۔
- طلبا کے ہر گروپ کو کچھ چیزیں خالی ٹین کے ڈبّے، اخبارات، پرانے رسائل، گوند، حفاظتی قینچی، اور رسّی کا چھوٹا ٹکڑا دے دیجیے۔ اب ان سے کہیے کہ گروپوں کی شکل میں کام کرتے ہوئے ان سے نئی چیزیں بنائیں۔ بعد میں وہ اپنا اپنا کلاس کے سامنے پیش کریں۔

### سُننا، بولنا، اور پڑھنا The race,Storytime (صفحہ 77)

- طلبا کو ایک دائرے میں بٹھا دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج وہ صفحہ 77 پر دی گئی کہانی سنیں گے جس کا عنوان ہے The race۔
- ان سے لیے تصویروں کو دیکھتے ہوئے اندازہ لگائیں کہ کہانی کس بارے میں ہے۔ یہ سوالات پوچھیے: تصاویر میں آپ کو کیا نظر آرہا ہے؟ آپ کے خیال میں کہانی کس بارے میں ہے؟ وغیرہ۔

- Emphasize that r is for rabbit (pointing to the rabbit) and t for tortoise (pointing to the tortoise). Read the story, stopping a few times to ask them to predict what will happen next. At the end of the story you can ask the children: Which animal was fast? Which animal was slow? What happened to the rabbit? What did he do? Who won the race? Did you enjoy the story? What did you enjoy the most? Why?
- Later, as the students are familiar with the story, you may ask the students to role-play the story in groups.
- You can make bunny ears out of chart paper and attach it to a hair band (Appendix 9a). Ask the students to wear it and hop around the classroom like rabbits.

## Writing (Pages 78 and 79)

- Invite students to practise writing the letters Qq and Rr in the air repeatedly for few minutes with their classmates. A few students can be asked to come and trace the letters on the board.
- Later, students complete the work on pages 78 and 79.

- اس بات پر زور دیجیے کہ r،rabbit کے لیے (rabbit یعنی خرگوش کی جانب اشارہ کرتے ہوئے) اور t ، tortoise (کچھوے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے) کے لیے ہے۔ کہانی پڑھیے۔ تھوڑی دیر کے بعد رُک جائیے اور طلبا سے کہیے وہ بوجھیں کہ آگے کیا ہوگا۔ کہانی کے اختتام پر آپ طلبا سے پوچھ سکتی ہیں: کون سا جانور تیز ترین تھا؟ کون سا جانور سُست رفتار تھا؟ خرگوش کے ساتھ کیا ہوا؟ اس نے کیا کیا؟ دوڑ میں فاتح کون رہا؟ کیا آپ کو کہانی سُن کر لطف آیا؟ آپ کو کون سی بات سب سے پُرلطف محسوس ہوئی؟ اور کیوں؟
- اب جب کہ طلبا کہانی سے اچھی طرح واقف ہوچکے ہیں، آپ ان سے کہہ سکتی ہیں کہ وہ گروپ بنا کر اداکاری کے ذریعے اس کہانی کو پیش کریں۔
- آپ چارٹ پیپر سے خرگوش کے کان بنا کر اس میں ہیئر بینڈ پرو سکتی ہیں۔(ضمیمہ 9a) طلبا سے کہیے کہ اسے پہن کر کلاس میں خرگوش کی طرح چھلانگیں لگائیں۔

## لکھائی (صفحہ 78 اور 79)

- طلبا سے کہیے کہ اپنے ہم جماعتوں کے ساتھ مل کر چند منٹ تک ہوا میں حروف Qq اور Rr لکھنے کی مشق کریں۔ چند طلبا کو بُلا کر ان سے یہ حروف بورڈ پر لکھوائے جاسکتے ہیں۔
- بعدازاں، طلبا صفحہ 78 اور 79 پر دیا گیا کام مکمل کریں۔

# Unit 10 Ss, Tt

## LESSONS 1 AND 2

## OBJECTIVES

- Recognize, read, and write the letter Ss
- Use vocabulary related to this letter
- Name things and identify beginning sounds

## LEARNING OUTCOMES

By the end of the lesson, students should be able to:

- recognize, read, and write small and capital letter Ss, and use related vocabulary.
- give the beginning sound of familiar things.

## RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Flash card letter Ss (Appendix B)
- Items and/or picture of some objects such as Sun, star, ship, swing, snake, sunflower, scissors, sheep, shoes, strawberries, socks, etc.
- Plain sheets of paper

## METHOD

### Listening and speaking - Introducing the capital and small letter Ss (Page 80)

- Using the flash card of the letter Ss, say, 'Ess for Saima, Sana, Sahir, Shakeel, and s for snake, star, sunflower'. Get them to repeat after you.
- Invite one or two students to point to the letter Ss on the alphabet chart. You can also invite students whose name begins with the letter S to stand up and say their name.
- Begin the class, by informing students that they are going to play a game called treasure hunt. Prior to the class, hide Items and/or picture of things beginning with the letter s, in the classroom.
- Ask the children to find one object and once they have found it they should return to their seats.
- Then, ask students to name the objects/ picture card, and the letter it begins with, and discuss one thing about that object. Write their responses on the board.
- Help them to read the s words.

# Ss, Tt

باب 10

## سبق 1 اور 2

### مقاصد

- حرف Ss کی پہچان کرنا، پڑھنا اور لکھنا
- اس حرف سے متعلق ذخیرۂ الفاظ کا استعمال کرنا
- اشیا کے نام بیان کرنا اور ابتدائی آواز کو پہچاننا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- بڑے Sاور چھوٹے s کی پہچان کرسکیں۔ یہ حرف پڑھ اور لکھ سکیں اور متعلقہ ذخیرۂ الفاظ استعمال کرسکیں۔
- مانوس اشیا کے ناموں کی ابتدائی یا شروعاتی آواز نکال سکیں۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- حرف Ss کا فلیش کارڈ (ضمیمہ B)
- کچھ چیزیں اور/ یا کچھ اشیا کی تصاویر جیسے Sun (سورج)، star (ستارہ)، ship (بحری جہاز)، swing (جُھولا)، snake (سانپ)،sunflower (سورج مکھی)، scissors (قینچی)، sheep (بھیڑ)،shoes (جوتے)، strawberries (رس بھری)، socks (موزے) وغیرہ۔
- سادہ کاغذی شیٹیں

### طریقۂ کار

#### سُننا اور بولنا ۔ بڑاS اور چھوٹا s متعارف کروانا (صفحہ 80)

- حرف Ss کے فلیش کارڈ کا استعمال کرتے ہوئے کہیے، بڑے S سے Saima ، Sana ، Sahir ، Shakeel اور چھوٹے s سے snake ، star ، sunflower۔ طلبا سے کہیے کہ آپ کے ساتھ ساتھ دہرائیں۔
- ایک یا دو طالب علموں سے کہیے کہ حروفِ تہجی کے چارٹ پر حرف Ss کی نشاندہی کریں۔ جن طلبا کے نام S سے شروع ہوتے ہیں آپ ان سے کہہ سکتی ہیں کہ کھڑے ہو کر اپنے نام پکاریں۔
- کلاس کا آغاز طلبا کو یہ بتا کر کیجیے کہ آج وہ کھیل 'خزانے کی تلاش' کھیلیں گے۔ کلاس کے آغاز سے قبل حرف s سے شروع ہونے والی چیزیں اور/ یا تصاویر کلاس روم میں چھپا دیجیے۔
- طلبا سے کہیے کہ ہر طالب علم ایک ایک چیز تلاش کرے اور مل جانے پر اپنی نشست پر جا کر بیٹھ جائے۔
- اب باری باری ہر طالب علم سے کہیے کہ اس شے/ تصویری کارڈ کا نام اور اس کا ابتدائی حرف بیان کرے، اور اس چیز کے بارے میں کوئی ایک جملہ کہے۔ ان کے جوابات بورڈ پر درج کردیجیے۔
- s سے شروع ہونے والے الفاظ پڑھنے میں ان کی مدد کیجیے۔

## Writing (Page 81)

- First write the letter Ss on the board using the correct movement.
- Ask students to follow you by tracing in the air with their fingers. Repeat three to four times.

## Small group activity - Tracing

- Make groups of five students. Give old newspapers and thick crayons to each group.
- Ask students to trace the letter Ss on the sheet of newspaper using the crayon. While the teacher writes it on the board, students trace it on their paper. (Note: First introduce them to the Capital S and then gradually move to the small letter s.)
- Later, students can complete the tracing on page 81.

## Classroom activity - Counting stars (Page 81)

- Recite the poem, Twinkle, Twinkle little star given on page 60.
- Revise numbers 1-10 and then ask students to count and circle the correct number of stars in the picture.

## Listening, speaking, and writing - At the park (Page 82)

- Ask the students to sit in a large circle and look at the picture of the park on page 82. You can ask them the following questions: What do you see in the picture? Have you been to a park? When did you go (time of the day)? What did you see there? What did you do there? Did you enjoy going to the park? Discuss the answers.
- Later, ask them to name the things they can see in this picture. List the responses on the board, emphasizing on the beginning sound of each word. Next, ask students to complete the task on page 82.

## LESSON 3

## OBJECTIVES

- Recognize, read, and write the letter Tt
- Use vocabulary related to this letter
- Recite poem with actions

## LEARNING OUTCOMES

By the end of the lesson, students should be able to:

- recognize, read, and write small and capital letter Tt, and use related vocabulary.
- recite poem with actions.

## RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Flash card letter Tt (Appendix B)

## لکھائی (صفحہ 81)

- سب سے پہلے درست حرکت یا اسٹروک کا استعمال کرتے ہوئے حرف S بورڈ پر لکھ دیجیے۔
- طلبا سے کہیے آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے یہ حرف ہوا میں لکھیں۔ تین سے چار بار یہ عمل دہرائیں۔

## چھوٹے گروپ کی سرگرمی - ٹریسنگ

- پانچ پانچ طلبا کے گروپ بنا دیجیے۔ ہر گروپ کو ایک موٹی موی پنسل اور پرانے اخبارات دے دیجیے۔
- اب ان سے کہیے کہ موی پنسل کی مدد سے اخباری کاغذ پر حرف Ss بنائیں۔ ٹیچر یہ حرف بورڈ پر لکھیں گی اور طلبا ان کے ساتھ ساتھ یہ حرف کاغذ پر بنائیں گے۔(نوٹ: پہلے انھیں بڑے S سے متعارف کروائیے اور پھر بتدریج چھوٹے s پر آجائیے۔ )
- بعدازاں طلبا صفحہ 81 پر دیا گیا ٹریسنگ کا کام مکمل کرسکتے ہیں۔

## کلاس کی سرگرمی - ستارے گننا (صفحہ 81 )

- صفحہ 60 سے نظم Twinkle Twinkle little star پڑھیے۔
- 1 سے 10 تک اعداد دہرائیے اور پھر طلبا سے کہیے کہ تصویر میں ستارے شمار کرتے ہوئے ان کی درست تعداد کے گرد دائرہ بنادیں۔

## سُننا، بولنا اور لکھنا - پارک میں (صفحہ 82 )

- طلبا سے کہیے کہ بڑے دائرے کی شکل میں بیٹھ جائیں اور صفحہ 82 پر دی گئی تصویر پر غور کریں۔ آپ ان سے یہ سوالات پوچھ سکتی ہیں: اس تصویر میں آپ کو کیا نظر آرہا ہے؟ کیا آپ کبھی پارک گئے ہیں؟ آپ وہاں کس وقت گئے تھے؟ آپ نے وہاں کیا دیکھا؟ آپ نے وہاں کیا کیا؟ کیا پارک جانے سے آپ لطف اندوز ہوئے؟ جوابات پر بات چیت کیجیے۔
- اس کے بعد، طلبا سے کہیے کہ تصویر میں نظر آنے والی اشیا کے نام بتائیں۔ ان کے جواب ہر لفظ کی ابتدائی آواز پر زور دیتے ہوئے بورڈ پر درج کردیجیے۔ اب طلبا صفحہ 82 پر دیا گیا کام مکمل کریں۔

# سبق 3

## مقاصد

- حرف Tt کی پہچان کرنا، پڑھنا اور لکھنا
- اس حرف سے متعلق ذخیرۂ الفاظ کا استعمال کرنا
- اشاروں کے ساتھ نظم پڑھنا

## آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام طلبا کو:

- بڑے T اور چھوٹے t کی پہچان کرنے، پڑھنے اور لکھنے اور متعلقہ ذخیرۂ الفاظ استعمال کرنے کے قابل ہوجانا چاہیے۔
- اشاروں کے ساتھ نظم پڑھنے کے قابل ہوجانا چاہیے۔

## درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- حرف Tt کا فلیش کارڈ (ضمیمہ B )

## METHOD

### Listening and speaking - Introducing the capital and small letter Tt (Page 83)

- Ask students whose name begins with the letter T to stand and say their name. Write their names on the board. Circle the letter T and introduce them the letter Tt.
- Using the flash card of the letter Tt, say, 'T for Tania, Taimur, Tokyo and t for tomato, train, and truck.' Remind students that all given names and names of places begin with a capital letter and the other things begin with a small letter.
- Read the words on page 83 and ask students to repeat.

### Writing (Page 84)

- Write the letter T and t on the board showing the correct movements.
- Ask students to trace the letter in the air or sand tray with their fingers. Repeat. Then ask students to complete the tracing and colouring task on page 84.

### Classroom activity - The magic train! (Page 85)

- Ask students to stand in a line and tell them that they are going on a journey around the school by train and the teacher would be the engine. Take them around the school. On returning to the classroom, ask them if they enjoyed the ride and what are the things they saw while on their journey. Write the responses on the board and circle the words that begin with the letter t.
- Ask students to look at the picture on page 85 and discuss the things they can see in the picture. Next, ask them to circle all the words that begin with the letter t.
- Recite the poem 'I am a little teapot' given on page 85, with actions. Ask students to repeat after you.

### Writing (Pages 86 and 87)

- Invite students to practise writing the letters Ss and Tt in the air repeatedly for few minutes with their classmates. A few students can be asked to come and trace the letters on the board.
- Later, students complete the work on pages 86 and 87.

## طریقۂ کار

### سُننا اور بولنا ۔ بڑا T اور چھوٹا t متعارف کرانا (صفحہ 83)

- طلبا، جن کے نام حرف T سے شروع ہوتے ہیں، ان سے کہیے کہ کھڑے ہوجائیں اور اپنے نام پُکاریں۔ ان کے نام بورڈ پر درج کر دیجیے۔ حرف T کے گرد دائرے بناتے دیجیے اور انھیں Tt سے متعارف کرائیے۔
- حرف Tt کے فلیش کارڈ کا استعمال کرتے ہوئے کہیے T for Tania, Taimur, Tokyo اور t for tomato, train, and truck۔ یاددہانی کے طور پر طلبا کو بتائیے کہ رکھے گئے نام اور جگہوں یا مقامات کے نام بڑے حرف سے اور دوسری تمام چیزوں کے نام چھوٹے حرف سے شروع ہوتے ہیں۔
- صفحہ 83 پر دیے گئے الفاظ پڑھیے اور طلبا کو دہرانے کی ہدایت کیجیے۔

### لکھائی (صفحہ 84)

- حرف T اور t لکھنے کا درست طریقہ طلبا کو دکھاتے ہوئے یہ حرف بورڈ پر درج کر دیجیے۔
- ان سے کہیے کہ انگلیوں سے ہوا میں یا پھر ریت سے بھری ٹرے میں یہ حرف بنائیں۔ اس عمل کو دہرائیں۔ اب طلبا سے کہیے کہ صفحہ 84 پر دیا گیا tracing اور رنگ بھرنے کا کام مکمل کریں۔

### کلاس کی سرگرمی The magic train! (صفحہ 85)

- طلبا کو ایک قطار میں کھڑا کر دیجیے اور بتائیے کہ اب وہ ریل گاڑی کی شکل میں اسکول کا چکر لگائیں اور ٹیچر اس کا انجن ہوں گی۔ انھیں اسکول میں گھمائیے۔ کلاس میں واپسی پر پوچھیے کہ کیا انھیں اس سفر میں مزا آیا، نیز دوران سفر انھوں نے کیا کیا چیزیں دیکھیں۔ جوابات بورڈ پر تحریر کرتے ہوئے t سے شروع ہونے والے الفاظ کے گرد دائرہ بنا دیجیے۔
- طلبا سے کہیے صفحہ 85 پر توجہ دیں اور پھر بیان کریں کہ انھیں کون کون سی چیزیں دکھائی دے رہی ہیں۔ اب ان سے کہیے کہ حرف t سے شروع ہونے والے تمام الفاظ کے گرد دائرہ بنادیں۔
- صفحہ 85 سے نظم I am a little teapot اشاروں کے ساتھ پڑھیے۔ طلبا سے کہیے کہ آپ کے ساتھ ساتھ دہرائیں۔

### لکھائی (صفحہ 86 اور 87)

- طلبا سے کہیے کہ اپنے ہم جماعتوں کے ساتھ چند منٹ تک ہوا میں حروف Ss اور Tt بنائیں۔ کچھ طلبا کو بُلا کر یہ حروف بورڈ پر بھی لکھوائے جاسکتے ہیں۔
- بعد ازاں، طلبا صفحہ 86 اور 87 پر دیا گیا کام مکمل کریں۔

# Unit 11 Uu, Vv

## LESSONS 1 AND 2

### OBJECTIVES

- Recognize, read, and write the letter Uu
- Use vocabulary related to this letter
- Learn directional language up, down, under, on, in etc.
- Recite poems with actions

### LEARNING OUTCOMES

By the end of the lesson, students should be able to:

- recognize, read, and write small and capital letter Uu, and use related vocabulary.
- use simple words, in, on, under, etc. to show position of things.
- recite poem with actions.

### RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Flash card letter Uu (Appendix B)
- Preposition cards (Appendix 11a)

### METHOD

### Listening and speaking - Introducing the capital and small letter Uu (Page 90)

- Ask students whose name begins with the letter U to come to come to the front of the class. Write their names on the board and circle the letter U.
- Using the flash card of the letter Uu, say, 'U for Usman, Uzma, United States of America and u for umbrella or uniform'. Repeat. Here you can remind students that all given names and names of places begin with a capital letter and the other things begin with small letters.
- Help students to read the words and then ask students to give other words that begin with the letter u.

### Writing (Page 91)

- Inform students that they are going to learn to write the letter Uu. First write the letter Uu on the board and then ask students to follow by tracing in the air with their fingers. Repeat three to four times.
- Later, students complete the task on page 91

# باب 11 Uu, Vv

## سبق 1 اور 2

### مقاصد

- حرف Uu کی شناخت کرنا، پڑھنا اور لکھنا
- اس حرف سے متعلق ذخیرۂ الفاظ استعمال کرنا
- ہدایاتی زبان جیسے in، on، under، down،up وغیرہ سیکھنا
- اشاروں کے ساتھ نظمیں پڑھنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- بڑے U اور چھوٹے u کی پہچان کرسکیں، پڑھ اور لکھ اور متعلقہ ذخیرۂ الفاظ استعمال کرسکیں۔
- اشیا کی موجودگی کا مقام ظاہر کرنے کے لیے سادہ الفاظ جیسے in، on، under وغیرہ استعمال کرسکیں۔
- اشاروں کے ساتھ نظمیں پڑھ سکیں۔۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- حرف Uu کا فلیش کارڈ
- حروف جار کے کارڈ (ضمیمہ 11a)

### طریقۂ کار

#### سُننا اور بولنا ۔ بڑا U اور u متعارف کرانا (صفحہ 90)

- جن طلبا کے نام حرف U سے شروع ہوتے ہیں، انھیں کلاس کے سامنے آنے کی ہدایت کردیجیے۔ ان کے نام بورڈ پر درج کرتے ہوئے حرف U کے گرد دائرہ بنادیجیے۔
- فلیش کارڈ کا استعمال کرتے ہوئے کہیے، U for Usman, Uzma, United States of America اور u for umbrella or uniform۔ اس عمل کو دہرایئے۔ یہاں آپ طلبا کو یاددہانی کرواسکتے ہیں کہ تمام رکھے گئے نام اور جگہوں یا مقامات کے نام بڑے حرف سے جب کہ دوسری تمام اشیا کے نام چھوٹے حرف سے شروع ہوتے ہیں۔
- الفاظ کو پڑھنے میں طلبا کی مدد کیجیے اور پھر ان سے کہیے کہ حرف u سے شروع ہونے والے مزید الفاظ بتائیں۔

#### لکھائی (صفحہ 91)

- طلبا کو آگاہ کیجیے کہ اب وہ حرف Uu لکھنا سیکھیں گے۔ پہلے بورڈ پر U لکھ دیجیے اور طلبا سے کہیے کہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں یہ حرف بنائیں۔ تین سے چار بار یہ عمل دہرائیں۔
- بعدازاں، طلبا صفحہ 91 پر دیا گیا کام مکمل کریں۔

## Classroom activity - Preposition (Page 92)

- Ask students to look at the picture on page 92. Show them the preposition cards - on, in, under, behind, and in front of. Help students to read these words (Appendix 11a).
- Introduce prepositions by asking the following questions: What can you see in the picture? Where is the cat? Who is standing in front of mother? Who is standing behind mother? Where is the picture frame?

## Small group activity

- Divide the class into groups of 4 students. Play the following two activities.
- Activity 1 - Give each group one preposition card and one object, e.g. book, key, ball, etc. Ask students to read that word, place their object anywhere in the class accordingly, and say a sentence. For example, for the preposition 'on' and object key, students can place the key on the table and say: The key is on the table.
- Activity 2 – Show any picture. For example, a picture of a cat under a table. Then ask students to show you the related preposition card, which will be 'under'.
- Blank cards can be given, and on these cards, the children can draw or write other sentences using any preposition.

## LESSONS 3 AND 4

## OBJECTIVES

- Recognize, read, and write the letter Vv
- Use vocabulary related to this letter, vegetables, and plants
- Recite poem with actions
- Name a few vegetables

## LEARNING OUTCOMES

By the end of the lesson, students should be able to:

- recognize, read, and write small and capital letter Vv, and use related vocabulary.
- recognize and name some common vegetables.
- recite poem with actions.

## RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Flash card letter Vv (Appendix B)
- Crayons or colour paints
- Picture of a plant showing the following parts - roots, stem, leaves, flower, and seed

## کلاس کی سرگرمی - حروف جار (صفحہ 92)

- طلبا سے کہیے کہ صفحہ 92 پر موجود تصویر پر غور کریں۔ انھیں حروف جار on, in, under, behind اور in front of کے کارڈ دکھائیے۔ یہ الفاظ پڑھنے میں طلبا کی مدد کیجیے۔ (ضمیمہ 11a)
- یہ سوالات پوچھ کر طلبا کو حروف جار سے متعارف کرائیے: تصویر میں آپ کو کیا دکھائی دے رہا ہے؟ بلی کہاں ہے؟ امّی کے سامنے کون کھڑا ہے؟ امّی کے پیچھے کون کھڑا ہے؟ تصویر کا فریم کہاں پر ہے؟

## چھوٹے گروپ کی سرگرمی

- کلاس کو چار چار طلبا کے گروپوں میں تقسیم کردیجیے۔ مندرجہ ذیل دو سرگرمیاں شروع کیجیے۔
- سرگرمی 1 - ہر گروپ کو حروف جار کا ایک کارڈ اور ایک چیز دے دیجیے، مثلاً کتاب، چابی، گیند وغیرہ۔ طلبا سے کہیے لفظ پڑھیں، اس کے مطابق کتاب کو کلاس میں کہیں بھی رکھ دیں اور پھر ایک جملہ کہیں۔ مثال کے طور پر حرف جار on (اوپر، پر) اور چابی کے لیے، طلبا چابی کو میز کے اوپر رکھ دیں اور کہیں: .The key is on the table (چابی میز کے اوپر ہے۔)
- سرگرمی 2 – طلبا کو کوئی بھی تصویر دکھائیے۔ مثال کے طور پر، میز کے نیچے بیٹھی ہوئی بلّی کی تصویر۔ اب طلبا سے کہیے کہ وہ آپ کو بلّی کی موجودگی کے مقام کی مناسبت سے حرف جار کا کارڈ دکھائیں، جو کہ under ہوگا۔
- طلبا کو سادہ کارڈ دے دیے جائیں، جن پر وہ کسی بھی حرف جار کا استعمال کرتے ہوئے جملے لکھ سکتے ہیں یا کوئی شکل بنا سکتے ہیں۔

## سبق 3 اور 4

### مقاصد

- حرف Vv کی شناخت کرنا، پڑھنا اور لکھنا
- اس حرف، سبزیوں اور پودوں سے متعلق ذخیرۂ الفاظ استعمال کرنا
- اشاروں کے ساتھ نظم پڑھنا
- چند سبزیوں کے نام بیان کرنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- بڑے V اور چھوٹے v کی پہچان کرسکیں۔ یہ حرف پڑھ اور لکھ سکیں اور متعلقہ ذخیرۂ الفاظ استعمال کرسکیں۔
- کچھ عام سبزیوں کو پہچانتے ہوئے ان کے نام بیان کرسکیں۔
- اشاروں کے ساتھ نظم پڑھ سکیں۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- حرف Vv کا فلیش کارڈ (ضمیمہ B)
- رنگین موی پنسلیں یا کلر پینٹس
- پودے کے مختلف حصوں - جڑ، تنا، پتے، پھول اور بیج، کو ظاہر کرتی تصویر

## METHOD

### Listening, speaking, and reading - Introducing the capital and small letter Vv (Page 93)

- Using a flash card of the letter Vv, ask students to name things that begin with this letter. Responses should be written on the board or flip chart. Circle the letter v in each word. Remind students that all given names and names of places begin with a capital letter and the other words begin with small letter.
- Help students to read the words on page 93.

### Writing (Page 94)

- Write the letter Vv on the board showing the correct movement. Students follow by tracing in the air with their fingers. Repeat three to four times.
- Provide each student with a blank sheet of paper and paints or crayons. Ask students to trace the letter v on their sheets. (Note: First you should only introduce them to the capital letter V and then gradually move on to the small letter v).
- Later, students complete the activity on page 94.

### Classroom activity - Parts of a plant (Page 94)

- Display a picture of the plant and point to and name the roots, stem, leaves, flower, and seed. Ask students to repeat after you. You can ask individual students to come and point at any part of the plant and name it.
- Next, discuss the factors that help the plant to grow, i.e. air, water, and sunlight.

### Classroom activity - Vegetables (Page 95)

- Help students to read the names of the vegetables given on page 95.
- If possible bring some vegetables or show pictures, e.g. turnip, spinach, cauliflower, onion, potatoes, peas, okra. Show one at a time and say, e.g. 'This is a carrot. It is orange.' Then pass the other vegetables around the class. Ask each student to name the vegetable and say one sentence about it.
- Discuss the importance of eating fresh vegetables.
- Recite the poem, 'My vegetable garden' with actions and ask students to repeat after you.
- Ask students to draw and colour their favourite vegetables on page 97.

### Writing (Pages 96 and 97)

- Invite students to practise writing the letters Uu and Vv in the air repeatedly for few minutes with their classmates. A few students can be asked to come and trace the letters on the board.
- Later, students complete the work on pages 96 and 97.

## طریقۂ کار

### سُننا، بولنا اور پڑھنا ۔ بڑا V اور چھوٹا v متعارف کروانا (صفحہ 93)

- حرف Vv کے فلیش کارڈ کا استعمال کرتے ہوئے طلبا سے چند چیزوں کے نام پوچھیے جو اس لفظ سے شروع ہوتے ہوں۔ جوابات بورڈ یا فلپ چارٹ پر تحریر کردیے جائیں۔ ہر لفظ میں حرف v کے گرد دائرہ بنادیجیے۔ طلبا کو یاددہانی کروائیے کہ تمام رکھے گئے نام اور جگہوں کے نام بڑے حرف سے جب کہ دوسرے تمام الفاظ چھوٹے حرف سے شروع ہوتے ہیں۔
- صفحہ 93 پر دیے گئے الفاظ پڑھنے میں طلبا کی مدد کیجیے۔

### لکھائی (صفحہ 94)

- V لکھنے کا درست طریقہ طلبا کو دکھاتے ہوئے بورڈ پر یہ حرف تحریر کردیجیے۔ طلبا آپ کی نقل کرتے ہوئے اپنی انگلیوں سے ہوا میں یہ لفظ بنائیں۔ تین سے چار بار یہ عمل دہرائیں۔
- ہر طالب علم کو ایک سادہ کاغذی شیٹ اور پینٹ یا رنگین موی پنسلیں دے دیجیے۔ ان سے کہیے کہ اپنی شیٹوں پر حرف v بنائیں۔ (نوٹ: پہلے آپ انھیں صرف بڑے V سے متعارف کرائیں، پھر بتدریج چھوٹے v پر آجائیں)۔
- بعدازاں، طلبا صفحہ 94 پر دی گئی سرگرمی مکمل کریں۔

### کلاس کی سرگرمی ۔ پودے کے حصے (صفحہ 94)

- ایک پودے کی تصویر دکھائیے اور جڑوں، تنے، پتّوں، پھول، اور بیج کی جانب اشارہ کرتے ہوئے ان حصّوں کے نام بھی بتائیے۔ طلبا سے کہیے کہ آپ کے ساتھ ساتھ دہرائیں۔ آپ ایک طالب علم کے ساتھ کہہ سکتی ہیں کہ وہ آکر پودے کے کسی حصّے کی جانب اشارہ کرے اور اس کا نام بتائے۔
- اب ان عوامل کو زیرِ بحث لائیے جو پودے کی نمو یا بڑھوتری میں معاون ہوتے ہیں، مثلاً ہوا، پانی اور دھوپ۔

### کلاس کی سرگرمی ۔ سبزیاں (صفحہ 95)

- صفحہ 95 پر دیے گئے سبزیوں کے نام پڑھنے میں طلبا کی مدد کیجیے۔
- ممکن ہو تو کچھ سبزیاں لے آئیے یا پھر ان کی تصویریں دکھائیے، جیسے شلجم، پالک، پھول گوبھی، پیاز، آلو، مٹر، بھنڈی۔ ایک وقت میں ایک سبزی دکھائیے اور کہیے، مثلاً 'یہ گاجر ہے۔ اس کا رنگ نارنجی ہے۔' پھر دوسری تمام سبزیاں طلبا کو دے دیجیے۔ ہر طالب علم سبزی کا نام بتائے اور اس کے بارے میں ایک جملہ کہے۔ پھر سبزی دوسرے طالب علم کو پکڑا دے۔
- تازہ سبزیاں کھانے کی اہمیت پر گفتگو کیجیے۔
- نظم My vegetable garden اشاروں کے ساتھ پڑھیے اور طلبا سے کہیے آپ کے ساتھ ساتھ دہرائیں۔
- طلبا کو ہدایت کیجیے کہ صفحہ 97 پر دی گئی سبزیوں میں سے اپنی پسندیدہ سبزی کا تصویری خاکہ بنائیں اور رنگ بھریں۔

### لکھائی (صفحہ 96 اور 97)

- طلبا سے کہیے کہ اپنے ہم جماعتوں کے ساتھ مل کر مسلسل چند منٹ تک ہوا میں حروف Uu اور Vv لکھنے کی مشق کریں۔ چند طلبا سے کہا جاسکتا ہے کہ وہ آکر یہ حروف بورڈ پر لکھیں۔
- بعدازاں، طلبا صفحہ 96 اور 97 پر دیا گیا کام مکمل کریں۔

# Unit 12 Ww, Xx

## LESSONS 1 AND 2

### OBJECTIVES

- Recognize, read, and write the letter Ww
- Use vocabulary related to this letter and seasons

### LEARNING OUTCOMES

By the end of the lesson, students should be able to:

- recognize, read, and write small and capital letter Ww, and use related vocabulary.
- talk about different seasons.

### RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Flash card letter Ww (Appendix B)

### METHOD

#### Listening and speaking - Introducing the capital and small letter Ww (Page 98)

- Using the flash card of the letter Ww, say, 'W for Waqas, Wasim, Washington, and w for watch, water, and window.' Repeat. Remind students that all given names and names of places begin with a capital letter and the other things begin with a small letter.
- Help students to read the words and brainstorm for other words that begin with w.

#### Writing (Page 99)

- Inform students that they are going to learn to write the letter Ww. Write the letter W, showing the correct movement. Ask students to follow you by tracing in the air with their fingers. Repeat three to four times.
- Next, students complete the work on page 99.

#### Listening, speaking, reading - The winter season (Page 100)

